★★★پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 6 شوال 1446ھ، 5 اپریل 2025ء، 21 چیت 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 154

رمضان المبارک میں گزشتہ سالوں کی نسبت مہنگائی کی شرح بہت کم رہی: مریم نواز

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر قیادت حکومت پنجاب نے ایک اور سنگ میل عبور کرلیا، حکومت نے سہولت بازار میں خریداری پر عوام کو رمضان المبارک میں ایک ارب 11 کروڑ روپے کی شاندار اور بے مثال بچت ہوئی

ڈی سی ریٹس پر خریداری پر 2 ارب 85 کروڑ 30 لاکھ روپے ادا کرنے پڑنے تھے، اوپن مارکیٹ کے تناسب سے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر نگرانی قائم خصوصی سہولت بازار کے سٹال پر عوام کو 31 فیصد ریلیف

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر قیادت حکومت پنجاب نے ایک اور سنگ میل عبور کرلیا۔ حکومت نے سہولت بازار میں خریداری پر عوام کو رمضان المبارک میں ایک ارب 11 کروڑ روپے کی شاندار اور بے مثال بچت ہوئی۔ اوپن مارکیٹ کے تناسب سے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر نگرانی قائم خصوصی سہولت بازار کے سٹال پر عوام کو 31 فیصد ریلیف دیا گیا۔ سہولت بازاروں میں ڈی سی ریٹس کے تناسب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے صوبائی وزیر محنت ملک فیصل ایوب کھوکھر ملاقات کر رہے ہیں

نوازشریف کی صدر پاکستان کبڈی فیڈریشن رانا جمیل کی رہائشگاہ آمد، اہلیہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف نے صدر پاکستان کبڈی فیڈریشن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

لاہور، قاسم والا جنگل میں لگی آگ پر بروقت قابو پا لیا گیا

آگ نامعلوم شخص کی لاپرواہی کے باعث لگی، آئی آر درج کروادی گئی ہے‘ مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) قاسم والا جنگل میں لگی آگ پر بروقت قابو پالیا گیا جس سے ایک بڑا سانحہ ٹل گیا۔ آگ پر قابو پانے میں محکمہ جنگلات، ریسکیو 1122 اور مقامی افراد کی مشترکہ کارروائی نے کلیدی کردار ادا کیا، 100 سے زائد اہلکاروں اور افسران نے ریسکیو مشن میں حصہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

اس میں کوئی شک نہیں کہ پی ٹی آئی جب بھی بات کریگی اسٹیبلشمنٹ سے ہی کریگی: شوکت یوسفزئی

عمران خان نے علی امین گنڈاپور کو بااختیار کیا ہے تاکہ وہ بروقت فیصلہ کریں اور اپنی ٹیم فائنل کریں، عمران خان تک رسائی بہت کم لوگوں کی ہے جو بھی آتا ہے ایک نئی کہانی ہوتی ہے

جے یو آئی کی سوئی ڈی آئی خان پر اٹکی ہوئی ہے، جے یو آئی ہمیشہ علی امین گنڈاپور کے خلاف الیکشن لڑتی ہے، وہاں مفاہمت تو نہیں ہوسکتی، رہنما تحریک انصاف

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شوکت یوسفزئی کا کہنا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ پی ٹی آئی جب بھی بات کریگی اسٹیبلشمنٹ سے ہی کریگی، عمران خان تک رسائی بہت کم لوگوں کی ہے جو بھی آتا ہے ایک نئی کہانی ہوتی ہے، گفتگو کرتے ہوئے رہنما پی ٹی آئی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے علی امین گنڈاپور پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، تمام افواہیں غلط ثابت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

وزیر اعلیٰ کا دکانوں، چھوٹے اداروں میں کام کرنیوالے ورکرز کی رجسٹریشن شروع کرنے کا حکم

وزیر اعلیٰ نے لیبر کے لئے راشن کارڈ پروگرام کا جامع پلان طلب کرلیا، چھوٹے اداروں میں کام کرنے والے ورکرز کو لیبر ڈیپارٹمنٹ میں رجسٹریشن کے بعد گرانٹس اور دیگر مالی فوائد ملیں گے

مریم نواز کا صوبے بھر میں کم از کم اجرت کے فیصلے پر عملدرآمد نہ کرنیوالے اداروں کیخلاف کریک ڈاؤن کا حکم، مقررہ کردہ اجرت کی ادائیگی یقینی بنانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے صوبائی وزیر محنت فیصل ایوب کھوکھر نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ورکرز کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں دکانوں، ورکشاپوں اور چھوٹے اداروں میں کام کرنے والے ورکرز کی رجسٹریشن شروع کرنے کا حکم دیا۔ چھوٹے اداروں میں کام کرنے والے ورکرز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

عوام کو ریلیف ن لیگ کے دور میں ہی ملتا ہے
نواز شریف

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے بجلی کے نرخ میں ریکارڈ کمی پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف کو مبارکباد پیش کی ہے، نواز شریف نے گھریلو اور صنعتی صارفین کے لئے بجلی کے نرخ کم کرنے پر وزیر اعظم کی ٹیم کو بھی سراہا

مسلم لیگ (ن) کے دور میں ہی ہمیشہ عوام کو معاشی ریلیف ملتا ہے، مہنگائی میں مسلسل کمی (ن) لیگ کی ہی بہترین معاشی پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، ملک میں ترقی کی راہیں کھل رہی ہیں، نوجوانوں کو روزگار ملے گا: صدر ن لیگ

لاہور (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے بجلی کے نرخ میں ریکارڈ کمی پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے بیان میں نواز شریف نے گھریلو اور صنعتی صارفین کے لئے بجلی کے نرخ کم کرنے پر وزیر اعظم کی ٹیم کو بھی سراہا اور کہا ہے کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف وزیر اعظم ریلیف پیکیج بارے منعقدہ میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر اعظم کی اعلان کردہ بجلی کی قیمت میں کمی معاشی صورتحال سے مشروط

جب تک ملک کی معاشی صورتحال بہتر رہی یہ ریلیف ملتا رہے گا‘ پاور ڈویژن

لاہور (این این آئی) پاور ڈویژن حکام کے مطابق وزیر اعظم کی اعلان کردہ بجلی کی قیمت میں کمی معاشی صورتحال سے مشروط ہے۔ نیپرا نے بجلی ایک روپے 71 پیسے فی یونٹ سستی کرنے کی حکومتی درخواست پر سماعت مکمل کرلی ہے۔ پاور ڈویژن حکام نے اتھارٹی کو بتایا کہ وزیر اعظم کی جانب سے اعلان کردہ بجلی نرخوں میں کمی ملک کے معاشی حالات سے مشروط ہے۔ جب تک معاشی صورتحال بہتر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

”اپنی چھت، اپنا گھر“ سکیم کے لیے 5 ارب روپے جاری

محکمہ خزانہ پنجاب نے پیف کے سکول ٹیچرز کی تنخواہوں کا بجٹ بھی جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ پنجاب نے ”اپنی چھت، اپنا گھر“ سکیم کے لیے 5 ارب روپے جاری کر دیئے۔ اس کے ساتھ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن (پیف) کے سکول ٹیچرز کی تنخواہوں کے لیے 3 ارب روپے کا بجٹ جاری کیا گیا، یہ بجٹ اگلے تین ماہ کے لیے مختص کیا گیا ہے تاکہ پیف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

نوازشریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کو الگ ادارے کی حیثیت حاصل ہوگی

لاہور (این این آئی) پنجاب کے پہلے سرکاری کینسر ہسپتال نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر، نشانِ امتیاز (ملٹری) کی زیر صدارت 268 ویں کور کمانڈر کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد: وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس میاں ریاض حسین اہم میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

شہید بھٹو ایک عظیم مدبر، جرات مند رہنما تھے
صدر زرداری

شہید بھٹو نے ملک کی خارجہ پالیسی کو ایک آزاد اور خودمختار تشخص دیا، عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدام کرینگے: آصف زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کی برسی پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان کے عظیم رہنما شہید ذوالفقار علی بھٹو کی برسی کے موقع پر ان کی خدمات، جدوجہد اور قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں، شہید بھٹو ایک عظیم مدبر، جرات مند رہنما (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے یو ایس ایمبیسی کی نمائندہ ملاقات کر رہی ہیں

مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا نہ کرنے والا ایم ایس سیدھا گھر جائے گا‘ خواجہ سلمان رفیق

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اچانک علامہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

شریف اللہ صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب تعینات، چارج سنبھال لیا

لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے اعلامیے کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

ہزاروں پاکستانیوں کے پرائیویٹ کوٹے سے حج سے محروم ہونے کا سخت نوٹس

انکوائری کے لیے تین رکنی کمیٹی قائم‘ وزیر اعظم کا تین روز میں ذمہ داروں کا تعین کرنے کا بھی حکم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے رواں سال پرائیویٹ حج کوٹے میں کمی ہونے اور ہزاروں پاکستانیوں کے پرائیویٹ کوٹے سے حج سے محروم ہونے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے فوری انکوائری کا حکم دے دیا اور انکوائری کے لیے تین رکنی کمیٹی قائم کر کے تین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

آذربائیجان کے صدر الہام علیوف رواں ماہ پاکستان کا دورہ کریں گے

موٹروے M-6، M-9 اور پیٹرولیم سیکٹر میں سرمایہ کاری سے متعلق اہم معاہدے متوقع

اسلام آباد (این این آئی) آذربائیجان کے صدر الہام علیوف 26 یا 27 اپریل کو پاکستان کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق آذری صدر کے دورے کے دوران موٹر وے M- (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

بجلی مزید 1.71 روپے فی یونٹ سستی کرنے کی درخواست پر نیپرا میں سماعت

بجلی کی قیمت میں ممکنہ کمی ٹیرف سبسڈی میں اضافے کے ذریعے کی جائے گی، پاور ڈویژن حکام

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں بجلی کی قیمت میں مزید کمی کے لیے حکومت کی درخواست پر نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) میں باقاعدہ سماعت کا آغاز ہو گیا۔ نی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

آئی ایم ایف سے ریلیف ناممکن تھا: خواجہ آصف

نوازشریف کی رہنمائی، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر اور دوست ممالک کی بھرپور مدد شامل حال رہی، ایکس پر پیغام

الیکشن کے بعد پاکستان کو بے شمار مسائل کا سامنا تھا، پی ٹی آئی کی سیاست کا محور پاکستانی عوام نہیں بلکہ اقتدار ہے: وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف سے ریلیف ناممکن تھا، وزیر اعظم شہباز شریف نے ہمت نہ ہاری۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے پیغام میں خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ نواز شریف کی رہنمائی، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر اور دوست ممالک کی بھرپور مدد شامل حال رہی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی سیاست کا محور پاکستانی عوام نہیں بلکہ اقتدار ہے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

بجلی صارفین کیلئے قیمتوں میں کمی کس مہینے سے ہوگی، تاریخ آگئی

مئی کے مہینے کا بل قیمت میں کمی کے ساتھ آئے گا، دو کروڑ صارفین کے بلوں میں تقریباً بجلی کی قیمتوں میں 48 سے 56 فیصد کمی آئی ہے

یہ متوسط طبقے کیلئے بہت بڑی کمی ہے، بجلی ریٹ سے متعلق تمام تفصیلات ایکس (ٹوئیٹر) پر شیئر کریں گے: وفاقی وزیر توانائی

اسلام آباد (یو این پی) بجلی صارفین کیلئے قیمتوں میں کمی کس مہینے سے ہوگی، وفاقی وزیر توانائی نے تاریخ بتا دی، اویس لغاری کا کہنا ہے کہ مئی کے مہینے کا بل قیمت میں کمی کے ساتھ آئے گا، وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ دو کروڑ صارفین کے بلوں میں تقریباً بجلی کی قیمتوں میں 48 سے 56 فیصد کمی آئی ہے۔ گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ یہ متوسط طبقے کیلئے بہت بڑی کمی ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کے اعلان کے بعد اب بجلی کا ریٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

بجلی کے ٹیرف میں کمی اچھا قدم، مزید ریلیف دیا جاسکتا تھا‘ لیاقت بلوچ

معاشی انقلاب کے لیے بجلی، تیل، گیس کی قیمتوں میں کمی لازم ہے، نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعتِ اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ کا کہنا ہے کہ بجلی کے ٹیرف میں کمی اچھا اقدام ہے۔ اپنے ایک بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ بجلی کے ٹیرف میں عوام کو مزید ریلیف دیا جاسکتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ واپڈا کی نج کاری کا اعلان منظور نہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

فیصل آباد میں مصالحوں کو بھی مہنگائی کا تڑکا، خشک مصالحہ جات عوام کی پہنچ سے دور

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں مصالحوں کو بھی مہنگائی کا تڑکا لگ گیا، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

کل تاجر اور صنعتکاروں کے شکریہ کے فون آئے‘ فاروق ستار

ہم نے یہ وعدہ کیا تھا کہ عید کے بعد بجلی کی قیمتوں میں 5 سے 10 روپے کمی آئے گی‘ بیان جاری

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ کل تاجر اور صنعتکاروں کی جانب سے شکریہ کے فون آئے۔ اپنے ایک بیان میں فاروق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

راولپنڈی: پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما شہید ذوالفقار بھٹو کو پھانسی دیئے جانیوالی جگہ پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

نادرا کی شہریوں کو جعلسازوں سے ہوشیار رہنے کی تنبیہ

مکوآنہ (این این آئی) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

حکومت کا 14 اپریل کو پنجابی ثقافت کا دن منانے کا فیصلہ

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد سمیت صوبہ بھر میں 14 اپریل کو پنجابی ثقافت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

COMMISSIONER RAWALPINDI
لاہور: صوبائی پارلیمنٹری سیکرٹری برائے اطلاعات بیرسٹر دانیال چوہدری اعلیٰ سطحی میٹنگ میں بریفنگ دے رہے ہیں

دنیا کے طاقتور ترین پاسپورٹ میں آئرلینڈ نمبر ون، پاکستان کا 195 نمبر

دیگر مضبوط پاسپورٹس میں مالٹا، فن لینڈ، ناروے، نیوزی لینڈ، متحدہ عرب امارات اور آئس لینڈ شامل

نیویارک (این این آئی) پاسپورٹ کی طاقت کا اندازہ لگانے والی نوماڈ کیپیٹلسٹ 2025 کی نئی درجہ بندی میں آئرلینڈ دنیا کے سب سے طاقتور پاسپورٹ کا اعزاز حاصل کرنے میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

ٹیرف لڑائی، پاکستان کا مصالحتی راستہ اختیار کرنے کا فیصلہ

پاکستانی موقف کی وضاحت کیلئے امریکی تجارتی نمائندے سے ملاقات کا فیصلہ کرلیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ٹرمپ انتظامیہ کی تجارتی لڑائی کے جواب میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

کمشنر ڈی جی خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب بھر میں بڑے پراپرٹی ڈیفالٹرز کو گرفتار کر کے ٹیکس ریکوری کا حکم دیدیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں بڑے پراپرٹی ڈیفالٹرز کو گرفتار کر کے ٹیکس ریکوری کا حکم دے دیا گیا۔ ڈائریکٹر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

کچھ لوگ اگر ہمارے ملے ہیں تو اچھی بات ہے، علی محمد خان

پچھلے سال امریکا کے ساتھ ہماری ٹریڈ کا اوور آل حجم 7 ارب ڈالر تھا، خاقان نجیب

اسلام آباد (این این آئی) رہنما تحریک انصاف علی محمد خان کا کہنا ہے کہ کچھ ایشوز کافی عرصے سے آرہے ہیں، کچھ لوگ اگر ہمارے ملے ہیں تو اچھی بات ہے، کل پھر نہیں چھوڑا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

جمہوری وطن پارٹی کے رہنما نواب گہرام بگٹی کو گرفتار کرلیا گیا

نوابزادہ گہرام بگٹی کی گرفتاری کو عدالت میں چیلنج کریں گے‘ نوابزادہ شازین بگٹی کی گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ: جمہوری وطن پارٹی کے رہنما نوابزادہ گہرام بگٹی کو پولیس نے ڈیرہ بگٹی کے بگٹی ہاؤس سے گرفتار کرلیا۔ نوابزادہ گہرام بگٹی نے بلوچستان حکومت کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

اسرائیل کی شامی دارالحکومت کے جنوب میں بمباری

دمشق (این این آئی) اسرائیلی فوج نے جنوبی دمشق کے علاقے قصوی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

جنوبی لبنان میں حزب اللہ کے کارندے کو نشانہ بنایا گیا، اسرائیل

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ اس نے جمعرات کے روز بمباری کر کے حزب اللہ کے ایک کارندے کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

غزہ، ایمبولینس پر بمباری سے 15 طبی کارکنوں کی ہلاکت کی تحقیقات شروع

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے اقوام متحدہ سے وابستہ طبی کارکنوں کی بمباری میں ہلاکت کے تازہ واقعے کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

امریکی ٹیرف، پاکستان کو خطے کے تین، پانچ ممالک کو پاکستان پر مسابقتی برتری حاصل ہوگی

لاہور (این این آئی) امریکہ کی جانب سے ٹیرف عائد کئے جانے کے بعد پاکستان کو خطے کے 3 ممالک جبکہ پانچ ممالک کو پاکستان پر مسابقتی برتری حاصل ہوگی، بھارت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

قائد عوام
ذوالفقار علی بھٹو
اسلام آباد: پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما شہید ذوالفقار بھٹو کی برسی پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

9 مئی مقدمات‘ ملزمان کی ضمانتوں کے خلاف درخواستیں سماعت کیلئے مقرر

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ پنجاب حکومت کی اپیلوں پر سماعت کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) سانحہ 9 مئی سے متعلق مقدمات میں ملزمان کی ضمانتوں کے خلاف درخواستیں سماعت کے لیے مقرر کرلی گئیں۔ سپریم کورٹ نے سانحہ 9 کے ملزمان کی ضمانتیں منسوخ کرنے کے لیے دائر مقدمات سماعت کے لیے مقرر کردیے۔ اس سلسلے میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

پنجاب پولیس کی گاڑیاں بلٹ پروف کردی گئیں: ترجمان پولیس

سرحدی چوکیوں کے اہلکاروں کو خوارجی دہشتگردوں کے حملوں سے محفوظ رکھنے کیلئے وہیکلز کی بلٹ پروفنگ کی گئیں‘ ترجمان

کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کو دہشت گردوں اور شرپسند عناصر کے خلاف چھاپوں کے لیے بھی بلٹ پروف گاڑیاں فراہم کی جارہی ہیں: آئی جی پنجاب

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کی گاڑیوں کی بلٹ پروفنگ کردی گئی۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق سنگل و ڈبل کیبن بلٹ پروف گاڑیاں کچھ کریمنلز کے خلاف اسپیشل آپریشنز کے دوران استعمال کی جائیں گی۔ سرحدی چوکیوں کے اہلکاروں کو خوارجی دہشتگردوں کے حملوں سے محفوظ رکھنے کے لئے پولیس وہیکلز کی بلٹ پروفنگ کی گئی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے مطابق کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کو دہشت گردوں اور شرپسند (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

کراچی: سینئر صوبائی وزیر اطلاعات شرجیل انعام میمن محکمہ ٹرانسپورٹ کے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری سے برطانیہ کے نئے تعینات ڈپٹی ہائی کمشنر لانس گیون ڈوم ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور و دیگر سینئر افسران کا انسپکٹر رینک پر پروموٹ ہونے والے افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

انسپکٹر رینک پر ترقی پانے والے افسران کو رینک لگانے کی تقریب

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پروموٹ ہونے والے 67 افسران کو انسپکٹر عہدے کے رینک لگائے

ترقی پانے والے انسپکٹرز کے والدین، بچوں، اہلخانہ اور عزیز و اقارب نے تقریب میں خصوصی شرکت کی

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر سنٹرل پولیس آفس لاہور میں سب انسپکٹر سے انسپکٹر رینک پر ترقی پانے والے افسران کو رینک لگانے کی تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب میں آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پروموٹ ہونے والے 67 افسران کو انسپکٹر عہدے کے رینک لگائے۔ ترقی پانے والے انسپکٹرز کے والدین، بچوں، اہلخانہ اور عزیز و اقارب نے تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور دیگر سینئر پولیس افسران نے ترقی پانے والے انسپکٹرز اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد دی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ ڈی ایس پی طارق کمبوہ شہید کا بیٹا بھی انسپکٹر رینک پر ترقی پانے والوں میں شامل ہے یاد رہے سی پی او کا مخصوص بلاک بھی طارق کمبوہ شہید کے نام سے منسوب ہے۔ سابق ڈی ایس پی عمر ورک کی تقریب میں خصوصی شرکت اور بھتیجے کو انسپکٹر عہدے کے رینک لگائے۔ تقریب میں لاہور کے 31، فیصل آباد 19، گوجرانوالہ 10 اور شیخوپورہ کے 07 افسران کو پروموشن رینک لگائے گئے۔ اس موقع پر پروموٹ ہونے والے افسران سے خطاب کرتے ہوئے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ گذشتہ سوا دو سال میں 1533 سب انسپکٹرز کو انسپکٹرز کے عہدے پر ترقی دی گئی۔ اگلے مراحل میں 257 ہیڈ کانسٹیبلز کو اے ایس آئیز، 449 کو انسپکٹر اور 29 کو ڈی ایس پی جبکہ 06 افسران کو ایس پی کے عہدے پر ترقی دی جائیگی۔ رواں سال مختلف رینک پر مجموعی طور پر 4500 کے قریب پروموشنز ہوں گی۔ آئی جی پنجاب نے افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ پروموشنز اور ویلفیئر کے جواب میں شہریوں کی بے لوث خدمت اور بے خوف حفاظت کریں۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ بھرتیوں، پروموشنز، پوسٹنگز میں شفافیت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا استعمال یقینی بنایا گیا ہے۔ سکیورٹی، لا اینڈ آرڈر، دہشت گردی اور مذہبی منافرت پر قابو پانا پولیس کو درپیش اہم ترین چیلنجز ہیں۔ پنجاب پولیس سرحدی چیک پوسٹوں پر دہشت گردوں، کچہ ایریا میں ڈاکوؤں کے سامنے سیسہ پلائی دیوار ہے۔ جدید ٹیکنالوجی، ایڈوانس انفارمیشن کا استعمال، بہترین سروس ڈیلیوری اور انصاف کی فراہمی یقینی بنائیں۔ ایڈیشنل آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس عمران ارشاد، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ون سلیمان سلطان رانا، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز ڈاکٹر محمد عابد خان، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو کیپٹن ریٹائرڈ لیاقت علی ملک اور اے آئی جی ویلفیئر عبدالرحیم شیرازی سمیت سینئر افسران تقریب میں موجود تھے۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور و دیگر سینئر افسران کا انسپکٹر رینک پر پروموٹ ہونے والے افسران کو رینک لگا رہے ہیں

کپتان ظفر جنرل سیکرٹری انجمن تاجران علامہ اقبال روڈ گورنمنٹ سٹینڈرڈ چلڈرن پرائمری سکول مصطفیٰ آباد لاہور میں سالانہ امتحانات میں کامیاب ہونے والے بچوں کو انعامات تقسیم کرتے ہوئے

اپریل بچوں کی انرولمنٹ کا مہینہ ہے: ریاض احمد تارڑ

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) متحدہ محاذ اساتذہ کے ضلعی چیئرمین ریاض احمد تارڑ نے کہا ہے کہ اپریل بچوں کی انرولمنٹ کا مہینہ ہے۔ اپریل میں پنجاب حکومت اور منسٹر ایجوکیشن جناب رانا سکندر صاحب کا سپورٹس گالا کا پروگرام منعقد کرانا حیران کن ہے۔ لاکھوں بچے سکولز سے باہر ہیں۔ انرولمنٹ متاثر ہوگا۔ انرولمنٹ کا ٹارگٹ پورا کرنا پنجاب حکومت کے لئے ایک چیلنج ہے۔ اپریل میں صرف انرولمنٹ ہی اساتذہ اور حکومت کا فوکس ہونا چاہئے۔ چنانچہ اس سپورٹس گالا پروگرام کو گرمیوں کی چھٹیوں کے بعد طے کیا جائے اپریل سکولز کے انرولمنٹ کا مہینہ ہے۔ سکولوں میں داخلہ متاثر ہوتا ہے۔ پہلے ہی بوجہ پالیسی میکرز سرکاری سکولوں میں بچوں اور والدین کا اعتماد نہیں رہا۔ میری وزیر اعلیٰ مریم نواز سے التجا ہے کہ سپورٹس گالا پروگرام اپریل میں نہ کیا جائے۔

چوہدری عبدالجبار گجر کا مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کے جائزہ کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال سٹی کا وزٹ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر کا مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کے جائزہ کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال سٹی کا وزٹ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی ہسپتال انتظامیہ کو مریضوں کی تشخیص اور کوالٹی سروسز کی فراہمی بارے ہدایات جاری کیں، انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز میں مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات بارے دریافت کرتے ہوئے ہسپتال میں ادویات کے سٹاک اور میڈیکل ریکارڈ کی چیکنگ کی اور مددگار کاؤنٹر پر عملہ کی حاضری چیک کی۔

ڈائریکٹر تعلقات عامہ یو ای ٹی ڈاکٹر تنویر قاسم وائس چانسلر ایگری کلچر یونیورسٹی فیصل آباد جناب پروفیسر ڈاکٹر راؤ ذوالفقار علی کو وائس چانسلر کا منصب سنبھالنے پر گلدستہ پیش کر رہے ہیں

شریف اللہ صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب تعینات

صوبائی الیکشن کمشنر نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا

لاہور (خبر نگار) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے اعلامیے کے مطابق شریف اللہ صاحب کو بطور صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب تعینات کر دیا گیا ہے، انہوں نے دفتر صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب، لاہور میں اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے، دفتر صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب کے افسران و اسٹاف نے صوبائی الیکشن کمشنر کا استقبال کیا اور انہیں تمام تر دفتری امور کی احسن طریقے سے انجام دہی میں بطور ٹیم اپنے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ واضح رہے کہ شریف اللہ اس سے پہلے صوبائی الیکشن کمشنر سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور الیکشن کمیشن سیکریٹریٹ اسلام آباد میں دیگر اہم پوسٹوں پر بھی تعینات رہ چکے ہیں۔

محکمہ گیپکو حافظ آباد نے صارف کو مبینہ طور پر بل بجلی لیٹ بھیج کر عدم ادائیگی پر میٹر کاٹ لیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ گیپکو حافظ آباد نے صارف کو مبینہ طور پر بل بجلی لیٹ بھیج کر عدم ادائیگی پر میٹر کاٹ لیا جس پر صارف نے گیپکو کی چیرہ دستیوں پر وفاقی محتسب کو تحریری درخواست دے دی۔ کلیانوانہ کے رہائشی محمد صدیق ولد محمد مہر رحمانی نے اپنی درخواست میں موقف اختیار کیا کہ اسے گیپکو کی جانب سے 15 مارچ کو فیکٹری پاور لومز کا بل بھیجا گیا جو اس نے مورخہ 17 مارچ 2025 کو ادا کر دیا۔ اس کے بعد واپڈہ کے آفس سے کال آئی کی آپ کے ذمہ مبلغ 312446 بل بجلی اور بھی ہے جس پر اس نے واپڈہ کے آفس سے رابطہ کر کے انہیں متعلقہ بل دینے کو کہا تو وہ لیت ولعل سے کام لیتے رہے اور انہوں نے بل نہ دیا اور اسے بل کے بغیر واپس گھر بھیج دیا۔ بعد ازاں اسے آفس سے کال آئی کہ اگر تم نے آج کی تاریخ میں مبلغ 312446/- اور رقم مبلغ تیس ہزار جرمانہ ہمیں ادا نہ کیا تو آپ کا میٹر کاٹ لیا جائے گا۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ کی ملاقات

آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق، غازی انسپکٹرز منیر احمد خان، مدثر خان، اطہر عزیز کی پروموشن کی درخواستوں پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو ریلیف فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ اسی طرح انسپکٹرز سید اسد بخاری، تجمل حسین، انسپکٹرز علی آصف اور زبیر اخلاق کی پروموشن کی درخواستوں پر بھی ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو ریلیف کی ہدایت کی۔ کانسٹیبل عبدالمالک کی ٹرانسفر کی درخواست پر ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو کو ریلیف کے لیے احکامات جاری کیے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ڈسپلن، ایڈمن، پروموشن اور ویلفیئر سے متعلقہ دیگر درخواستوں پر بھی احکامات جاری کیے۔

لاہور: حضرت بابا خورشید شاہ ولی (المعروف بابا مصطفےٰ) کے سالانہ عرس کی افتتاحی تقریب پر سابق ایم این اے الحاج شیخ روحیل اصغر، ایم پی اے شعیب صدیقی، میاں خضران و دیگر چادر پوشی کے بعد اجتماعی دعا کر رہے ہیں

اہلسنت دہشت گردی اور انتہاء پسندی کے خاتمے کے لئے پاک فوج کے ساتھ ہیں: بیرسٹر سید عتیق الرحمان

اہلسنت شدت پسندی اور تشدد پر یقین نہیں رکھتے: پاکستان کی نظریاتی اساس کو ختم کرنے کی سازشیں ناکام ہوں گئیں

لاہور (سٹی رپورٹر) اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن بیرسٹر سید عتیق الرحمان نے کہا ہے کہ اہلسنت دہشت گردی اور انتہاء پسندی کے خاتمے کے لئے پاک فوج کے ساتھ ہیں۔ ملک کو انتشار نہیں اتحاد کی ضرورت ہے۔ اہلسنت کی پاکستان سے وفاداری کسی شک و شبہ سے بالاتر ہے۔ غیر معمولی حالات میں غیر روایتی اور غیر معمولی فیصلے کرنا ہونگے۔ پاکستان کی محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔ اہلسنت پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کی محافظ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد خوشبوئے کرم میں جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ بیرسٹر سید عتیق الرحمان نے کہا اسلام کو دیس نکالا دینے کی سازشیں کرنے والے ناکام و نامراد ہونگے۔ اہلسنت شدت پسندی اور تشدد پر یقین نہیں رکھتے۔ پاکستان کی نظریاتی اساس کو ختم کرنے کی سازشیں ناکام ہوں گئیں۔

جہلم عید الفطر اپنے پیاروں کے ساتھ منانے کے بعد پردیسیوں کی آبائی علاقوں سے واپسی کا سلسلہ شروع ہوگیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم عید الفطر اپنے پیاروں کے ساتھ منانے کے بعد پردیسیوں کی آبائی علاقوں سے واپسی کا سلسلہ شروع ہوگیا جس کے باعث بس اڈوں ریلوے اسٹیشن پر مسافروں کا رش بڑھ گیا۔ مختلف شہروں سے پردیسی اپنے پیاروں کو چھوڑنے کا غم اور اداس چہروں کے ساتھ واپس جہلم پہنچ رہے ہیں، اپنے پیاروں کے ساتھ عید کی چھٹیاں گزارنے کے بعد لوگوں کی بڑی تعداد نے حصول روزگار جہلم کا رخ کر لیا ہے۔ پردیسیوں کی واپسی کے باعث شہر کے لاری اڈہ اور ریلوے سٹیشن پر بھی رش دیکھنے میں آیا پردیسیوں کا کہنا ہے کہ عید کی چھٹیاں گزرنے کا پتا ہی نہیں چلا، روزی کی خاطر اپنے پیاروں سے دور انا انتہائی مشکل کام ہے مگر عید پر اپنے کے ساتھ خوب لطف اٹھایا، اب ایک بار پھر کام کرنے کا وقت ہے۔

حکومت پنجاب کے احکامات کی خلاف ورزی پر ضلعی انتظامیہ کی خطرناک مکینیکل جھولے لگانے والے افراد کے خلاف آپریشن

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) حکومت پنجاب کے احکامات کی خلاف ورزی پر ضلعی انتظامیہ کی خطرناک مکینیکل جھولے لگانے والے افراد کے خلاف آپریشن، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز کی شیخو شریف میں سخت کاروائی، جھولوں کی تنصیب کرنے والے کنٹریکٹر کو موقع پر گرفتار کر لیا گیا، جھولوں کے سامان کو قبضہ میں لیتے ہوئے ملزمان کے خلاف تھانہ بنگلہ گوگیرہ میں مقدمہ درج کر لیا گیا، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا ہے کہ عوام کو جان لیوا حادثات سے بچاؤ کے لیےحکومت پنجاب کی جانب سے خطرناک جھولوں کے استعمال پر مکمل پابندی عائد ہے، حکومت پنجاب کے احکامات کے برخلاف مکینیکل جھولے لگا کر عوامی جانوں کو خطرہ میں ڈالنے والوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی۔

پاکستان انرجی پرائیویٹ لمیٹڈ

ہمارے ہاں 11.8 کلوگرام ایل پی جی سلنڈر کیم اپریل 2025 کیلئے کنزیومر پرائس 2931 روپے ہوگی

اس نرخ کا اطلاق پاکستان کے تمام شہروں کیلئے ہے

پاکپتن انرجی پرائیویٹ لمیٹڈ کو ریٹیل نیٹ ورک کے لئے پاکپتن، بنگہ حیات، حویلی لکھا، دیپالپور، حجرہ شاہ مقیم اور عارفوالا میں مالی طور پر پارٹیاں درکار ہیں

ڈسٹری بیوٹرز حضرات سے گزارش ہے کہ کنزیومر پرائس سے تجاوز نہ کریں

پاکپتن پرائیویٹ لمیٹڈ 17 ایس پی دیپالپور روڈ پاکپتن شریف۔

اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ

ہمارے ہاں 11.8 کلوگرام ایل پی جی سلنڈر کیم اپریل 2025 کیلئے کنزیومر پرائس 2931 روپے ہوگی

اس نرخ کا اطلاق پاکستان کے تمام شہروں کیلئے ہے

اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ کو ریٹیل نیٹ ورک کیلئے بہاولنگر، چشتیاں، منچن آباد اور عارفوالا میں مالی طور پر پارٹیاں درکار ہیں

ڈسٹری بیوٹرز حضرات سے گزارش ہے کہ کنزیومر پرائس سے تجاوز نہ کریں

اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ مین جی ٹی روڈ 9 کلومیٹر عارفوالا روڈ تو گیرہ شریف روڈ بہاولنگر

چین کے جنوب گوانگ شی ژوانگ خودمختار علاقے کی فضا روایتی چینی تہوار

ظفروال کے چھوٹے سے قصبے سے تعلق رکھنے والے 22 سالہ پاکستانی طالب علم محمد عمر رفیق کے لئے یہ ایک شاندار ثقافتی تجربہ تھا

نان ننگ (شنہوا) چین کے جنوب گوانگ شی ژوانگ خودمختار علاقے کی فضا روایتی چینی تہوار "سان یوئے سان" کے دوران سریلے گانوں اور بھرپور علاقائی روایات سے لبریز ہے۔ ظفروال کے چھوٹے سے قصبے سے تعلق رکھنے والے 22 سالہ پاکستانی طالب علم محمد عمر رفیق کے لئے یہ ایک شاندار ثقافتی تجربہ تھا۔ سان یوئے سان، جو چینی قمری کیلنڈر کے تیسرے مہینے کا تیسرا دن کو منایا گیا ہے، رواں سال 31 مارچ کو آیا۔ گوانگ شی ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ آف انڈسٹری میں ایک سال تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد انہوں نے اس سال کے "سان یوئے سان" تہوار میں حصہ لیا۔ مختلف علاقائی گروہوں کے ہم جماعتوں کے ساتھ گانے گائے، روایتی پکوانوں کے ذائقے چکھے اور مخصوص ژوانگ علاقائی لوک کھیلوں میں شرکت کی۔ پرمسرت تہواروں کے درمیان انہوں نے گوانگ شی کی علاقائی ثقافتوں کے تنوع اور کھلے پن کا تجربہ کیا اور روایتی چینی ثقافت کے بارے میں تفصیل سے جانا۔ اس سرزمین پر قدم رکھنے کے بعد انہوں نے ایک ایسی ثقافت دریافت کی جو نہ صرف مالا مال اور متنوع ہے بلکہ روزمرہ کی زندگی میں بھی سرایت کرتی ہے۔ عمر نے کہا کہ میرے آبائی شہر میں تہوار عام طور پر عید الفطر اور عید الاضحیٰ جیسے مذہبی تقریبات کے ارد گرد مرکوز ہوتے ہیں، جہاں لوگ رسم و رواج کے مطابق نماز پڑھتے ہیں اور کھانے کے لئے جمع ہوتے ہیں۔ گوانگ شی میں سان یوئے سان ایک ایسا تہوار ہے جس سے سبھی لطف اندوز ہوتے ہیں۔ کیمپس میں ایک اوپن ایئر سٹیج قائم کیا گیا تھا اور ہم بین الاقوامی طلبہ نے چینی طلبہ کے ساتھ مل کر مظاہرہ کیا۔ ماحول پر جوش تھا اور ہر کوئی جشن میں مکمل طور پر محو تھا۔ علاقائی پکوان گوانگ شی کے سان یوئے سان کی تقریبات کا ایک لازمی حصہ ہیں۔ کیمپس کی تقریب کے دوران عمر کو 5 رنگوں کے چپچپے چاول کھانے کا موقع ملا، جو جامنی پتوں، سرخ نیلی گھاس اور ہلدی جیسے قدرتی اجزا سے رنگا ہوا ایک روایتی پکوان ہے، جو خوش قسمتی اور فصل کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی کھانوں میں گرلڈ گوشت، نان اور کری کا غلبہ ہے، جس میں شاندار ذائقے شامل ہیں۔ دوسری طرف گوانگ شی کے چاول رنگین، نباتاتی خوشبوؤں کے ساتھ ہلکے خوشبودار نرم اور چپچپے ہوتے ہیں اور ہر ایک کا اپنا منفرد ذائقہ ہے۔ کھانے کے علاوہ عمر نے بانس کے کھمبے سے چھلانگ لگانے کے روایتی ژوانگ کھیل میں بھی حصہ لیا۔ تیزی سے حرکت کرنے والے بانس کے کھمبوں سے گزرنے کے لئے تیز رفتاری اور تال کی ضرورت ہوتی ہے جو ایک چیلنج اور تفریح کا ذریعہ دونوں پیش کرتا ہے۔ عمر نے کہا کہ پہلے تو میں گھبرایا ہوا تھا اور غلط وقت پر کھمبوں پر قدم رکھتا رہا لیکن میرے ہم جماعت میری حوصلہ افزائی کرتے رہے، مجھے سکھاتے رہے کہ اپنے قدموں کو کس طرح ایڈجسٹ کرنا ہے۔ آہستہ آہستہ مجھے اپنی تال مل گئی اور موسیقی کے ساتھ چھلانگ بھی لگا سکتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس کھیل میں شرکت پر میرے گوانگ شی کے دوستوں نے میری حوصلہ افزائی کی اور ژوانگ ثقافت کی تعریف کی۔ ثقافت صرف زندگی کا ایک طریقہ نہیں ہے۔

Bondia Sanyuesan!
kumusta Sanyuesan!
国企佳酿
臻品好酒
西江乳业

شاد باغ کے علاقہ میں 19 سالہ نوجوان سلیم کے قتل کا معمہ حل

ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے اس واقع کا نوٹس لیا تھا ایس پی سٹی انویسٹی گیشن منزہ کرامت کی سربراہی میں ملزمان کی گرفتاری کے لیے ٹیم تشکیل دی گئی تھی

لاہور (خالد صمدانی سے) انویسٹی گیشن پولیس نے شاد باغ کے علاقہ میں 19 سالہ نوجوان سلیم کے قتل کا معمہ حل دوست ہی قاتل نکلے تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے اس واقع کا نوٹس لیا تھا ایس پی سٹی انویسٹی گیشن منزہ کرامت کی سربراہی میں ملزمان کی گرفتاری کے لیے ٹیم تشکیل دی گئی تھی انچارج انویسٹی گیشن تھانہ شاد باغ محمد صدیق نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا گرفتار ملزمان میں مقتول کا دوست منیب اور امیر حمزہ شامل بچے کی والدہ نے اپنے بیٹے کے اغواء کا مقدمہ تھانہ شاد باغ درج کروایا تھا، انچارج انویسٹی گیشن شاد باغملزمان مقتول کو گھر سے بی آر بی نہر میں نہانے کے لیے لیکر نکلے معمولی تلخ کلامی پر ملزمان نے مقتول سلیم کو گہرے پانی میں دھکا دے دیا ملزمان کی نشاندہی پر مقتول سلیم کی نعش نہر سے برآمد کر لی گئیملزمان کو جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلیجنس کی مدد سے گرفتار کیا گیا ہے ملزمان اب پولیس کی گرفت میں ہیں مضبوط چالان مرتب کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی ایس پی سٹی، منزہ کرامت جرائم پیشہ عناصر سے آہنی ہاتھوں کے ساتھ نمٹا جائے گا، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا، ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید کی طرف سے پولیس ٹیم کے لئے تعریفی اسناد کا اعلان کر دیا ہے۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

محکمانہ ترقی کے عمل کو شفاف بنایا جائیگا: ڈی پی او حافظ آباد

تحریری امتحان میں پاس ہونے والے امیدواران اگلے مرحلے (انٹرویو) کے لیے کوالیفائی ہوں گے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر حافظ آباد عاطف نذیر کی زیرنگرانی محکمانہ ترقی کے عمل کو شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر یقینی بنانے کے لیے لسٹ بی۔ون (B-1) کے تحریری امتحان کا انعقاد کیا گیا۔ یہ امتحان عارف شہید پولیس لائنز حافظ آباد میں منعقد ہوا جس میں 123 کانسٹیبلان و لیڈی کانسٹیبلان نے شرکت کی تحریری امتحان میں پاس ہونے والے امیدواران اگلے مرحلے (انٹرویو) کے لیے کوالیفائی ہوں گے اس موقع پر ڈی پی او حافظ آباد کا کہنا تھا کہ محکمانہ ترقی کا یہ عمل پولیس اہلکاروں کی کارکردگی میں نکھار لانے کے لیے نہایت اہم ہے اور اس سے اہلکاروں کی صلاحیتوں میں بہتری آئے گی۔ امتحان کے دوران تمام تر انتظامات کو شفاف اور منصفانہ رکھنے کے لیے سخت نگرانی کی گئی تا کہ اہلکار اپنی صلاحیتوں کے مطابق ترقی کے مواقع حاصل کرسکیں۔

ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل کے زیراہتمام 208واں ماہانہ فری طبی کیمپ

فری طبی کیمپ کا افتتاح ڈاکٹر انوار مہدی نے اپنے دست مبارک سے کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ ضلع چنیوٹ کے زیراہتمام 208 واں ماہانہ فری طبی کیمپ بمقام اعجاز پلازہ جھمرہ روڈ شاہراہ اقبال نزد ڈیلیم خانہ چنیوٹ میں لگایا گیا کیمپ میں معروف نبض شناس حکیم محمد اکمل مغل گولڈ میڈل لسٹ نے بذریعہ نبض تشخیص کر کے ادویات تجویز کی اور ادارے کی جانب سے ایک ایک ماہ کی ادویات مریضوں کو مفت فراہم کی۔ فری طبی کیمپ کا افتتاح ڈاکٹر انوار مہدی نے اپنے دست مبارک سے کیا۔ فری طبی۔ کیمپ کی معاونت ڈاکٹر خالد یسین، شورش علی آزاد، راجہ ریاض احمد خان، حاجی الطاف حسین ملک سرپرست اعلی غلہ منڈی چنیوٹ، چوہدری شاہد وقار سلارہ، سینئر صحافی شیخ جہانگیر چنیوٹی، اللہ دتہ اے ڈی، ملک ذیشان مغل نے کی۔ کیمپ کی نگرانی کے فرائض ملک شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ ہائی کورٹ وصدر ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ ضلع چنیوٹ نے سرانجام دیے اس موقع پر ملک شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کے موقع پر ادارے کے ساتھ تعاون کرنے والے تمام احباب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید کی میونسپل کمیٹی کے اہلکاروں کے ہمراہ شہر کے متعدد مقامات کی چیکنگ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید کی میونسپل کمیٹی کے اہلکاروں کے ہمراہ شہر کے متعدد مقامات کی چیکنگ، اس موقع پر اینٹی انکروچمنٹ ٹیموں نے تجاوزات کرنے والے دکانداروں کے سامان کو قبضہ میں لے لیا اور دکانیں سیل کر دیں، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید نے کہا کہ تجاوزات کے ذریعے عوامی مشکلات کا باعث بننے والے دکاندار قانون کی خلاف ورزی ہرگز نہ کریں اور اپنی مقررہ حدود تک محدود رہتے ہوئے کاروبار کریں بصورت دیگر پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کی جانب سے بلاامتیاز کارروائیوں کے لیے تیار رہیں۔

بجلی کی قیمتوں میں کمی نے صارفین کے دل جیت لئے: محمد افضل منشاء

عوام مہنگی بجلی سے پس رہے تھے اور انڈسٹری مہنگی بجلی سے بند ہو رہی تھی جس پر وزیر اعظم پاکستان نے بڑا قدم اٹھایا ہے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) چیئرمین مرکزی انجمن تاجران ڈسکہ سٹی صدر مسلم لیگ ن محمد افضل منشاء نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے گھریلو صارفین کے لیے سات روپے سے زائد بجلی کی قیمتوں میں کمی کر کے عوام کے دل جیت لیے ہیں وقت کے ساتھ ساتھ حکومت عوام کو مزید ریلیف بھی دے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ عوام مہنگی بجلی سے پس رہے تھے اور انڈسٹری مہنگی بجلی سے بند ہو رہی تھی جس پر وزیر اعظم پاکستان نے بڑا قدم اٹھایا ہے اور اسکے ثمرات دیر تک پھیلیں گے مسلم لیگ ان کی حکومت نے عوام کو ہمیشہ ریلیف فراہم کیا موجود حکومت جب اقتدار میں آئی تھی تو ملک بیشمار بحرانوں کا شکار تھا لیگی قیادت نے دن رات ایک کر کے ملک کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا محمد افضل منشاء نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت عوام کو سستی اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے مسلم لیگ (ن) کے ہر دور حکومت میں ترقیاتی کام ہوئے اب بھی عوام کی بہتری کیلئے ترقیاتی کاموں کی رفتار تیز ہوگی۔

پرچون سطح پر برائلر مرغی کے گوشت کی گراں فروشی بدستور جاری

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم عید الفطر گزرنے کے باوجود شہر و قرب و جوار میں پرچون سطح پر برائلر مرغی کے گوشت کی گراں فروشی بدستور جاری گزشتہ روز سرکاری نرخ نامے کے مطابق پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 597 روپے فی کلو مقرر تھی لیکن شہر سمیت بیشتر علاقوں میں دکاندار صارفین کو 9 سو گرام برائلر مرغی کا گوشت 700 روپے سے 750 روپے تک فروخت کرتے رہے۔ سرکاری نرخ نامے کے مطابق گزشتہ روز فارمی انڈوں کی قیمت 25 روپے کمی سے 235 روپے فی درجن کے حساب سے فروخت کیے جاتے رہے۔

جہلم عید الفطر کے تین ایام شہر سمیت ضلع بھر میں جشن کا سا سماں رہا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم عید الفطر کے تین ایام شہر سمیت ضلع بھر میں جشن کا سا سماں رہا نوجوان رنگ برنگے کپڑے پہن کر چوک چوراہوں میں ڈیک لگا کر رقص کرتے نظر آئے جبکہ نجی ہاؤسنگ سوسائٹیز کی لائٹس نوجوانوں کی توجہ کا مرکز بنی رہی یہاں تک کہ ٹک ٹاکرز کی لائنیں لگی رہیں جس کی وجہ سے ٹریفک میں بھی خلل پڑا ڈیک لگا کر ناچنے والے کبھی راٹھیاں اور کبھی سرائے عالمگیر نجی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے اندر اور باہر اپنے فن کا مظاہرہ کرتے رہے اسی طرح پارکس میں بھی زبردست رش دیکھنے میں آیا ایڈونچرا پارک جی ٹی روڈ میں بچوں کا بہت زیادہ رش تھا جہاں پر سینکڑوں لوگ جھولوں سے لطف اندوز ہوئے۔

ڈی پی او پاکپتن کی مساجد میں کھلی کچہریاں

درخواست گزاروں کی شکایات سنیں اور ازالے کے لیے احکامات جاری کیے

عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگر سے) ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ نے تھانہ فرید نگر اور تھانہ سٹی پاکپتن کے علاقہ جات کی مساجد میں نماز جمعہ کے وقت کھلی کچہریاں لگائیں درخواست گزاروں کی شکایات سنیں اور ازالے کے لیے احکامات جاری کیے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن انصاف عوام کی دہلیز پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ کی جانب سے پولیس دفاتر و تھانہ جات سے نکل کر مساجد اور چوک چوراہوں پر کھلی کچہریاں لگانے کا سلسلہ جاری، ڈی پی او پاکپتن نے بعد نماز جمعہ مسجد ڈوگراں والی علاقہ تھانہ فرید نگر اور مسجد تحصیلدار والی علاقہ تھانہ سٹی پاکپتن میں کھلی کچہریاں لگائیں۔ کھلی کچہری میں ایس ڈی پی او سٹی سرکل مہر وسیم افضال اور متعلقہ ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری میں آنے والے درخواست گزاروں کی شکایات سنیں اور انکے مسائل کو ٹائم فریم کے اندر حل کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے ڈی پی او نے کھلی کچہری میں مزید گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اوپن ڈور پالیسی کے تحت کھلی کچہریاں لگانے کا مقصد وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن پر عوام الناس کو تھانوں کے باہر انکے ڈور سٹیپ پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، مساجد میں کھلی کچہریاں لگانا اور لوگوں کے مسائل سننا اور انکو حل کرنا ہمارے نبی اور خلفاء راشدین کی سنت ہے، قانون کی طرف سے دیئے گئے اختیارات اور ریاست کی طرف سے دیئے گئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے پاکپتن پولیس جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھے ہوئے ہے ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے پاکپتن پولیس ہمہ وقت کوشاں ہے پاکپتن کو تمام قسم کے جرائم سے پاک کیا جائے گا۔

سیالکوٹ خواجہ سلمان رفیق کا گورنمنٹ علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ

اراکین صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ اور چودھری فیصل اکرام نے ہسپتال میں طبی سہولیات کے معیار کو بہتر بنانے کے حوالے سے جدید آلات کی فراہمی اور ہسپتال کے ٹراما سنٹر سمیت دیگر شعبہ جات میں بہتری کے حوالے سے مسائل کی نشاندہی کی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) خواجہ سلمان رفیق کا اراکین صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ اور چودھری فیصل اکرام کے ہمراہ گورنمنٹ علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ سیالکوٹ۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے گورنمنٹ علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال کے او پی ڈی میں مریضوں سے ملاقات کر کے طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اراکین صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ اور چودھری فیصل اکرام نے ہسپتال میں طبی سہولیات کے معیار کو بہتر بنانے کے حوالے سے جدید آلات کی فراہمی اور ہسپتال کے ٹراما سنٹر سمیت دیگر شعبہ جات میں بہتری کے حوالے سے مسائل کی نشاندہی کی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ٹراما سنٹر کی توسیع وقت کی اہم ضرورت ہے تا کہ ایمرجنسی میں مریضوں کو بروقت طبی امداد دی جا سکے صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ گورنمنٹ سردار بیگم ٹیچنگ ہسپتال کی ری ویمپنگ جلد از جلد مکمل کریں گے اور اس کی سروسز کے بحال ہوتے ہی علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال پر دباؤ کم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ادویات سمیت تمام طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن وسائل مہیا کریں گے اور مریضوں کے علاج معالجے پر سمجھوتا نہیں کیا جائے گا خواجہ سلمان رفیق کا کہنا تھا کہ سرکاری ہسپتالوں کی مسلسل مانیٹرنگ کے باعث حالات میں بہتری آ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز اور ایم ایس حضرات کو وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے ہدایت کی گئی ہے کہ ہسپتالوں میں روزانہ کی بنیاد پر دورے کیے جائیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تمام وارڈز میں ادویات کی فہرستیں اور ڈیوٹی روسٹرز نمایاں طور پر آویزاں ہونے چاہئیں تا کہ مریضوں کو کسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ وزیر صحت نے واضح کیا کہ حکومت سرکاری ہسپتالوں کے حالات بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے اور مریضوں کے علاج و معالجہ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا رہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہسپتالوں کے دورے جاری رہیں گے، جہاں مریضوں سے براہ راست طبی سہولیات پر فیڈ بیک لیا جائے گا اور ان کی شکایات پر موقع پر ہی ایم ایس صاحبان کو ہدایات جاری کی جائیں گی۔

چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کھوکر قابل فخر ہیں: گروپ وارڈن D میاں مبشر

ڈویژن وارڈن 1 کمانڈر محمد اسلام میر و ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد بٹ زبردست آرگنائزر ہیں۔ خواجہ عامر جاوید

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سول ڈیفنس سیالکوٹ گروپ ڈی کی ایک اہم میٹنگ زیر صدارت میاں مبشر محمود گروپ وارڈن ڈی منعقد ہوئی جس میں گروپ وارڈن میاں مبشر و ڈپٹی گروپ وارڈن خواجہ عامر جاوید و پوسٹ وارڈنز و تمام گروپ والنٹیئرز نے شرکت کی۔ میٹنگ کا آغاز تلاوت کلام پاک سے میاں مبشر محمود نے جبکہ نعت شریف پڑھنے کی سعادت عابد علی قادری نے کی۔ میٹنگ میں ڈیوٹی یوم شہادت حضرت علی اور ٹریفک ڈیوٹی کے حوالے سے پوسٹ وارڈنز اور دیگر سول ڈیفنس وارڈنز کو بہترین ڈیوٹی سرانجام دینے پر مبارکباد پیش کی گئی جس میں تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کے دونوں ڈویژنل وارڈنز کمانڈر محمد اسلام میر اور حدید احمد بٹ نے خصوصی شرکت کی۔ دونوں ڈویژنل وارڈنز نے پورے گروپ ڈی کی بہترین پرفارمنس کو سراہا اس موقع پر خصوصی طور پر ٹریفک پولیس کے ہمراہ جنرل ڈیوٹی اور میڈیا کوریج کے حوالے سے ڈپٹی گروپ وارڈن خواجہ عامر جاوید کی بہتر کارکردگی کو سراہا گیا۔ آخر میں دعائے خیر کی گئی اور اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ گروپ ڈی ہر دلعزیز چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ جناب طاہر مجید کھوکر کی ہدایات اور اپنے گروپ وارڈن کی قیادت میں ہمیشہ ایسے ہی مستعدی کیساتھ بھرپور فعال ڈیوٹی سرانجام دے گا۔

جہلم ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کے دفتر میں رینک لگانے کی تقریب کا انعقاد

ضلع جہلم کے 11 پولیس افسران کو اگلے عہدہ پر ترقی دے کر ہیڈ کانسٹیبل کے رینک لگا دیے گئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کے دفتر میں رینک لگانے کی تقریب کا انعقاد، ضلع جہلم کے 11 پولیس افسران کو اگلے عہدہ پر ترقی دے کر ہیڈ کانسٹیبل کے رینک لگا دیے گئے، ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو اور ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹرز نصیر شاہ نے ترقی پانے والے پولیس افسران کو رینک لگائے اور ترقی پانے والے افسران کو مبارکباد دی، ترقی پانے والوں میں 10 کانسٹیبلان اور 01 لیڈی کانسٹیبل شامل ہیں جنہیں ان کے اگلے رینک ہیڈ کانسٹیبل کے عہدہ پر ترقی یاب کیا گیا ہے، ترقی یاب ہونے والوں میں ہیڈ کانسٹیبل حسن رضا، ہیڈ کانسٹیبل فراز اقبال، لیڈی ہیڈ کانسٹیبل مصباح نصیر، ہیڈ کانسٹیبل نصیر منظور، ہیڈ کانسٹیبل محمد اجمل، ہیڈ کانسٹیبل محمد نعیم اقبال، ہیڈ کانسٹیبل محمد توقیر، ہیڈ کانسٹیبل آفتاب رفیق، ہیڈ کانسٹیبل ظہیر احمد، ہیڈ کانسٹیبل وسیم سجاد اور ہیڈ کانسٹیبل محمد شیراز شامل ہیں، تمام ترقی یاب افسران نے محنت اور ایمانداری سے کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا، تمام ترقی پانے والے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا، دعا گو ہوں کہ آپ کے لئے ترقی کا سفر جاری و ساری رہے، مجھے امید ہے کہ آپ سب اپنی ذمہ داریوں کو ایمانداری اور لگن سے سرانجام دیتے ہوئے اپنی بھرپور صلاحیتوں کو شہریوں کی خدمت کے لیے بروئے کار لائیں گے،

گورنمنٹ ایم سی اسلامیہ ہائیر سیکنڈری اسکول جہلم میں سالانہ تقسیم انعامات کی پروقار تقریب منعقد کی گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ ایم سی اسلامیہ ہائیر سیکنڈری اسکول جہلم میں سالانہ تقسیم انعامات کی پروقار تقریب منعقد کی گئی جس میں بطور مہمان خصوصی صوبائی مشیر صحت پنجاب میجر جنرل (ر) ڈاکٹر اظہر محمود کیانی نے شرکت کی۔ سکول کے پرنسپل، فیکلٹی ممبران اور طلبہ نے سکول پہنچنے پر معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا جنرل (ر) ڈاکٹر اظہر کیانی نے پوزیشن ہولڈرز طلبہ اور اساتذہ میں انعامات و شیلڈز تقسیم کیں اور انکی کارکردگی کو سراہا مشیر برائے صحت نے کہا کہ یہ دور سائنس اور ٹیکنالوجی کے علم کا ہے جس کے بغیر ترقی نہیں ہوسکتی ہے اور نہ ہی کسی کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے، کامیاب ہونے والے بچوں کو مبارکباد دیتے ہوئے ڈاکٹر اظہر کیانی نے کہا کہ آپ سب قوم کا مستقبل ہیں اس لیے محنت اور لگن سے تعلیم حاصل کریں۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب کی زیر صدارت ریونیو افسران کا اجلاس

اجلاس میں تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز سمیت ریونیو افسران نے شرکت کی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب کی زیر صدارت ریونیو افسران کا اجلاس، اجلاس میں تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز سمیت ریونیو افسران نے شرکت کی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق سرکاری واجبات کی وصولی ریونیو افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے جس کے حصول کے لیے تمام افسران دیے گئے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے محنت سے کام کریں تا کہ ان تمام سرکاری واجبات کی وصولی کو بروقت یقینی بنایا جاسکے، انہوں نے کہا کہ آبیانہ، مالیانہ، زرعی انکم ٹیکس سمیت مختلف کھاتہ جات میں سرکاری واجبات کی وصولی کو جلد از جلد ممکن بنایا جائے اور حکومت پنجاب کی ذمہ داری کو پورا کیا جائے اور اس سلسلہ میں کسی قسم کی کوتاہی سے ہرگز کام نہ لیا جائے۔

ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑہ کی زیر قیادت آپریشن انکروچمنٹ

سیالکوٹ ناجائز تجاوزات سے پاک کرینگے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو

سیالکوٹ (قوت بیورو عامر جاوید) میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ کی جانب سے گورنمنٹ سردار بیگم چوک تا چوک مہراں تک تحصیل بازار، بازار بڈھن شاہ اور دو مساجد والے گلے میں ہر قسم کی مستقل و عارضی تجاوزات سے پاک کر دیا گیا، درجنوں دکانوں کے تھڑے اور باہر نکلے ہوئے شیڈ اور سائبان بھی ہٹا دی گئیں۔ شہریوں کا تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن کا خیر مقدم۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال سنگھیڑا نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق میونسپل کارپوریشن تجاوزات کے خاتمے کیلئے بھرپور کارروائیاں کر رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ آج کی گئی کارروائی میں تحصیل بازار کو تجاوزات سے پاک کیا گیا ہے دوسرے مرحلے میں ایک سائز کے سائن بورڈ لگائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف جاری مہم مسلسل آگے بڑھ رہی ہے اور وارننگ کے باوجود اپنی تجاوزات نہ ہٹانے پر تجاوز کنندہ کے خلاف مقدمات بھی درج کروائیں جائیں گے اور بھاری جرمانے بھی کرنے کے علاوہ سامان بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا۔

چچلی پور سکول میں پوزیشن ہولڈرز کے اعزاز میں شاندار تقریب

طلباء و اساتذہ میں انعامات تقسیم۔ پرنسپل ظہیر عباس بھٹی کا تعلیمی ترقی کے عزم کا اظہار



دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ) چچلی پور سکول میں پوزیشن ہولڈرز کے اعزاز میں شاندار تقریب، طلباء و اساتذہ میں انعامات تقسیم۔ پرنسپل ظہیر عباس بھٹی کا تعلیمی ترقی کے عزم کا اظہار، مہمانان گرامی کا طلباء کی محنت کو سراہنے کا عزم دیپالپور کے چچلی سکول میں پرنسپل ظہیر عباس بھٹی کی زیر نگرانی پوزیشن ہولڈر طلباء کے اعزاز میں تقریب تقسیم انعامات منعقد کی گئی، جس کے مہمان خصوصی میاں علی حسن بودلہ، میاں احمد حسن بودلہ، میاں محمود الحسن بودلہ، ملک سلیم حیدر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لٹریسی رب نواز طاقب، ڈی ڈی او محمد عباس، چوہدری منور حسین، حاجی اعجاز احمد، رضوان خاں، چوہدری آصف اقبال ارائیں، حافظ جمشید اشرف، مظہر علی بھٹی، محمد ایوب خاور اور چوہدری نیاز احمد سہو تھے، جنہوں نے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کو شیلڈز اور تعریفی اسناد سے نوازا جبکہ بہترین تعلیمی کارکردگی پر اساتذہ کو بھی تعریفی سرٹیفکیٹس دیے گئے۔ اس موقع پر پرنسپل ظہیر عباس بھٹی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چچلی سکول کی کامیابی طلباء، اساتذہ اور والدین کی مشترکہ محنت کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے تعلیم کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ایک مضبوط تعلیمی نظام ہی قوم کی ترقی کا ضامن ہوتا ہے، طلباء کو نصیحت کی کہ وہ محنت، لگن اور دیانتداری کو اپنا شعار بنائیں تا کہ وہ مستقبل میں کامیابی کی منازل طے کرسکیں، جبکہ سکول انتظامیہ تعلیمی معیار کو مزید بلند کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے اور آئندہ بھی طلباء کو بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے کوشاں رہے گی۔

پانی کے ضیاع کو روکنے پر توجہ نہ دی گئی تو ہم خشک سالی کی طرف چلے جائیں گے: کنور کتب الدین

پانی کے ضیاع کو روکنے کیلئے حکومت کو ہنگامی طور پر آگاہی مہم شروع کرنا چاہیے: آل راجپوت انٹرنیشنل ایسوسی ایشن

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) تیسری جنگ عظیم پانی پر ہوگی اگر پانی کے ضیاع کو روکنے پر توجہ نہ دی گئی تو ہم خشک سالی کی طرف چلے جائیں گے۔ خشک سالی کے سامنے ایٹم بم بھی دھرے کے دھرے رہ جاتے ہیں۔ آریا ایک بین الاقوامی تنظیم ہے جو کہ پاکستان سمیت 54 ممالک میں کام کر رہی ہے۔ 5 اپریل کو کلچرڈ ڈے منایا جائیگا۔ آریا کا ہر ممبر کم از کم پانچ پودے ضرور لگائے گا۔ پانی کے ضیاع کو روکنے کیلئے حکومت کو ہنگامی طور پر آگاہی مہم شروع کرنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین آل راجپوت انٹرنیشنل ایسوسی ایشن کنور کتب الدین بحضور دلشاد سابق سیکرٹری الیکشن کمیشن، کامران افضل، رانا شاہد اکرم خاں جنرل سیکرٹری فیصل آباد ڈویژن آریا، رانا کلیم اللہ خان، نوازش علی خان، شاہد فاروق، رانا ریاست علی خان، رانا نوید اختر، امتثال ارشد، رانا منیر خان، رانا محمد خان، رانا نوید اختر سیٹھی، راجہ ثاقب و دیگر نے پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ آریا واحد جماعت ہے جس کا اپنا جھنڈا ہے، کلچرڈے ہے اور یہ پاکستان سمیت 54 ممالک میں فعال ہے۔ ہر سال کی طرح امسال بھی پانچ اپریل کو کلچرڈ ڈے منایا جائیگا لیکن اس دفعہ ہمارا تھیم مختلف ہوگا راجپوت برادری نے قیام پاکستان سے لیکر استحکام پاکستان میں اپنا اہم کردار ادا کیا بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح اور پاکستان کو ایٹمی پاور بنانے ڈاکٹر عبدالقدیر خان بھی راجپوت گھرانے سے تعلق رکھتے تھے۔ راجپوت برادری کا ایک اور اعزاز بھی ہے کہ افواج پاکستان کے 11 میں سے 9 نشان حیدر راجپوت برادری کے سپوتوں کے پاس ہیں۔ اس سال ہم پانی کے ضیاع کو روکنے اور شجر کاری کو فروغ دینے پر کام کریں گے۔ کیونکہ جہاں پاکستان کو فرقہ وارانہ فسادات، صوبائیت سمیت دیگر چیلنجز کا سامنا ہے وہیں پر پانی کی قلت میں بھی شدت آرہی ہے۔ اور اگر اس پر توجہ نہ دی گئی تو ہم خشک سالی کی طرف چلے جائیں گے جو کہ ایک گھمبیر صورتحال ہے جس کے سامنے ایٹم بم بھی دھرے رہ جاتے ہیں۔ تیسری جنگ عظیم پانی پر ہونے کا خدشہ ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ ہنگامی طور پر ڈیم بنایا جائے اور سمندری پانی کو استعمال کے قابل بنانے کیلئے اس پر پلانٹس لگائے جائیں دنیا بھر میں سمندری پانی استعمال کیا جاتا ہے۔ پانی کی قلت کو روکنے کیلئے بجٹ مختص کیا جائے کنویں کھودے جائیں تا کہ بارش کا پانی بھی ذخیرہ کیا جاسکے۔ پانی کے ضیاع کی روک تھام کیلئے حکومت کو فوری طور پر آگاہی مہم کا آغاز کرنا چاہیے۔ ٹی وی چینل اور سوشل میڈیا کمپین کے ذریعے بھی لوگوں کو شعور دیا جائے۔ پاکستان بچانا ہے تو پانی بچایا جائے۔ اسی طرح ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے کیلئے شجر کاری کو فروغ دینے پر زور دینا ہوگا۔ حکومت کو چاہیے کہ جنگلات کی کٹائی پر سخت سزا کا تعین کیا جائے۔ آریا کا ہر ممبر اس سال کم از کم پانچ پودے ضرور لگائے گا۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب کی زیر صدارت تعلیمی اداروں کے نمائندوں کا اجلاس

اجلاس میں سی ای او ایجوکیشن محمد یوسف، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز شیر باز، اسسٹنٹ رجسٹرار یونیورسٹی آف اوکاڑہ محمد ذیشان، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد اشفاق بھی موجود تھے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب کی زیر صدارت تعلیمی اداروں کے نمائندوں کا اجلاس، اجلاس میں سی ای او ایجوکیشن محمد یوسف، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز شیر باز، اسسٹنٹ رجسٹرار یونیورسٹی آف اوکاڑہ محمد ذیشان، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد اشفاق بھی موجود تھے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب نے کہا ہے کہ نوجوان نسل میں منفی رجحانات کے خاتمے اور مثبت رویوں کو فروغ دینے کی اہم ذمہ داری متعلقہ محکموں کے فرائض میں شامل ہے، سکول، کالجز اور یونیورسٹی میں سوشل میڈیا اور نئی ٹیکنالوجی کے مثبت استعمال کی ترقی و ترویج کی بھاری ذمہ داری ان تعلیمی اداروں کی انتظامیہ پر عائد ہوتی ہے، اس مقصد کے حصول کے لیے ان اداروں کے سربراہان، اساتذہ اور لیکچرار تعلیمی اداروں میں باقاعدگی سے حکومت پنجاب کے اہم اقدامات سے واقفیت، طالب علموں میں حب الوطنی اور احساس ذمہ داری پیدا کرنے، منفی رجحانات کے خاتمے اور ٹیکنالوجی، آرٹس و کھیلوں کی مثبت سرگرمیوں کو پروان چڑھانے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں اور اس سلسلہ میں منظم انداز میں شیڈول تیار کر کے ان کے مطابق پروگرامز کا انعقاد کروایا جائے اور اس سلسلہ میں نوجوان نسل کو موثر آگاہی بھی فراہم کی جائے۔

سابق وزیر اعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو کی 46 ویں برسی کے سلسلہ میں خصوصی تقریب

تقریب میں سابق صدر بار، ضلعی صدر پی پی پی وومین ونگ خالدہ شاہد ایڈووکیٹ، سینئر قانون دان چودھری سلیم تارڑ ایڈووکیٹ نے شرکت کی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) سابق وزیر اعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو کی 46 ویں برسی کے سلسلہ میں خصوصی تقریب زیر صدارت سابق صدر ڈسٹرکٹ بار محمد ارشد مہند ایڈووکیٹ ڈسٹرکٹ بار حافظ آباد میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں سابق صدر بار، ضلعی صدر پی پی پی وومین ونگ خالدہ شاہد ایڈووکیٹ، سینئر قانون دان چوہدری سلیم تارڑ ایڈووکیٹ، میڈم مہوش ایڈووکیٹ، محمد منشاء ایڈووکیٹ، شہزاد قمر چٹھہ ایڈووکیٹ، عرفان بشیر ایڈووکیٹ سمیت وکلاء کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے محمد ارشد مہند ایڈووکیٹ کا کہنا تھا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ملک کو متفقہ آئین دیا، بھارت سے شملہ معاہدہ کر کے پائیدار امن کی بنیاد رکھی اور ہزاروں مربع میل رقبہ اور جنگی قیدیوں کو بھارت سے چھڑایا، بھٹو کے دور میں پسے ہوئے طبقات کے حقوق کے لیے کئی اقدامات کیے گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کے بعد ان کی سیاسی فکر کو ان کی بیٹی شہید بینظیر بھٹو نے آگے بڑھایا اور ان کی شہادت کے بعد بلاول بھٹو زرداری اپنے نانا کے سیاسی مشن کو آگے بڑھانے کے لیے کوشاں ہیں۔ تقریب کے اختتام پر شہید ذوالفقار علی بھٹو کے درجات کی بلندی، صدر پاکستان آصف علی زرداری کی صحت یابی اور ملکی سالمیت کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی پیغام پاکستان کو پھیلانے کیلئے علماء کرام سے ملاقات

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پیغام پاکستان امن کا پیغام کے تحت ضلعی انتظامیہ چنیوٹ نے علماء کرام سے مل کر پیغام پاکستان کو کونہ کونہ میں پہنچانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت پیغام پاکستان کی آگاہی بارے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں جمعہ کے خطبات میں پیغام امن کو اجاگر کرنے جبکہ ڈپٹی کمشنر نے علماء کرام کے ہمراہ عوامی آگاہی کے لئے ریلی بھی نکالنے کا فیصلہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیز میں طالب علموں کو پیغام پاکستان کا بیانیہ بتانے کے لئے مسلسل سیمینارز کرانے کی تلقین کی اور کہا کہ عوامی مقامات پر بینرز آویزاں کرائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پیغام پاکستان امن کا پیغام ہے اور پیغام پاکستان کی روشنی میں فکر اور رویوں کی اصلاح کے لئے عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آنے والی نسلوں کو پرامن پاکستان دینا ہماری ذمہ داری ہے۔ انسانیت سے محبت ہی امن کا راستہ ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ملک پاکستان کسی طرح بھی دہشتگردی کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ دہشتگردی کے ناسور کا جڑ سے خاتمہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ہاتھ مضبوط کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ اجلاس میں شریک علماء کرام نے امن کے پیغام کو عام کرنے کے عزم کو دہرایا اور کہا کہ کسی شرپسند کو امن میں خلل نہیں ڈالنے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی دہشتگردی کے خلاف جنگ میں دی جانے والی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیں گیا و پیغام پاکستان کے لئے علماء کرام ضلعی انتظامیہ کے شانہ بشانہ ہے۔

ضلع سیالکوٹ میں اب تک منہ کھر بیماری کے خلاف 30 ہزار صحتمند جانوروں کو ویکسینیٹ کر دیا گیا

ایڈمن ڈیپارٹمنٹ لاہور سے اس رپورٹ کی مکمل مانیٹرنگ کی جاتی ہے رپورٹنگ کے بعد ایریا کے صحتمند جانوروں کی منہ کھر کے خلاف ویکسین کی جاتی ہے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک ضلع سیالکوٹ ڈاکٹر وسیم عباس اور ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک تحصیل ڈسکہ ڈاکٹر وسیم اصغر نے کہا کہ لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ ضلع سیالکوٹ کے منہ کھر جیسے وبائی مرض کے خلاف ضلع بھر میں مختلف جگہوں سے 27 مقامات سے اے ڈی آر ایس (ADRS info) ایپ پر رپورٹنگ کی جو کہ پنجاب میں سب سے زیادہ ہے ADRS info ایپ ڈیزیز رپورٹنگ کا ایک ایسا طریقہ ہے ایک ایسا طریقہ ہے جس میں مالک اور جانوروں کی مکمل تفصیل اپڈیٹ کی جاتی ہے اور ایڈمن ڈیپارٹمنٹ لاہور سے اس رپورٹ کی مکمل مانیٹرنگ کی جاتی ہے رپورٹنگ کے بعد ایریا کے صحتمند جانوروں کی منہ کھر کے خلاف ویکسین کی جاتی ہے جبکہ بیمار جانوروں کا علاج کیا جاتا ہے یہ بات انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتائی انہوں نے بتایا کہ ضلع سیالکوٹ میں اب تک منہ کھر بیماری کے خلاف 30 ہزار صحتمند جانوروں کو ویکسینیٹ کر دیا گیا ہے اور سینکڑوں بیمار جانوروں کا علاج کیا گیا ہے ضلع سیالکوٹ میں گزشتہ ماہ مارچ میں 72 کسان لائیو سٹاک بیٹھک کی گئیں جن میں ڈاکٹر حضرات کسانوں کو منہ کھر سے بچاؤ کے حفاظتی اقدامات سے آگاہ کیا ضلع بھر میں ماہ فروری اور مارچ میں 8 ریڈیو کے پروگرام بھی کیے گئے جن میں کسانوں کو بیماری سے بچاؤ کے حفاظتی اقدامات تفصیل سے بتائے گئے ضلع سیالکوٹ میں محکمہ لائیو سٹاک کی جانب سے ایک ماہ میں 4 موبائل ویٹرنری ڈسپنسریز کی مدد سے 160 دیہات میں 160 پروگرام کیے گئے جن کی مدد سے منہ کھر کے خلاف حفاظتی اقدامات بارے کسان بھائیوں کو آگاہی اور علاج معالجہ کی سروس فراہم کی گئیں مزید یہ کہ لائیو سٹاک ضلع سیالکوٹ نے دن رات کسانوں کی دہلیز پر سروس فراہم کر کے کسانوں کی بھرپور مدد کر کے منہ کھر جیسے وبائی امراض پر قابو پالیا ہے۔

قلعہ احمد آباد گورنمنٹ پرائمری اور ہائی سکول میں امتحانات کے نتائج اور تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد

تقریب تقسیم انعامات کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا: تقریب میں انعامات کی تقسیم کا آغاز بدست خالد محمود ہیڈ ماسٹر سکول ہذا نے کیا

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد گورنمنٹ پرائمری سکولوں اور گورنمنٹ ہائی سکول بوائز سالانہ امتحانات کے نتائج اور تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا۔ گورنمنٹ پرائمری سکول نمبر 1 احمد آباد سالانہ امتحانات کے نتائج، تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب تقسیم انعامات کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا۔ تقریب میں انعامات کی تقسیم کا آغاز بدست خالد محمود ہیڈ ماسٹر سکول ہذا نے کیا۔ تقریب میں تمام کلاسز کے اساتذہ، مہمانان تقریب نے باری باری انعامات تقسیم کیے۔ گورنمنٹ پرائمری سکول کے ہیڈ ماسٹر نے کہا کہ اپنے بچوں کی بہترین تعلیم کے لیے اپنے بچوں کو گورنمنٹ پرائمری سکول نمبر 1 احمد آباد میں داخل کروائیں۔ اسی طرح گورنمنٹ پرائمری سکول نمبر 2 احمد آباد سالانہ امتحانات کے نتائج، تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا۔ تقریب میں بچوں کے سالانہ امتحانات کے نتائج سنائے گئے اور پوزیشن ہولڈرز بچوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ تقریب ہذا کے مہمان خصوصی مرزا شکیل احمد صدر پبلک ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ احمد آباد نے پوزیشن ہولڈرز بچوں میں انعامات تقسیم کیے پبلک ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ احمد آباد کے سیکرٹری فنانس عدنان علی، ایگزیکٹو ممبر محمد شاہد کے تعاون سے صدر پبلک ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ احمد آباد اور صاحبزادہ آصف نیازی نے مستحق بچوں کو یونیفارم اور سکول بیگ عطیہ کیے۔

ڈپٹی کمشنر پاکپتن ماریہ طارق کا ایم پی اے موتیا مسعود کے ہمراہ شیلٹر ہوم کا دورہ

عارفوالا (تحصیل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر پاکپتن ماریہ طارق کا عوامی خدمت کا مشن جاری، عید پر بھی متحرک ڈپٹی کمشنر پاکپتن ماریہ طارق کا ایم پی اے موتیا مسعود کے ہمراہ شیلٹر ہوم کا دورہ شیلٹر ہوم میں مقیم خواتین کو عید کی مبارکباد دی اور ان کے ساتھ عید کا کیک کاٹا ڈپٹی کمشنر پاکپتن ماریہ طارق کا عید الفطر پر ہسپتال، میونسپل پارک اور شہر کا دورہ ڈپٹی کمشنر نے مریضوں، قیدیوں اور شیلٹر ہوم کے مکینوں میں مٹھائی تقسیم کی۔ ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق کی ہسپتال میں مریضوں کی عیادت، بہترین سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت۔ ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق کا ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر میں صفائی کے عمل کا جائزہ۔ ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق کا میونسپل پارک کا دورہ، صفائی انتظامات کا معائنہ عید خوشیوں کا تہوار، سب کو اپنی خوشیوں میں شامل کریں، ڈپٹی کمشنر پاکپتن شہریوں کی جانب سے ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق کے اقدامات کو خراج تحسین ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کا ڈسٹرکٹ جیل کا دورہ، قیدیوں کے مسائل سنے، فلاح و بہبود کے مزید اقدامات کی ہدایت۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر زخرف فدا نے قیدیوں میں عید الفطر کی مناسبت سے مٹھائی تقسیم کی۔

International Women Day
8th March
Celebrating Achievements of
Eid

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

کنٹرول لائن پر بھارتی جارحیت اور ملک کی عسکری قیادتوں کا اگلے مورچوں کا دورہ

چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے عیدالفطر کے دن جنوبی وزیرستان کے علاقے وانا اور ڈیرہ اسماعیل خان کا دورہ کیا جوانوں کے ساتھ نماز عید ادا کی پاکستان کے استحکام اور خوشحالی کیلئے دعا کی اور سکیورٹی فورسز کے جوانوں کو عید کی مبارکباد دی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کے مطابق آرمی چیف نے پاک فوج کے جوانوں اور افسران کی غیر متزلزل لگن اور قوم کی مثالی خدمات کے عزم کو سراہا اور کہا کہ آپ کا عزم اور جذبہ نہ صرف ہمارے وطن کو محفوظ بناتا ہے بلکہ پاکستان سے آپ کی گہری محبت کی عکاسی بھی کرتا ہے۔ انہوں نے خیبر پختونخوا کے عوام کے ساتھ ساتھ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مسلح افواج کی کارکردگی کو بھی سراہا جنہوں نے ہمیشہ دہشت گردی کی لعنت کے خلاف بہادری کا مظاہرہ کیا ہے۔ جنرل عاصم منیر نے دہشت گردی کیخلاف سکیورٹی فورسز کی کامیابیوں کو شہدا اور امن واستحکام کے عظیم نصب العین سے وابستہ پرعزم لوگوں کی قربانیوں سے منسوب کیا۔ آرمی چیف کی آمد پر کور کمانڈر پشاور نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ دریں اثنا چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے عید کے دوسرے روز کوسٹل اور کریکس کے علاقوں میں اگلے مورچوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے جناح نیول بیس اور ماڑہ اور کریکس میں افسران اور جوانوں سے ملاقات کی اور عید کے موقع پر فرائض کی انجام دہی پر جوانوں کے جذبے اور عزم وہمت کو سراہا۔ جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ دفاع وطن کی مقدس ذمہ داری کو ذاتی خوشیوں پر مقدم رکھنا پاکستان بحریہ کی روایت رہی ہے۔ جوانوں کا یہ عزم اس امر کا اظہار ہے کہ ملکی دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے۔ بے شک افواج پاکستان نے تشکیل وطن سے اب تک مکار دشمن بھارت کے مقابل دفاع وطن کا ہر تقاضا ہمت وجوانمردی کے ساتھ نبھایا اور دشمن کی ہر جارحیت سازش اور جارحانہ عزائم کو ناکام بنایا ہے۔ عساکر پاکستان نے ملک کی جغرافیائی سرحدوں کے ساتھ ساتھ ملک کے اندر دشمن کے پھیلائے انتشار اور عدم استحکام کی سازشوں کو ناکام بنانے میں بھی کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ بالخصوص عساکر پاکستان گزشتہ تین دہائیوں سے دہشت گردی کے ناسور سے نبردآزما ہیں اور دفاع وطن کی عظیم ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے دس ہزار سے زائد جوانوں اور افسران کی جانوں کے نذرانے پیش کر چکی ہیں۔ بھارت نے تو ہماری سلامتی کیخلاف اپنی سازشیں پھیلانے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیا اور اب اس نے ہمارے پڑوسی برادر مسلم ملک افغانستان کو بھی پاکستان کیخلاف ان سازشوں میں اپنا ہمنوا بنا لیا ہے جبکہ ملک کے اندر موجود پاکستان کے بدخواہ عناصر بھی بھارت کے ایجنٹ کا کردار ادا کرتے ہوئے دہشت گردی کی وارداتوں کے ذریعے اور بلوچستان میں علیحدگی کی نام نہاد تحریک کے نام پر پاکستان مخالف کارروائیاں اور زہریلا پراپیگنڈا جاری رکھے ہوئے ہیں جو ملک سے باہر موجود پاکستان مخالف لابیز کے ذریعے ریاست پاکستان اور ریاستی اداروں کیخلاف زہریلے پراپیگنڈے کے ذریعے ملک کا تشخص خراب کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے اور امریکی کانگرس میں ان پاکستان دشمن لابیز کے ذریعے ملک کے آئینی سسٹم اور افواج پاکستان کیخلاف قراردادیں تک پیش اور منظور کرا رہے ہیں۔ یہ ایک قسم کی پاکستان مخالف ہائبرڈ وار ہے جس کیخلاف افواج پاکستان دفاع وطن کی ذمہ داریوں کو نبھاتے ہوئے عہدہ برا ہو رہی ہیں۔ بے شک دفاع وطن کیلئے قوم قومی قیادتیں اور افواج پاکستان مکمل یکجہت اور سیسہ پلائی دیوار ہیں اور دہشت گردی کے ناسور کے خاتمہ کیلئے افواج پاکستان کو قوم کی مکمل تائید وحمایت حاصل ہے جس سے دفاع وطن کے تقاضے نبھانے کیلئے افواج پاکستان کی لگن مزید مضبوط ہوئی ہے۔ بھارتی گھناؤنی سازشوں کی بنیاد پر ہی ہمیں افغانستان کی جانب سے خوارجیوں کی دہشت گردانہ کارروائیوں کا بھی سامنا ہے جو بطور خاص سکیورٹی فورسز کو نشانہ بناتے ہیں جبکہ اس وطن عزیز کے 70 ہزار سے زائد بے گناہ شہری بھی دہشت گردی کی ان وارداتوں اور خودکش حملوں کی بھینٹ چڑھ کر اپنی جانیں قربان کر چکے ہیں۔ بھارتی جارحانہ عزائم واقدامات کا اس سے ہی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اسکی افواج نے عیدالفطر کے دوسرے روز کنٹرول لائن پر پونچھ سیکٹر میں اچانک شہری آبادی پر بلا اشتعال فائرنگ کی جس کے نتیجہ میں متعدد شہری جاں بحق اور زخمی ہوئے جبکہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز نے فوری کارروائی کرتے ہوئے بھارتی چیک پوسٹ کو تباہ کر دیا۔ بھارتی افواج کی فائرنگ اور گولہ باری میں جو میڈیا رپورٹس کے مطابق کئی گھنٹے تک جاری رہی پاک فوج کے دو جوانوں کے شہید ہونے کی اطلاع بھی موصول ہوئی ہے۔ بھارت نے تو ہماری خودمختاری اور سلامتی تاراج کرنے کی مذموم سازشوں میں کبھی کوئی کسر نہیں چھوڑی وہ قیام پاکستان سے اب تک ہم پر تین جنگیں مسلط کر چکا ہے کشمیر پر اپنا تسلط جما چکا ہے 1971 میں ہمیں سانحہ سقوط ڈھاکہ سے دوچار کر چکا ہے اور ہمیں مون سون کے دوران سیلاب میں ڈبونے اور خشک سالی کے دوران بھوکا پیاسا مارنے کی سازشوں کا تسلسل بھارتی ٹریک ریکارڈ پر موجود ہے جو علاقائی اور عالمی امن کی داعی عالمی قیادتوں اور اداروں کیلئے لمحہ فکریہ اور چشم کشا ہونا چاہیئے۔ آج سے ساڑھے پانچ سال قبل 5 اگست 2019 کو بھارت کی مودی سرکار نے اپنے آئین میں سے دفعات 370 اور دفعہ 35۔اے کو نکال کر اپنے زیر تسلط وادی کشمیر کو اپنی مستقل طور پر بھارتی سٹیٹ یونین کا حصہ بنا لیا ہے جبکہ کشمیری عوام نے آج تک کسی بھی بھارتی جبر وتسلط اور اسکے غاصبانہ ہتھکنڈوں کو قبول نہیں کیا اور گزشتہ 77 برس سے انکی بھارتی تسلط سے آزادی کی جدوجہد جاری ہے۔ جس میں مودی سرکار کے 5 اگست 2019 کے اقدام کے بعد مزید شدت پیدا ہوچکی ہے۔ چونکہ پاکستان شروع دن سے کشمیری عوام کے کاز کے ساتھ کھڑا ہے اور ہر علاقائی اور عالمی فورم پر انکے حق خودارادیت کیلئے آواز بلند کرتا اور انکی آزادی کی جدوجہد میں ان کا دامے درمے سخنے اور سفارتی سطح پر ساتھ نبھاتا ہے اس لئے بھارت کشمیر پر اپنا تسلط جمائے رکھنے کی خاطر پاکستان کی آزادی اور خودمختاری کے بھی درپے ہے۔

بابا رحیم (حصہ اول)


بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

باباجی میرا نام دعا ہے اور میں مدینہ شریف سے آپ سے ملنے کے لیے آئی ہوں میرے سامنے جوان سمارٹ طویل قامت خوبصورت ترین لڑکی چادر میں لپٹی سر جھکائے کھڑی تھی تا کہ میں اس کے سر پر ہاتھ پھیر کر دعا دے سکوں مدینہ شریف کا نام آتے ہی مجھے خوشگوار حیرت اور ایمانی حرارت نے اپنی لپیٹ میں لے لیا میری سستی چستی میں بدلتی چلی گئی خوشگوار حیرت سے پھیلی آنکھوں سے سامنے کھڑی پیکر جمال کو دیکھا خوبصورت دلکشی اس پر موسلا دھار بارش کی طرح برسی تھی وہ سر سے پاں تک حسن و رعنائی کا دلکش ترین مجسمہ تھی روحانیت اور نورانی ایمانی نور کی کرنیں اس کے انگ انگ سے پھوٹ رہی تھیں اوپر سے روحانیت کے تڑکے نے اس کے دل کش ترین نقش و نگار کو پاکیزگی کی تہہ میں لپیٹ اور بھی خوبصورت بنا دیا تھا میں سحر انگیز ہو کر اس کی طرف دیکھنے لگا تو پاکیزگی اور ایمانی جذبوں میں لپٹی اس کی شیریں آواز ماحول کو سحر انگیز بنانے لگی باباجی میں دنیاوی کسی مقصد کے لیے آپ کے پاس نہیں آئی میں صرف اور صرف خدا کی تلاش خدا کی رضا کے لیے آپ کے پاس آئی ہوں یہ دنیا چند دن کی ہے جو گزر ہی جائے گی میری کھوج تلاش جستجو صرف اور صرف خدا کی ذات ہے میں اس ذات پیکراں کے سمندر تک رسائی چاہتی ہوں رنگ الٰہی میں خود کو رنگنا چاہتی ہوں قطرہ عشق الٰہی سے صدیوں کی پیاسی اپنی روح اور جسم کی پیاس بجھانا چاہتی ہوں میرے جسم کا انگ انگ قرب الٰہی کی تپش میں جھلستے سلگتے ریگستان کی طرح جھلس رہا ہے کیا عشق الٰہی قرب الٰہی کی برسات میرے قلب و روح کو سیراب کر سکتی ہے۔ میری ساری بھاگ دوڑ تلاش صرف اور صرف رب کائنات کی ذات ہے مجھ جنموں کی پیاسی کو عشق الٰہی قرب الٰہی کے سمندر تک راہنمائی کر دیں اگر مجھے قرب الٰہی کے جام کا ایک قطرہ بھی مل گیا تو میں سمجھوں گی جنت کو زمین پر پالیا میرے لیے ایک قطرہ ہی سمندر ہوگا میری تلاش کی منزل ہو گا میرے سامنے جوان خوبصورت لڑکی خدا کے ہجر تلاش کی باتیں کر رہی تھی تو مجھے اپنا روگ یاد آ گیا میں خود بھی تو اِس کھوج میں برسوں صحرا گردی کرتا رہا تھا میں نے اس کے سر پر ہاتھ پھیر کر دعا دی اور بولا نیک بیٹی تم بیٹھ جا میرے بس میں جو ہوگا میں تمہاری راہنمائی کرنے کی پوری کوشش کروں گا تو چادر میں لپٹی بیٹی میرے سامنے بیٹھ گئی مادیت پرستی اور خود پرستی میں غرق انسانوں سے تو روزانہ ہی ملاقات ہوتی ہے عرصے بعد مادی جانوروں کے درمیان جب کوئی قرب الٰہی کی تپش میں حرارت زدہ آتا ہے تو اس کی کھوج کی حرارت سے خاص قسم کی آسودگی اور اطمینان کی حرارت کو محسوس کر رہا تھا مجھے اچھا لگ رہا تھا کوئی خدا کی تلاش میں میرے پاس آیا میں شفقت سے لبریز لہجے میں بولا بیٹی مجھے بہت زیادہ خوشی ہے کہ تمہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے عشق کے لیے چنا ہے تم جس ہجر روگ تلاش کی حرارت میں پگھل رہی ہو تو مقدر والوں کے نصیب میں آتی ہے میری بات سن کر اس کی آنکھوں کے کنارے باطنی کرب سے چھلکنے لگے، بیٹی اگر خدا تمہیں ہجر کی آگ میں جھلساتا تو تم بھی مادی جانوروں کی طرح کھایا پینا افزائش نسل کا حصہ بن کر مٹی کے ڈھیر میں تبدیل ہو جاتی تم تو مقدر والی ہو جو عشق کی آگ میں جھلس رہی تو وہ بولی باباجی لیکن دنیا والے میرے اِس روگ تلاش کو نہیں سمجھتے وہ مجھے پاگل نفسیاتی مریضہ قرار دیتے ہیں۔ باباجی میرا وجود بنا ہی خدا کے عشق کے لیے ہے دنیا داری مجھ سے نہیں ہوتی میں دنیا داری کے کاموں میں مکمل طور پر ان فٹ ہوں اور نہ ہی میرا دل لگتا ہے دنیا داری کے کاموں میں دنیا نے مجھے بہت زیادہ اذیتیں دی ہیں تڑپایا ہے رلایا ہے یہ دنیا والے میرے ہجر روگ تلاش کو نہیں سمجھتے اِس لیے میں یہ ملک چھوڑ کر سعودی عرب مدینہ شریف چلی گئی تھی میں مقدس نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا اور بولا بیٹی مجھے بہت خوشی ہو رہی ہے کہ تم خدا کے قرب کے لیے میرے پاس آئی ہو یہ روگ تلاش کیسے شروع ہوئی باطن میں دبی چنگاری آگ کا بھانبھڑ کیسے بنی حق تعالیٰ تم پر کیسے مہربان ہوئے تو وہ بولی باباجی میری پیدائش فیصل آباد کے قریب گاں میں ہوئی۔ بچپن میں ہی باپ کا سایا سر سے اٹھ گیا تو ناناجی کے گھر والدہ کے ساتھ آگئی ابھی دس سال کی ہوئی تو ماں بھی بے رحم زمانے کے رحم وکرم پر چھوڑ کر خالق حقیقی سے جاملیں اب غم دکھ جدائی کی امر بیل نے مجھے ڈسنا شروع کر دیا غم میرے اندر اترتا چلا گیا اداسی نے میری روح کو تڑپا کر رکھ دیا تو میں نے نماز میں پناہ ڈھونڈی میں ساری ساری رات نماز نوافل قرآن مجید کی تلاوت کرتی میری والدہ کے بعد اب میری خالہ میری دیکھ بھال کرتی تھیں وہ صوفی برکت علی صاحب کے دربار پر ریگولر جایا کرتی تھیں ان کے ساتھ میں بھی صوفی برکت علی صاحب کے آستانے پر جاتی تو مجھے بہت زیادہ سکون ملتا اب میری عقیدت صوفی صاحب کے آستانے سے جنون کی حد تک ہو گئی تھی وہاں جا کر گھنٹوں بیٹھا کرتی اگر خالہ کبھی جانے میں دیر کر دیتی تو میں رو رو کر آستانے پر جانے کی ضد کرتی آخرکار میری ضد کے ہاتھوں مجبور ہو کر وہ مجھے صوفی صاحب کے آستانے پر لے جاتی اِس دوران میں سالوں کی منزلیں بھی طے کرتی چلی گئی جوانی کے آنگن میں قدم رکھا تو میری خوبصورتی کے چرچے پورے خاندان میں ہونے لگے میں اچھی طالبہ تھی ڈاکٹر بننا چاہتی تھی لیکن میرٹ پر نہ آسکی تو نرسنگ میں داخلہ لے لیا میری خوبصورتی کی وجہ سے ہر کوئی مجھ سے شادی کرنا چاہتا تھا لیکن میرے تایا کا بیٹا جو بہت بڑے زمیندار کا بیٹا بھی تھا اس نے اعلان کیا کہ وہ مجھ سے شادی کرے گا اس کے اعلان کے بعد باقی امیدوار خود ہی پیچھے ہٹ گئے وہ پیار کے بہت دعوے کرتا لیکن میرے دل میں اس کے لیے بال برابر بھی محبت نہیں تھی بلکہ کسی کے لیے بھی نہیں تھی میں دن رات روتی رہتی صوفی برکت علی صاحب کی کتابیں پڑھنے کے بعد تصوف اور روحانی بابوں کی باقی کتابیں دن رات پڑھتی جہاں بھی کوئی مزار دربار آستانہ یا نیک زندہ بزرگ ہوتا اس سے ملنے چلی جاتی جا کر اپنا حال دل بتاتی لیکن دکھ اس وقت بہت زیادہ ہوتا جب کسی زندہ اہل روحانیت کے دعوے دار کے پاس جاتی تو وہ چند دن بعد ہی خود میرے اوپر عاشق ہو جاتا اور الٹی سیدھی باتیں شروع کر دیتا نرسنگ پاس کی تو میری شادی میرے کزن کے ساتھ کر دی گئی وہ دنیا دار شرابی زانی تھا میں عبادت گزار راتوں کو نوافل عبادت میں وقت گزارنے والی وہ رات کو جب شراب کے نشے میں دھت گھر آتا تو میں اس کے پاس بیٹھنے سے انکار کر دیتی تو وہ مجھے وحشیانہ طریقوں سے مارتا تشدد کرتا بہن بھائی ماں باپ تھے نہیں ہر کوئی مجھے ہی قصوروار ٹھہراتا کہ تم اپنے خاوند کی ہر جائز ناجائز بات مانوں لیکن میں کیا کرتی میں چوبیس گھنٹے وضو میں رہنے کی کوشش کرتی خاوند دن رات نشے میں دھت رہتا ایک سال تک تو میں شرابی خاوند کا تشدد برداشت کرتی رہتی لیکن جب اس کی سزائیں میری برداشت سے باہر ہو گئیں تو میں نے لاہور جا کر این جی او میں پناہ لے لی پھر اس این جی او کی مدد سے خلع بھی لے لی اور ساری عمر کے لیے شادی سے توبہ بھی کی نرسنگ کا کورس کیا ہوا تھا این جی او والوں کی مدد سے جلد ہی سرکاری ہسپتال میں نوکری مل گی اب میں خوش تھی کہ یہاں پر آزادی سے نوکری اور مریضوں کی مدد کیا کروں گی لیکن میری خوشی کے یہ دن بہت تھوڑے تھے جو بھی ڈاکٹر مجھے دیکھتا میرے حسن پر عاشق ہو کر ڈورے ڈالنا شروع کر دیتا میرے انکار پر مجھے تنگ کرنا شروع کر دیا ڈیوٹی سخت لگانی شروع کر دی میں زندگی کے دن پورے کرنے کے لیے نوکری کر رہی تھی جب بھی موقع ملتا داتا حضور یا لاہور کے دوسرے درباروں پر جا کر سلام کرتی لیکن ہسپتال کی انتظامیہ کے لوگوں نے اور بھی تنگ کرنا شروع کر دیا تو اچانک اللہ کی مدد آئی ایک مریض ہسپتال آیا جب اسے میرے حالات کا علم ہوا تو اس نے ایک دن مجھے کہا وہ سعودی عرب میں نوکری کرتا ہے اگر تم راضی ہو تو تمہیں کسی ہسپتال میں نوکری دلا سکتا ہوں میں نے فوری ہاں کر دی یہ تو میری بہت بڑی خواہش تھی کہ ارض مقدس میں زندگی گزاروں اِس دوران میں مختلف بابوں سے بھی ملتی رہی جو میری انگلی پکڑ کر عشق الٰہی کے پل صراط سے گزار سکیں لیکن فراڈی دھوکے بازوں سے ہی پالا پڑا پھر میری نوکری مدینہ کے قریب ہی ایک ہسپتال میں ہوگئی وہاں بھی میری بابوں کی تلاش جاری تھی کہ کسی نے ایک دن بابا رحیم کے بارے میں بتایا جو پینتیس سال سے مدینہ شریف روضہ رسول ﷺ پر تھے اب میں ان سے ملنے کا پلان بنانے لگی۔ (جاری ہے)

سچائی، غیر جانبداری اور پیشہ ورانہ دیانت داری کا علمبردار

قارئین کرام! علاقائی صحافیوں کی خدمات کو ملکی سطح پر بہت کم سراہا جاتا ہے، لیکن محمد مظہر رشید چودھری ان نمایاں صحافیوں میں شامل ہیں جنہوں نے اپنی محنت، دیانت داری اور بے لوث خدمات سے ایک منفرد پہچان بنائی۔ آج آپ کی صلاحیتوں اور خدمات کے اعتراف میں یہ الفاظ قلم بند کیے جا رہے ہیں، تاکہ آپ کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا جا سکے۔ محمد مظہر رشید چودھری استاد، صحافی، کالم نگار اور تجزیہ کار ہیں، آپ نے اپنی صحافتی زندگی میں سچائی، غیر جانبداری اور پیشہ ورانہ دیانت داری کو ہمیشہ مقدم رکھا۔ آپ نے مختلف اخبارات، الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا پر اپنی تحریروں اور تجزیوں سے عوامی مسائل اجاگر کیے اور صحافت کو ایک مثبت سمت میں آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا۔ آپ نے اپنی ابتدائی تعلیم والد محترم کی ریلوے میں ملازمت کی وجہ سے پاکستان کے مختلف شہروں کے سکولوں میں مکمل کی۔ والد محترم کے اچانک انتقال کے بعد، آپ نے 1985 سے 1989 تک ایف جی پبلک ہائی سکول اوکاڑہ کینٹ میں تعلیم حاصل کی اور میٹرک سائنس نمایاں نمبروں سے کیا۔ ایف ایس سی میں ریاضی، شماریات، اور اکنامکس کے مضامین کے ساتھ تعلیمی سفر جاری رکھا۔ بعدازاں گریجوایشن میں جرنلزم کا مضمون اختیار کیا اور نمایاں کامیابی حاصل کی۔ مزید تعلیمی پیش رفت کرتے ہوئے انہوں نے ایم اے پاکستان اسٹڈیز میں مکمل کیا۔ آپکی ابتدائی زندگی محنت اور مسلسل سیکھنے سے عبارت رہی۔ آپ کی والدہ محترمہ نے تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے انہیں خود اعتمادی، ایمانداری اور محنت کی عادت ڈالی۔ وہ ہمیشہ آپ کے لیے ایک مثالی شخصیت رہیں اور ہر گھڑی آپ کی رہنمائی کی۔ آپ کی والدہ محترمہ کے ساتھ ساتھ دو بڑی بہنوں اور ایک چھوٹی بہن کی بے لوث محبت اور حوصلہ افزائی نے بھی آپ کی زندگی میں اہم کردار ادا کیا۔ دو بڑی بہنوں نے ہمیشہ آپکا ساتھ دیا، مشورے دیے اور ہر موقع پر آپ کی کامیابی کے لیے دعائیں کیں۔ ان کی شفقت، رہنمائی اور والدہ محترمہ کا سایہ ہمیشہ آپکا مضبوط سہارا بنے۔ آپ کا کہنا ہے کہ میری چھوٹی بہن نہ صرف میرے لیے بہن بلکہ ایک بہترین دوست اور سب سے بڑی حوصلہ افزائی کا ذریعہ بھی ہے۔ چھوٹی بہن نے ہمیشہ ہر موقع پر آپ کا حوصلہ بڑھایا، ہر خوشی اور کامیابی میں شریک ہو کر آپ کے عزم کو مزید مضبوط کیا۔ چھوٹی بہن کی محبت اور سپورٹ نے محمد مظہر رشید چودھری کی شخصیت میں اعتماد اور استقلال کو مزید پروان چڑھایا۔ چھوٹی بہن کی بے لوث محبت اور ہر قدم پر آپکے ساتھ کھڑے رہنے کی عادت نے انہیں پیشہ ورانہ زندگی میں ایک مضبوط انسان بنایا۔ ان کے لیے بہن کا ساتھ ہمیشہ ایک ایسا جذباتی سہارا رہا، جو انہیں ہر آزمائش میں ثابت قدم رہنے کی طاقت دیتا ہے۔ سکول کے زمانے میں، آپ نہ صرف تعلیمی میدان میں نمایاں رہے بلکہ تقریری اور دیگر ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی پیش پیش رہے۔ وہ چار سال تک سکول کے بہترین مقرر کے اعزاز سے نوازے گئے اور ملتان ریجن کے سالانہ تقریری مقابلوں میں اپنے سکول کی نمائندگی کرتے ہوئے نمایاں کامیابیاں سمیٹیں۔ 1982 میں ضلع بھکر کے پرائمری سکول تقریری مقابلہ میں نمایاں کامیابی حاصل کی ماہ نومبر کے روزنامہ جنگ ملتان میں تقریری مقابلہ کی خبر نمایاں شائع ہوئی، آپ کی والدہ اور بہنوں نے ہمیشہ حوصلہ دیا کہ وہ اپنی آواز کو عوامی مسائل کے لیے استعمال کریں، یہی وجہ ہے کہ بعد میں آپ، ایک معروف صحافی اور سماجی کارکن بنے۔ آپ کا صحافتی سفر طالب علمی کے دور میں ہی شروع ہو گیا تھا۔ ان کی پہلی مختصر تحریر پاکستان کے معروف اخبار روزنامہ نوائے وقت کے میگزین میں جنوری 1990 شائع ہوئی، جو ان کی صلاحیتوں کا پہلا اعتراف تھا۔ اس سے پہلے بچوں کے رسالوں اور میگزین میں خصوصی دلچسپی لیتے رہے، آپ نے 1993 میں ہفت روزہ سوہنی دھرتی ملتان سے بطور رپورٹر اپنے صحافتی کیریئر کا باقاعدہ آغاز کیا۔ اپنی محنت، قابلیت اور جستجو کے باعث آپ نے جلد ہی اپنی پہچان بنا لی۔ سن 2005 میں وہ روزنامہ آفتاب لاہور سے منسلک ہوئے، جہاں ان کے کالمز اور تحریریں باقاعدگی سے شائع ہونے لگیں۔ کالم "سانجھ" کے ذریعے انہوں نے نہ صرف سماجی وسیاسی مسائل کو اجاگر کیا بلکہ عوامی مسائل پر مدلل گفتگو کی، جس نے انہیں عوام میں ایک سنجیدہ صحافی اور لکھاری کے طور پر متعارف کرایا۔ صحافت میں جدید رجحانات کو مدنظر رکھتے ہوئے، محمد مظہر رشید چودھری نے 2010 میں اوکاڑہ میں سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل میڈیا کے ذریعے اپنی صحافتی سرگرمیاں شروع کیں۔ وہ اس شعبے میں بھی نمایاں رہے اور جدید میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے عوامی مسائل کو موثر انداز میں اجاگر کرتے رہے ہیں۔ آپ نے مختلف الیکٹرانک میڈیا چینلز بشمول جی ٹی وی، ٹی وی ٹوڈے، رائل نیوز اور دیگر میں بطور رپورٹر خدمات انجام دیں، جہاں ان کی رپورٹنگ کو سراہا گیا۔ گزشتہ دو دہائیوں سے ریڈیو ایف ایم 92 اور بعدازاں 105.4 اوکاڑہ کے نیوز سیکشن کے انچارج اور تجزیہ کار کے طور پر بھی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ریڈیو کے ذریعے وہ عوام تک مستند خبریں اور تجزیے پہنچانے میں ہمیشہ سرگرم رہے ہیں۔ محمد مظہر رشید چودھری کی سب سے بڑی خوبی ان کی مستقل مزاجی اور اپنے کام کو مکمل لگن کے ساتھ انجام دینے کی صلاحیت ہے۔ وہ سیاسی، سماجی اور خاص طور پر مذہبی حلقوں میں بھی قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ ان کی متوازن اور حقائق پر مبنی سوچ نے انہیں مختلف شعبوں میں ایک معتبر شخصیت کے طور پر متعارف کروایا۔ 2022 سے، وہ گورنمنٹ کالج اوکاڑہ کی "برین ایلومینائی ایسوسی ایشن" میں سیکرٹری انفارمیشن کے طور پر اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اس حیثیت میں وہ تعلیمی وسماجی ترقی کے فروغ کے لیے کام کر رہے ہیں اور کالج کے سابق طلبہ کو ایک موثر پلیٹ فارم مہیا کرنے میں معاون ثابت ہو رہے ہیں۔ محمد مظہر رشید چودھری ایک استاد، سماجی کارکن، اور کمیونٹی لیڈر ہیں، جنہوں نے تعلیم اور سماجی بہبود کے میدان میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ آپ نے 16 سال تک بطور سربراہ و استاد "AR میموریل اکیڈمی اینڈ پبلک سکول (رجسٹرڈ)" میں خدمات سرانجام دیں۔ اس دوران انہوں نے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے اور طلبہ کی فکری وعملی تربیت میں اہم کردار ادا کیا۔ سماجی بہتری کے لیے سرگرم عمل رہتے ہوئے، انہوں نے 26 جون 1999 کو "موومنٹ اگینسٹ ڈرگ ابیوز" کی بنیاد رکھی، جس کا مقصد منشیات کے خلاف شعور اجاگر کرنا اور نوجوان نسل کو اس لعنت سے بچانے کے لیے اقدامات کرنا تھا۔ وہ گزشتہ دو دہائیوں سے زائد عرصے سے ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے مختلف اداروں کی کمیٹیوں کے رکن کے طور پر اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں، جہاں وہ پالیسی سازی اور فلاحی منصوبوں میں متحرک کردار ادا کر رہے ہیں۔ محمد مظہر رشید چودھری نے 2007 سے 2011 تک کیڈٹ کالج اوکاڑہ سیٹیزن کمیونٹی بورڈ میں بطور کوآرڈینیٹر خدمات انجام دیں۔ اس کے علاوہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ کے میڈیا ایڈوائزر کے طور پر بھی احسن انداز میں خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ محمد مظہر رشید چودھری دو بار صدر "سٹی پریس کلب اوکاڑہ (رجسٹرڈ)" اور دو بار صدر "ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس اوکاڑہ" منتخب ہوئے۔ اس کے علاوہ علاقائی صحافیوں کی تنظیم ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان میں سرگرمیاں دیکھاتے رہے ہیں، بطور صحافی اور سماجی کارکن آپکی خدمات قابل تعریف ہیں، آپ میڈیا کے ذریعے معاشرتی مسائل کو اجاگر کرنے میں نمایاں کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ آپ نے عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور انہیں اعلیٰ حکام تک پہنچانے میں بھرپور کردار ادا کیا، تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ ممکن ہو سکے۔ ان کی خدمات کا دائرہ کار تعلیم، سماجی فلاح و بہبود، اور قانونی شعبے میں میڈیا مینجمنٹ تک پھیلا ہوا ہے، جو ان کے ہمہ جہت اور مثالی قیادت کے عکاس ہیں۔ محمد مظہر رشید چودھری کی صحافت دیانت داری، غیر جانبداری اور سچائی کا مظہر ہے۔ آپ نے روایتی، ڈیجیٹل اور الیکٹرانک میڈیا میں اپنی خدمات سے عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور سچائی کی روشنی پھیلانے کا کام کیا ہے۔ آپکی تحریریں، وی لاگز اور تجزیے نہ صرف حالاتِ حاضرہ کو سمجھنے میں مدد دیتے ہیں بلکہ ایک مثبت اور باشعور صحافت کی مثال بھی پیش کرتے ہیں۔ گزشتہ تین دہائیوں میں، انہیں سرکاری اور غیر سرکاری / صحافتی اداروں کی جانب سے 100 سے زائد سرٹیفکیٹس اور شیلڈز سے نوازا گیا، جو ان کی علمی، صحافتی اور سماجی خدمات کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ اللہ تعالی انہیں مزید کامیابیوں سے نوازے آمین

محمد مظہر رشید

مدینہ طیبہ و مسجد نبویؐ میں عیدالفطر اور فضائل واحکام! (قسط اول)

دنیا بھر میں عید کی خوشیاں اپنوں کیساتھ منانے کے لیے لوگ سب کام چھوڑ چھاڑ کے اپنے گھروں کو پنچھی لوٹتے ہیں مدینہ دنیا کا واحد اکلوتا مقام ہے جدھر پہنچنے کے لیے لوگ دنیا بھر سے اپنے محبوب نبی پاک محمد ﷺ کیساتھ عید کی خوشیاں اور حقیقی عید منانے کے لیے پہنچتے ہیں اور ان پرنور منظر کو دنیا کے خوش قسمت ترین لوگ ہی دیکھ پاتے اور عید کی نماز مسجد نبوی میں پڑھ پاتے ہیں میرے نزدیک اس دنیا کی سب سے بڑی نعمت اور انعام ہے جو لوگ عید کی نماز اس نیت سے آکے پڑھ پاتے ہیں کہ وہ اپنے نبی پاک ﷺ کیساتھ عید منانے جا رہے ہیں درود سلام کی اور روضہ رسول پر حاضری کی سعادت حاصل کرنا اور اس کا سرور لفظوں میں بیان کرنا ممکن نہیں ہے مسجد کے علاوہ مدینہ کی ہر سڑک مسجد اور نماز کی ترتیب سے برنور ہے رات ایک بجے کے قریب ہی مسجد نبوی میں یہ منظر ہوتا ہے کہ کوئی جگہ خالی نظر نہیں ہوتی ہر مسلک اور ہر ملک کا باشندہ احترام عقیدت محبت سے مسجد کی طرف رواں دواں ہے سعودی عرب کے طول عرض سے ہر گاڑی مدینہ پہنچ رہی ہوتی ہے اور کسی کو کسی تکلیف کسی مشکل کا سامنا نہیں ہوتا لاکھوں افراد کا مجمع مکمل یکسوئی کیساتھ pin drop silence کے ساتھ پہلے فجر کی نماز ادا کرتے ہیں اور یوں ہی سورج کی پہلی روپہلی کرن نمودار ہوتی ہے تکبیروں کیساتھ دن کا آغاز اور بہت ہی مختصر چند منٹ کے بعد نماز عید 12 تکبیروں کیساتھ وہ تمام لوگ بھی پڑھتے ہیں جو ہمارے ہاں آج تک تکبیروں کے اور اوقات نماز کے مسئلے پہ الجھے ہیں تمام اقوام یکجہتی اور محبت کا اظہار کرتی اور عبادات میں مصروف ہوتی ہے اور ہم بھیک مانگنے اور کسی نہ کسی رسوائی کا اہتمام کر رہے ہوتے ہیں بہت سے سیاسی رہنما اپنے اپنے ہمنواوں کیساتھ پاکستان جیسا سیاسی ماحول بنائے بیٹھے نظر آتے ہیں اللہ سب کی عبادات کو قبول کرتے ہیں اللہ ہمیں ہدایت اور سیدھی راہ کے مسافر بنا دے بہت سی کمی کوتاہی غلطیوں گناہوں سے بھر پور زندگی آپکی کسی بہت چھوٹی نیکی سے بدل سکتی ہے اللہ سے توفیق کی دعا اور امید ہے۔ مسجد نبوی کا احترام اور فضایل پر مختصر اصلاح گفتگو کسی کی دل آزاری ہو تو معافی کی درخواست ہے۔ مسجد نبوی میں عیدالفطر، روح پرور مناظر، ایمان کی روشنی، اور سعادتوں کی بارش! مدینہ کی مقدس فضاؤں میں تکبیراتِ عید کی دلکش گونج، عاشقانِ مصطفیٰ ﷺ کا سیلاب، اور ہر طرف محبت واخوت کے مناظر! مسجد نبوی میں دن رحمتوں، برکتوں اور ایمانی سرشاری کا حسین امتزاج پیش کر رہا ہے۔ لاکھوں مسلمان ایک ہی صف میں، ایک ہی مقصد کے تحت، رب کے حضور سجدہ ریز ہوتے ہیں یہ منظر صرف دیکھنے کا نہیں، دل کی گہرائیوں سے محسوس کرنے کا ہے! اللھم لبیک الحمد، ہمیں بار بار مدینہ کی حاضری نصیب فرما! مدینہ طیبہ و مسجد نبویؐ کے فضائل واحکام فضائل مدینہ طیبہ! احادیث میں مدینہ طیبہ کی بڑی فضیلت مذکور ہے، یہاں کچھ احادیث لکھی جاتی ہیں۔ (1) امیرالمومنین علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے قرآن اور یہ صحیفہ لکھا جس میں مذکور ہے کہ مدینہ دو پہاڑوں عیر سے ثور تک حرم ہے۔ پس جس نے بھی اس میں بدعت یا کسی اور برے عمل کا ارتکاب کیا یا کسی بدعتی کو پناہ دی تو اس پر اللہ، اس کے فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے۔ اس کی کوئی فرضی یا نفلی عبادت قبول نہیں کی جائے گی۔ (2) سیدنا سعد سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں مدینہ کو دو پتھریلی زمینوں کے درمیان حرم قرار دیتا ہوں اسکی حدود میں نہ درخت کاٹا جائے نہ شکار کیا جائے اگر لوگ جان جائیں تو مدینہ میں رہنا ان کیلئے بہتر ہے، اور جو مدینہ سے بے رغبتی اختیار کر کے منہ موڑتا ہے اور مدینہ چھوڑتا ہے تو اللہ تبارک وتعالی اس کے بدلے اس سے بہتر آدمی لائے گا اور جو اسکی مصیبتوں اور تکالیف پر صبر اور ثابت قدمی کے ساتھ رہتا ہے تو میں اس کیلئے سفارش کرنے والا اور گواہ ہوں۔ (3) سیدنا ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے مکہ معظمہ کو حرم قرار دیا اور میں مدینہ کو دو پہاڑوں کے درمیان حرم قرار دیتا ہوں اس میں نہ خون بہایا جائے نہ لڑائی کیلئے اسلحہ اٹھایا جائے اور نہ درخت کاٹا جائے مگر گھاس اور چارہ کاٹنے کی اجازت ہے (4) ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب مدینہ آئے تو سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ اور سیدنا بلال رضی اللہ عنہ کو بخار تھا۔ تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دی آپ ﷺ نے دعا مانگی کہ یا اللہ! ہمیں مدینے کے ساتھ مکہ جتنا یا اس سے بھی زیادہ پیار عطا کر اور اسکو صحت افزا مقام بنا دے اور ہمارے ناپ تول کے پیمانے میں برکت عطا کر اور یہاں کی بیماری کو جحفہ کی طرف منتقل کر دے۔

دنیا بھر میں عید کی خوشیاں اپنوں کیساتھ منانے کے لیے لوگ سب کام چھوڑ چھاڑ کے اپنے گھروں کو پنچھی لوٹتے ہیں مدینہ دنیا کا واحد اکلوتا مقام ہے جدھر پہنچنے کے لیے لوگ دنیا بھر سے اپنے محبوب نبی پاک محمد ﷺ کیساتھ عید کی خوشیاں اور حقیقی عید منانے کے لیے پہنچتے ہیں اور ان پرنور منظر کو دنیا کے خوش قسمت ترین لوگ ہی دیکھ پاتے اور عید کی نماز مسجد نبوی میں پڑھ پاتے ہیں میرے نزدیک اس دنیا کی سب سے بڑی نعمت اور انعام ہے جو لوگ عید کی نماز اس نیت سے آکے پڑھ پاتے ہیں کہ وہ اپنے نبی پاک ﷺ کیساتھ عید منانے جا رہے ہیں درود سلام کی اور روضہ رسول پر حاضری کی سعادت حاصل کرنا اور اس کا سرور لفظوں میں بیان کرنا ممکن نہیں ہے مسجد کے علاوہ مدینہ کی ہر سڑک مسجد اور نماز کی ترتیب سے برنور ہے رات ایک بجے کے قریب ہی مسجد نبوی میں یہ منظر ہوتا ہے کہ کوئی جگہ خالی نظر نہیں ہوتی ہر مسلک اور ہر ملک کا باشندہ احترام عقیدت محبت سے مسجد کی طرف رواں دواں ہے سعودی عرب کے طول عرض سے ہر گاڑی مدینہ پہنچ رہی ہوتی ہے اور کسی کو کسی تکلیف کسی مشکل کا سامنا نہیں ہوتا لاکھوں افراد کا مجمع مکمل یکسوئی کیساتھ pin drop silence کے ساتھ پہلے فجر کی نماز ادا کرتے ہیں اور یوں ہی سورج کی پہلی روپہلی کرن نمودار ہوتی ہے تکبیروں کیساتھ دن کا آغاز اور بہت ہی مختصر چند منٹ کے بعد نماز عید 12 تکبیروں کیساتھ وہ تمام لوگ بھی پڑھتے ہیں جو ہمارے ہاں آج تک تکبیروں کے اور اوقات نماز کے مسئلے پہ الجھے ہیں تمام اقوام یکجہتی اور محبت کا اظہار کرتی اور عبادات میں مصروف ہوتی ہے اور ہم بھیک مانگنے اور کسی نہ کسی رسوائی کا اہتمام کر رہے ہوتے ہیں بہت سے سیاسی رہنما اپنے اپنے ہمنواوں کیساتھ پاکستان جیسا سیاسی ماحول بنائے بیٹھے نظر آتے ہیں اللہ سب کی عبادات کو قبول کرتے ہیں اللہ ہمیں ہدایت اور سیدھی راہ کے مسافر بنا دے بہت سی کمی کوتاہی غلطیوں گناہوں سے بھر پور زندگی آپکی کسی بہت چھوٹی نیکی سے بدل سکتی ہے۔

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

بجلی تو سستی ہوگئی مگر!

چراغ
یاور عباس
Kunjahtimes@yahoo.com

وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے قوم کو خوشخبری سناتے ہوئے 7.41 روپے فی یونٹ بجلی سستی کرنے کا اعلان کر دیا ہے عوام کو اس سے 56 ارب 38 کروڑ روپے کا ریلیف ملے گا، یقیناً یہ خبر لوگوں کے لیے بہت اچھی خبر ہے، اس سے بہت سارے لوگوں کو فائدہ بھی ملے گا، مہنگائی کی چکی میں پسے عوام کو کچھ نہ کچھ ریلیف تو ضروری ملے گا مگر اس ریلیف سے ملکی معیشت بہتر ہو سکے گی یا پھر غریب آدمی کی کمر بھی سیدھی ہو پائے گی؟ یہ سوال بدستور باقی ہے، کیونکہ پی ٹی آئی حکومت کیخلاف مہنگائی مارچ کرنے والوں نے رجیم چینج کر کے حکومت تو حاصل کر لی مگر مہنگائی کا ایک ایسا طوفان برپا کیا کہ عام آدمی ڈیفالٹ کر گیا، نوجوان نسل ڈنکیاں لگا کر بیرون ملک جانا شروع ہو گئے، درجنوں نہیں بلکہ سینکڑوں نوجوان لیبیا میں کشتی حادثوں کے دوران اپنی جانیں گنوا بیٹھے۔ عورتیں آٹے کے حصول کے لیے لائنوں میں لگ کر سارا دن ذلیل وخوار ہوتی رہی بلکہ پولیس کی لاٹھیاں بھی کھاتی رہیں کچھ اموات کی اطلاعات بھی ملتی رہیں۔ متاثرین سیلاب آج بھی بے یارومددگار امداد کے منتظر ہیں حکومتی اتحاد نے عالمی سطح پر فنڈز اکٹھے کرنے کی مہم چلائی اور اربوں ڈالرز کی امداد کے اعلانات بھی ہوئے مگر پاکستان میں کتنے ارب ڈالرز آئے اور کہاں خرچ ہوئے شاید ابھی تک کوئی رپورٹ منظر عام پر نہیں آسکی۔ میاں شہباز شریف جب سے وزیراعظم پاکستان بنے تو خدا جانے کس نے مشورہ دیا کہ عوام کی جیب سے جو کچھ نکالنا ہے وہ بجلی اور گیس کے بلوں کی مد میں نکال لیں۔ بجلی اور گیس کے بل عوام کے ڈراؤنے خواب بن گئے۔ مختلف سروے رپورٹس کے مطابق پاکستان میں گزشتہ اڑھائی برس میں صرف بجلی کی قیمتیں 80 فیصد تک بڑھ گئیں تھیں، گیس کے بل ایک ہزار فیصد تک بڑھ گئے۔ پٹرول 150 روپے سے تین سو روپے تک گیا جواب 256 پر فروخت ہو رہا ہے۔ یوریا کھاد کی قیمتیں دوگنا سے بھی زائد ہو گئیں۔ مرغی کا گوشت 250 روپے سے بڑھ کر 850 روپے تک پہنچ چکا ہے۔ اشیائے خوردونوش کی قیمتیں کئی گنا بڑھ گئیں ہیں مگر حکومتی وزراء ہر ماہ پریس کانفرنس میں قوم کو خوشخبری سنا دیتے ہیں کہ مہنگائی اتنے فیصد کم ہو گئی ہے۔ جبکہ عام آدمی کا بجٹ کسی ماہ میں بھی کم نہیں ہو پا رہا۔ گزشتہ اڑھائی برس میں تو حکومت عوام کے ساتھ اعداد وشمار کا کھیل ہی کھیل رہی ہے، بجلی سستی ہوتی ہے تو تیل مہنگا کر دیا جاتا ہے اور تیل سستا کرتے ہیں تو گیس مہنگی کر دی جاتی ہے۔ اگر ایک ہاتھ سے ریلیف دے کر دوسرے ہاتھ سے وہی پیسے عوام کی جیب سے کسی اور مد میں سے نکال لیے جائیں تو وہ ریلیف نہیں ہے بلکہ عوام کے ساتھ مذاق ہے۔ اصل ریلیف تو تب ہے کہ بجلی کی قیمتیں سستی ہونے پر تیل، گیس، اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں بھی واضح کمی کی جائے تو کہ عام آدمی کو محسوس ہو کہ گزشتہ ماہ کی نسبت اس مہینے کم پیسوں میں مہینہ گزر گیا ہے۔ صرف کچن آئٹمز ہی سستی کر دی جائیں تو لوگوں کے چہرے نہال ہو سکتے ہیں۔ بجلی گیس کے بلوں میں عوام کو حقیقی ریلیف دینے کے لیے پروٹیکٹڈ، نان پروٹیکٹڈ اور سلیب ریٹ سسٹم کا خاتمہ ہونا چاہیے۔ یونٹس جتنی بھی استعمال ہوں ہر یونٹ کا ریٹ ایک ہی ہونا چاہیے۔ سلیب ریٹ کے ذریعے عوام کا خون نچوڑا جا رہا ہے۔ جیسے 199 یونٹس کا بل 2000 آتا تھا اور 201 یونٹ کا بل 5000 سے تجاوز کر جاتا تھا یعنی صرف ایک یونٹ عوام کو 3000 روپے کا پڑتا تھا پھر یہی نہیں ایک یونٹ زائد استعمال کرنے کا خمیازہ صارف نے اگلے چھ ماہ تک بھگتنا ہوتا ہے۔ وزیراعظم صاحب بجلی وگیس کے بلوں میں آپ صرف سلیب ریٹ ختم کر دیں پہلے 100 یونٹ کو جو ریٹ لگ رہا ہے وہ مختص کر دیں عوام کو بہت بڑا ریلیف مل جائے گا۔ بجلی کی قیمتوں کے معاملے پر ہر حکومت سیاست کرتی آئی ہے اور اسی کے ذریعے ملکی خزانہ بھی چلایا جاتا ہے۔ بجلی سستی کرنے کا ایک اور آسان فارمولہ یہ بھی ہے کہ جن افسران، بیوروکریٹس، وزراء اور دیگر اداروں کو بجلی کے مفت یونٹس دیئے جاتے ہیں انہیں ختم کر دیا جائے اور بجلی چوری کا خاتمہ کر دیا جائے تو شاید عوام کو سستی ترین بجلی مل سکتی ہے۔ ہر حکومت اعتراف کرتی ہے کہ ملک سے اربوں روپے کی بجلی چوری ہوتی ہے مگر اس کی روک تھام نہیں کی جاتی، کیا واقعی بجلی چور اتنے طاقتور ہیں یا پھر ریاست کمزور ہے جو بجلی چوروں کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کر سکتی۔ وزیراعظم میاں شہباز شریف نے جہاں بجلی کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کیا وہاں یہ بھی فرمایا کہ بجلی سالانہ 600 ارب روپے کی چوری ہوتی ہے جس کو ختم کرنے کا عزم کیا گیا۔ حکومت کو چاہیے کہ بجلی کی مد میں عوام کو جو ریلیف ملا ہے وہ کسی اور مد سے پورا نہ کرنے کی کوشش کرے اور نہ ہی بجٹ میں اتنے ٹیکسز لگائے جائیں کہ جتنا ریلیف ملا ہے اس سے دو تین گنا زیادہ عوام پر بوجھ ڈال دیا جائے۔ گزشتہ برس جولائی میں جماعت اسلامی پاکستان نے بجلی وگیس بلوں اور مہنگائی کیخلاف بھرپور احتجاج کیا، اسلام آباد میں دھرنا دیا بالآخر حکومت نے چند دنوں بعد ایک مذاکرات کے ذریعے دھرنا ختم کروا دیا۔ 10 نکات پر اتفاق ہوا، جن میں بجلی وگیس کی قیمتوں میں کمی ایک ماہ کے اندر کرنی تھی۔ آئی پی پیز کے معاہدے ختم کرنے تھے، مہنگائی کم کرنا تھی وغیرہ وغیرہ، جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن جب معاہدے کے بارے یہ اعلانات کر رہے تھے تو اس وقت وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ بھی ان کے ہمراہ کھڑے تھے، حافظ نعیم الرحمن نے اعلان کیا کہ اگر ہمارے مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو ہم ایک ماہ بعد ہی دوبارہ ڈی چوک پہنچیں گے اور پارلیمنٹ کے سامنے دھرنا دیں گے مگر 9 ماہ گزرنے کے باوجود جماعت اسلامی نے کوئی احتجاجی دھرنا دیا نہ ہی کوئی لانگ مارچ کیا بلکہ چند ہفتوں کے بعد احتجاجی جلسے کرنا بھی ختم کر دیئے، دہشت گردی کے واقعات کے باعث عوام تو اس ایشو کو بھی بھول چکے تھے کہ حکومت نے 9 ماہ بعد صرف بجلی کی قیمتوں میں تھوڑی سی کمی کی ہے جبکہ گیس، پٹرول اور اشیائے خوردونوش میں کوئی کمی واقع نہیں ہو سکی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہیں ذکر نہیں کیا کہ جماعت اسلامی کے مطالبات یا پھر ان سے کیے معاہدے کی بناء پر بجلی کی قیمتوں میں کمی کی جا رہی ہے لیکن جماعت اسلامی بجلی کی قیمتوں میں کمی کا کریڈٹ لینے کی کوشش کر رہی ہے حکومتی اتحادی جماعتیں بھی کریڈٹ اپنے کھاتے میں ڈالنے کے لیے میڈیا پر زور وشور سے بیانات جاری کر رہے ہیں۔ بجلی کی قیمتوں میں کمی کا کریڈٹ صرف حکومت کو جاتا ہے باقی "بیگانے کی شادی میں عبداللہ دیوانہ" والی بات ہی ہوگی۔ جماعت اسلامی اور اپوزیشن جماعتوں کو چاہیے کہ عوام کی آواز بنیں اور حقیقی ریلیف کیلئے جدوجہد کریں۔

عیدالفطر اور لاہور کی صفائی: ایل ڈبلیو ایم سی ورکرز کا شاندار کردار

نگاہ سجاد
سجاد علی شاکر
sajjadalishakir@gmail.com

عید الفطر خوشیوں کا تہوار ہے جو نہ صرف خاندانوں کے لیے محبت اور سکون کا پیغام لاتا ہے، بلکہ اس دن کی خوشیاں تب دوگنی ہو جاتی ہیں جب ہمارے گرد ونواح صاف ستھرے ہوں۔ لیکن لاہور جیسے بڑے شہر میں جہاں کی آبادی انتہائی کثیر ہے اور صفائی کے انتظامات میں ہمیشہ مسائل پیش آتے ہیں، وہاں عید کے دن صفائی کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ اس بار لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (ایل ڈبلیو ایم سی) نے اس چیلنج کا کامیابی سے مقابلہ کیا۔ ایل ڈبلیو ایم سی نے عید سے قبل ہی صفائی کے خصوصی انتظامات کی تیاری کی اور شہر کے مختلف علاقوں میں اضافی سینٹری ورکرز تعینات کیے، جدید مشینری کا استعمال بڑھایا اور موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے شہریوں کی شکایات کو فوری حل کرنے کی کوشش کی۔ ایل ڈبلیو ایم سی نے عید سے پہلے ہی شہر بھر میں صفائی کے حوالے سے آگاہی مہم چلائی تاکہ عوام کو کچرا صحیح جگہ پر پھینکنے کی ترغیب دی جا سکے۔ مختلف مساجد، بازاروں اور رہائشی علاقوں میں بینرز لگائے گئے اور سوشل میڈیا کے ذریعے شہریوں کو صفائی کے اصولوں سے آگاہ کیا گیا۔ اس کے علاوہ، عید کے دنوں میں خصوصی اسکواڈز تشکیل دیے گئے جنہوں نے شہر بھر میں صفائی کی نگرانی کی اور جانوروں کی باقیات کو اکٹھا کرنے کے لیے مخصوص گاڑیاں فراہم کی گئیں۔ ایل ڈبلیو ایم سی کا یہ اقدام لاہور کے شہریوں کے لیے خوشی کا باعث بنا اور انہوں نے سوشل میڈیا پر تصاویر اور ویڈیوز کے ذریعے ایل ڈبلیو ایم سی کی کوششوں کو سراہا۔ اس کے علاوہ، شہریوں نے اپنے طور پر بھی صفائی میں تعاون کا عزم ظاہر کیا اور ایک صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے میں مدد کی۔ یہ بھی سوال اٹھتا ہے کہ کیا صفائی کا ذمہ صرف حکومت اور انتظامیہ کی ہے یا شہریوں کو بھی اس میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے؟ حقیقت یہ ہے کہ اگر عوام اپنی ذمہ داری سمجھیں اور صفائی کے عمل میں تعاون کریں تو کوئی بھی شہر گندگی کا شکار نہیں ہو سکتا۔ حکومت کا کام یہ ہے کہ وہ صفائی کے بہترین انتظامات فراہم کرے، لیکن عوام کا تعاون بھی بہت ضروری ہے تاکہ شہر صاف ستھرا رہے۔ اگر ہم دیگر ترقی یافتہ ممالک کی مثال لیں تو وہاں صفائی کا بہترین نظام عوامی تعاون کی بدولت ہی ممکن ہوتا ہے۔ ہر شہری اپنی ذمہ داری کو سمجھتا ہے اور حکومت کے ساتھ مل کر صفائی کے عمل میں حصہ لیتا ہے۔ ہمیں بھی اپنے ملک میں صفائی کے اصولوں پر عمل کرنا چاہیے تاکہ ہم اپنے ملک کو بہتر اور صاف ستھرا بنا سکیں۔ ایل ڈبلیو ایم سی نے عید کے دوران جو شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا، اس پر کمپنی کی انتظامیہ اور سی ای او مبارکباد کے مستحق ہیں۔ ان کی کوششوں سے یہ ثابت ہو گیا کہ اگر نیت صاف ہو تو شہر کو صاف رکھا جا سکتا ہے۔ یہ ایک مثبت پیغام ہے کہ اگر ہم سب مل کر کام کریں تو پاکستان کو ایک صاف، سرسبز اور خوشحال ملک بنایا جا سکتا ہے۔

عید الفطر خوشیوں کا تہوار ہے جو نہ صرف خاندانوں کے لیے محبت اور سکون کا پیغام لاتا ہے، بلکہ اس دن کی خوشیاں تب دوگنی ہو جاتی ہیں جب ہمارے گرد ونواح صاف ستھرے ہوں۔ لیکن لاہور جیسے بڑے شہر میں جہاں کی آبادی انتہائی کثیر ہے اور صفائی کے انتظامات میں ہمیشہ مسائل پیش آتے ہیں، وہاں عید کے دن صفائی کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ اس بار لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (ایل ڈبلیو ایم سی) نے اس چیلنج کا کامیابی سے مقابلہ کیا۔ ایل ڈبلیو ایم سی نے عید سے قبل ہی صفائی کے خصوصی انتظامات کی تیاری کی اور شہر کے مختلف علاقوں میں اضافی سینٹری ورکرز تعینات کیے، جدید مشینری کا استعمال بڑھایا اور موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے شہریوں کی شکایات کو فوری حل کرنے کی کوشش کی۔ ایل ڈبلیو ایم سی نے عید سے پہلے ہی شہر بھر میں صفائی کے حوالے سے آگاہی مہم چلائی تاکہ عوام کو کچرا صحیح جگہ پر پھینکنے کی ترغیب دی جا سکے۔ مختلف مساجد، بازاروں اور رہائشی علاقوں میں بینرز لگائے گئے اور سوشل میڈیا کے ذریعے شہریوں کو صفائی کے اصولوں سے آگاہ کیا گیا۔ اس کے علاوہ، عید کے دنوں میں خصوصی اسکواڈز تشکیل دیے گئے جنہوں نے شہر بھر میں صفائی کی نگرانی کی اور جانوروں کی باقیات کو اکٹھا کرنے کے لیے مخصوص گاڑیاں فراہم کی گئیں۔ ایل ڈبلیو ایم سی کا یہ اقدام لاہور کے شہریوں کے لیے خوشی کا باعث بنا اور انہوں نے سوشل میڈیا پر تصاویر اور ویڈیوز کے ذریعے ایل ڈبلیو ایم سی کی کوششوں کو سراہا۔ اس کے علاوہ، شہریوں نے اپنے طور پر بھی صفائی میں تعاون کا عزم ظاہر کیا اور ایک صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے میں مدد کی۔ یہ بھی سوال اٹھتا ہے کہ کیا صفائی کا ذمہ صرف حکومت اور انتظامیہ کی ہے یا شہریوں کو بھی اس میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے؟ حقیقت یہ ہے کہ اگر عوام اپنی ذمہ داری سمجھیں اور صفائی کے عمل میں تعاون کریں تو کوئی بھی شہر گندگی کا شکار نہیں ہو سکتا۔ حکومت کا کام یہ ہے کہ وہ صفائی کے بہترین انتظامات فراہم کرے، لیکن عوام کا تعاون بھی بہت ضروری ہے تاکہ شہر صاف ستھرا رہے۔ اگر ہم دیگر ترقی یافتہ ممالک کی مثال لیں تو وہاں صفائی کا بہترین نظام عوامی تعاون کی بدولت ہی ممکن ہوتا ہے۔ ہر شہری اپنی ذمہ داری کو سمجھتا ہے اور حکومت کے ساتھ مل کر صفائی کے عمل میں حصہ لیتا ہے۔ ہمیں بھی اپنے ملک میں صفائی کے اصولوں پر عمل کرنا چاہیے تاکہ ہم اپنے ملک کو بہتر اور صاف ستھرا بنا سکیں۔ ایل ڈبلیو ایم سی نے عید کے دوران جو شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا، اس پر کمپنی کی انتظامیہ اور سی ای او مبارکباد کے مستحق ہیں۔ ان کی کوششوں سے یہ ثابت ہو گیا کہ اگر نیت صاف ہو تو شہر کو صاف رکھا جا سکتا ہے۔ یہ ایک مثبت پیغام ہے کہ اگر ہم سب مل کر کام کریں تو پاکستان کو ایک صاف، سرسبز اور خوشحال ملک بنایا جا سکتا ہے۔

بجلی کی قیمتوں میں تاریخی ریلیف اور آئی ایم ایف

نظر کے سامنے
ڈاکٹر جمشید نظر
nazarjamshaid@gmail.com

بجلی کی قیمت میں ریلیف "قوم کو مبارک ہو۔ آئندہ بھی اس طرح کے بے شمار ریلیف دیں گے۔" وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے ان الفاظ کے ساتھ بجلی قیمتوں میں کمی کا اعلان کیا گیا تو مایوس عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ حکومت کی جانب سے عوام کو دیا جانے والا یہ وہ تحفہ تھا جس کی پیش گوئیاں عیدالفطر سے قبل کی جا رہی تھیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے بجلی کی قیمتوں میں کمی کا اعلان صرف ایک اقتصادی ریلیف نہیں بلکہ یہ عوامی اعتماد کو بھی بحال کرنے کا ایک اہم قدم ہے۔ پاکستان میں توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے نتیجے میں پیدا ہونے والی عوامی بے چینی اور احتجاجات نے حکومت کے لیے ایک سنگین چیلنج پیدا کیا تھا اس اعلان سے عوام میں یہ تاثر پیدا ہوا ہے کہ حکومت ان کے مسائل اور تکالیف کو سمجھتی ہے اور ان کے مفاد میں فیصلے کر رہی ہے۔ یہ بات سب بخوبی جانتے ہیں کہ پاکستان میں آئی ایم ایف کا سات ارب ڈالر کا قرض پروگرام جاری ہے جس کے تحت کسی قسم کی مراعات دینے کی ممانعت ہوتی ہے اس کے باوجود وزیراعظم شہباز شریف نے کس طرح عوام کو ریلیف دینے کے لئے آئی ایم ایف کو رضامند کیا یہ واقعی ایک مشکل مرحلہ تھا۔ اس ریلیف کا ایک اور اہم پہلو یہ بھی ہے کہ یہ خاص طور پر گرمی کے موسم کے آغاز میں دیا گیا ہے جب بجلی کی طلب میں اضافہ ہو جاتا ہے اور گھریلو صارفین کو بجلی کے بلز کی ادائیگی میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مجھے یاد ہے پچھلی گرمیوں میں جب بجلی کے بل آئے تو عوام بلبلا اٹھی تھی، بجلی کے بلوں پر گھریلو جھگڑے اور خودکشی کے واقعات بھی سامنے آئے۔ صنعتی شعبے کے لیے اس ریلیف کے اعلان کا خاص فائدہ یہ ہوگا کہ بجلی کی کم قیمتوں سے پیداواری لاگت بھی کم ہوگی جو کہ پاکستان کی صنعتوں کے لیے ایک اہم مسئلہ رہا ہے۔ بجلی کی قیمتوں میں کمی کے نتیجے میں نہ صرف صنعتوں کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوگا بلکہ برآمدات کے شعبے کو بھی تقویت ملے گی۔ جب صنعتوں کی پیداواری لاگت کم ہوگی تو وہ عالمی مارکیٹ کے چیلنجز کا بہتر انداز میں مقابلہ کر سکیں گی جس سے برآمدات میں اضافہ ہوگا اور پاکستان کی معیشت مستحکم ہوگی اس کے علاوہ اگر صنعتوں کی پیداواری لاگت میں کمی آتی ہے تو اس کے اثرات روزگار کے مواقع پر بھی پڑیں گے۔ صنعتیں زیادہ پیداوار کے ساتھ اپنے آپریشنز کو بڑھا سکتی ہیں جس سے نئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور بے روزگاری کی شرح میں کمی آ سکتی ہے۔ بجلی کی قیمتوں میں کمی کا یہ اقدام فی الوقت عوام اور صنعتوں کو فائدہ تو دے گا لیکن اس کا اثر اس بات پر منحصر ہے کہ حکومت توانائی کے شعبے میں مزید کیا اصلاحات کرتی ہے کیونکہ پاکستان کا توانائی کا نظام کئی برسوں سے مشکلات کا شکار ہے اور بجلی کی پیداوار اور ترسیل میں کمی کے ساتھ ساتھ بجلی کی چوری اور لائن لاسز بھی ایک بڑی پریشانی ہیں اس لیے حکومت کو بجلی کی قیمت میں کمی کو مستقل بنانے کے لیے توانائی کے شعبے میں بنیادی اصلاحات کرنا ہوں گی تاکہ بجلی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کے نظام میں استحکام آ سکے۔ اگر حکومت توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کرے، جدید ٹیکنالوجیز کو فروغ دے اور توانائی کے وسائل کی بہتر منصوبہ بندی کرے تو نہ صرف قیمتوں میں استحکام آئے گا بلکہ ملک کو توانائی کی کمی کا سامنا بھی نہیں ہوگا اس کے علاوہ "renewable energy" یعنی متبادل توانائی کے ذرائع جیسے سولر، ہوا اور پانی سے بجلی پیدا کرنے کی کوششیں بھی اس حوالے سے اہم ثابت ہو سکتی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے وعدہ کیا ہے کہ ملک میں گردشی قرضوں میں کمی لائی جائے گی، اوپن مارکیٹ قائم کر کے بجلی کو مزید سستا کیا جائے گا اور ڈسکوز کی فوری نجکاری کی جائے گی جس سے بجلی کی پیداوار بڑھے گی اور اس کی قیمتوں میں مزید کمی آئے گی۔ سوشل میڈیا صارفین کا کہنا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کا بجلی کی قیمتوں میں کمی کا فیصلہ ایک مثبت قدم ہے جو نہ صرف گھریلو صارفین کے لئے بلکہ صنعتی شعبے کے لیے بھی فائدہ مند ثابت ہوگا۔ وزیراعظم کے اعلان کے بعد گھریلو صارفین کی زندگی میں آسانی کی امید جاگی ہے۔ بجلی کی قیمتوں میں کمی سے صارفین کی ماہانہ بلز میں واضح کمی آئے گی جو کہ ایک بوجھ کم کرنے کے مترادف ہے خاص طور پر وہ گھرانے جو کم آمدنی رکھتے ہیں ان کے لیے یہ کمی بہت اہمیت کی حامل ہے اگر قیمتوں میں اس کمی کا فائدہ صحیح طور پر عوام تک پہنچتا ہے تو اس سے ان کے روزمرہ کے اخراجات میں خاطر خواہ بچت ہو سکتی ہے۔

بجلی کی قیمت میں ریلیف "قوم کو مبارک ہو۔ آئندہ بھی اس طرح کے بے شمار ریلیف دیں گے۔" وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے ان الفاظ کے ساتھ بجلی قیمتوں میں کمی کا اعلان کیا گیا تو مایوس عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ حکومت کی جانب سے عوام کو دیا جانے والا یہ وہ تحفہ تھا جس کی پیش گوئیاں عیدالفطر سے قبل کی جا رہی تھیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے بجلی کی قیمتوں میں کمی کا اعلان صرف ایک اقتصادی ریلیف نہیں بلکہ یہ عوامی اعتماد کو بھی بحال کرنے کا ایک اہم قدم ہے۔ پاکستان میں توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے نتیجے میں پیدا ہونے والی عوامی بے چینی اور احتجاجات نے حکومت کے لیے ایک سنگین چیلنج پیدا کیا تھا اس اعلان سے عوام میں یہ تاثر پیدا ہوا ہے کہ حکومت ان کے مسائل اور تکالیف کو سمجھتی ہے اور ان کے مفاد میں فیصلے کر رہی ہے۔ یہ بات سب بخوبی جانتے ہیں کہ پاکستان میں آئی ایم ایف کا سات ارب ڈالر کا قرض پروگرام جاری ہے جس کے تحت کسی قسم کی مراعات دینے کی ممانعت ہوتی ہے اس کے باوجود وزیراعظم شہباز شریف نے کس طرح عوام کو ریلیف دینے کے لئے آئی ایم ایف کو رضامند کیا یہ واقعی ایک مشکل مرحلہ تھا۔ اس ریلیف کا ایک اور اہم پہلو یہ بھی ہے کہ یہ خاص طور پر گرمی کے موسم کے آغاز میں دیا گیا ہے جب بجلی کی طلب میں اضافہ ہو جاتا ہے اور گھریلو صارفین کو بجلی کے بلز کی ادائیگی میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مجھے یاد ہے پچھلی گرمیوں میں جب بجلی کے بل آئے تو عوام بلبلا اٹھی تھی بجلی کے بلوں پر گھریلو جھگڑے اور خودکشی کے واقعات بھی سامنے آئے۔ صنعتی شعبے کے لیے اس ریلیف کے اعلان کا خاص فائدہ یہ ہوگا کہ بجلی کی کم قیمتوں سے پیداواری لاگت بھی کم ہوگی جو کہ پاکستان کی صنعتوں کے لیے ایک اہم مسئلہ رہا ہے۔ بجلی کی قیمتوں میں کمی کے نتیجے میں نہ صرف صنعتوں کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوگا بلکہ برآمدات کے شعبے کو بھی تقویت ملے گی۔ جب صنعتوں کی پیداواری لاگت کم ہوگی تو وہ عالمی مارکیٹ کے چیلنجز کا بہتر انداز میں مقابلہ کر سکیں گی جس سے برآمدات میں اضافہ ہوگا اور پاکستان کی معیشت مستحکم ہوگی۔

قوت

حرا مانی کو عید کے بولڈ لباس پر شدید تنقید کا سامنا



لاہور: (شوبز رپوٹر) مشہور پاکستانی اداکارہ اور ٹیلی ویژن ہوسٹ حرا مانی کو حالیہ دنوں میں اپنے عید کے بولڈ لباس کی وجہ سے سوشل میڈیا پر خاصی تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ حرا مانی مقبول ڈراموں دو بول، کشف، سن یارا اور میرے پاس تم ہو میں اپنی جاندار اداکاری کے باعث شہرت حاصل کر چکی ہیں۔ انہوں نے عید کے موقع پر کچھ ایسی ساڑھیاں زیب تن کیں جن میں ان کا جسم نمایاں طور پر ظاہر ہو رہا تھا، جیسے ہی ان کی تصاویر سوشل میڈیا پر پوسٹ ہوئیں مداحوں نے ان پر سخت تنقید کرنا شروع کر دی۔ ناقدین کا کہنا ہے کہ حرا مانی نے ایک بار پھر بولڈ لباس کا انتخاب کر کے اسلامی معاشرتی اقدار کو مجروح کیا ہے۔ ایک صارف نے تبصرہ کیا ہے کہ حرا مانی دن بدن بولڈ ہوتی جا رہی ہیں، ایک اور صارف نے کہا ہے کہ یہ اداکارائیں پیسہ اور کام حاصل کرنے کے لیے ایسے لباس پہنتی ہیں۔ کچھ لوگوں نے ان کے شوہر اور بچوں کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ وہ کس طرح اپنی والدہ کو ایسے لباس پہننے کی اجازت دے سکتے ہیں۔ ایک صارف نے تو یہاں تک کہا کہ نہ چہرے میں کوئی کشش ہے اور نہ ہی کپڑوں میں، جدید اور بولڈ لباس پہن کر بھی خوبصورتی نظر نہیں آتی، ایک اور صارف نے رمضان کے دوران ان کے آنسوؤں کو یاد کرتے ہوئے طنز کیا کہ یہ وہی ہیں جو رمضان میں روتی نظر آتی تھیں۔

عینا آصف بھی 'ڈیپ فیک' ویڈیو کا شکار

لاہور: (شوبز رپوٹر) مصنوعی ذہانت نے جہاں لوگوں کے لیے آسانیاں پیدا کی ہیں وہیں یہ کئی افراد کے لیے مشکلات اور اذیت کا سبب بھی بن رہی ہے۔ پاکستان میں انٹرنیٹ خواندگی کی کمی کی وجہ سے بیشتر لوگ اصل اور جعلی ویڈیوز میں فرق نہیں کر پاتے جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے جعلی ویڈیوز بنانے کا رجحان تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ حالیہ دنوں میں کئی مشہور شخصیات کو مصنوعی ذہانت سے بنائی گئی جعلی ویڈیوز کے ذریعے نشانہ بنایا گیا ہے اور اب اس کی زد میں کم عمر اداکارہ عینا آصف بھی آگئی ہیں، سوشل میڈیا پر ان کی ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں انہیں سگریٹ پیتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ یہ ویڈیو سامنے آتے ہی صارفین کے درمیان بحث چھڑ گئی، کئی افراد نے اس ویڈیو کو حقیقی سمجھ کر اداکارہ پر تنقید کی جبکہ کچھ صارفین نے اسے جعلی اور ایڈٹ شدہ قرار دیا۔ یہ واقعہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ مصنوعی ذہانت کے غلط استعمال سے نہ صرف مشہور شخصیات بلکہ عام لوگ بھی متاثر ہو سکتے ہیں، انٹرنیٹ صارفین کو چاہیے کہ وہ کسی بھی وائرل ویڈیو کو شیئر یا اس پر تبصرہ کرنے سے پہلے اس کی حقیقت کو جانچ لیں تاکہ غلط معلومات کے پھیلاؤ کو روکا جاسکے محبت میں عمر کا فرق اہمیت نہیں رکھتا: احد رضا میر ایک ویب انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ایسے کوئی سخت قوانین موجود نہیں ہیں کہ محبت کرنے کے لیے کسی کی کتنی عمر ہونی چاہیے یا پھر کسی کو کتنا جوان ہونا چاہیے۔ جب دو لوگ ایک دوسرے کے قریب آتے ہیں، ایک دوسرے کو سمجھتے ہیں اور دونوں کے درمیان محبت ہوتی ہے تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ دونوں کی عمروں میں کتنا فرق ہے۔ ساتھی

زندگی کا صرف 30 فیصد حصہ دنیا کے سامنے پیش کرتی ہوں: ایمن خان

پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی مشہور اداکارہ ایمن خان نے کہا ہے کہ میں اپنی زندگی کا صرف 30 فیصد حصہ دنیا کے سامنے پیش کرتی ہوں۔ اداکارہ ایمن خان نے حال ہی میں ایک انٹرویو میں بتایا ہے کہ ہم خوش مزاج لوگ ہیں، ہمیں گھومنے پھرنے کا شوق ہے اور یہی چیز میں انسٹاگرام پر شیئر کرتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ لوگ خلوص اور حقیقت پسندی کو پسند کرتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ مداح میرے ساتھ جڑے رہتے ہیں، میں اپنی زندگی کا صرف 30 فیصد حصہ دنیا کے سامنے پیش کرتی ہوں جبکہ باقی 70 فیصد زندگی نجی رکھتی ہوں۔ ایمن خان نے سوشل میڈیا کے بڑھتے ہوئے رجحان کے بارے میں بھی بات کی اور انہوں نے اعتراف کیا کہ ماضی میں بے ساختہ کچھ کہہ دیتی تھی جو بعض اوقات دوسروں کے جذبات کو ٹھیس پہنچا سکتا تھا تاہم میں نے سوشل میڈیا کے دور میں اپنے الفاظ کے انتخاب میں احتیاط برتنا سیکھ لی ہے۔ اداکارہ نے کہا یہ بھی کہا ہے کہ اب میں یہ سوچتی ہوں کہ میری باتوں سے کسی کا دل نہ دکھے، پہلے میں بے ساختہ کچھ بھی بول دیتی تھی مگر اب میں بہت محتاط ہوگئی ہوں۔

ساحر حسن منشیات برآمدگی کیس میں اہم پیشرفت

درخواست گزار کی ضمانت کے حوالے سے حتمی فیصلہ ریگولر بینچ کرے گا

کراچی (شوبز رپوٹر) سندھ ہائیکورٹ نے معروف اداکار ساجد حسن کے بیٹے ساحر حسن کی ضمانت کی درخواست ریگولر بینچ کو بھیجنے کی ہدایت کردی۔ رپورٹ کے مطابق سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ نے منشیات برآمدگی کیس میں گرفتار ملزم ساحر حسن کی ضمانت کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ یہ معاملہ ریگولر کورٹ کے دائرہ اختیار میں آتا ہے، لہٰذا درخواست کو ریگولر بینچ کے روبرو پیش کیا جائے۔ عدالت نے کیس کی سماعت ملتوی کرتے ہوئے متعلقہ بینچ کو 14 روز میں مسئلہ حل کرنے کی ہدایت بھی کی۔ وکیل درخواست گزار نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزم عدالتی ریمانڈ پر جیل میں ہے اور اس پر منشیات برآمدگی کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ساحر حسن کو 22 فروری کو ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی (ڈی ایچ اے) فیز 6 سے گرفتار کیا گیا تھا اور اس کے قبضے سے 5 پیکٹ ویڈ (گانجا) برآمد ہوا تھا۔ عدالت نے مزید ہدایت دی کہ کیس کو جلد نمٹانے کے لیے ضروری کارروائی مکمل کی جائے۔

لالی وڈ کوئین صائمہ اور بنٹو بٹ کی رومانس اور ایکشن سے بھرپور فلم ''عشقِ لاہور'' نے عید دنگل جیت لیا

لاہور کے شبستان سینما میں عید الفطر کے تینوں روز ریکارڈ بزنس، عید کے بعد بھی ڈیمانڈ میں کمی نہیں آئی



لاہور (میاں انجم شہزاد) ایکشن، رومانس اور ڈرامہ سے بھرپور پاکستانی فلمی صنعت کی نئی فلم ''عشقِ لاہور'' نے عید الفطر کا فلمی دنگل اپنے نام کرلیا ہے۔ عید الفطر پر ریلیز ہوئی فلم نے عید کے تینوں روز شاندار بزنس کیا اور شبستان سینما میں فلم کے بیشتر شوز ہاؤس فل رہے، فلمی حلقوں کے مطابق ''عشقِ لاہور'' پاکستانی فلموں کے شائقین کی اولین پسند کے طور پر سامنے آئی اور فیملیز کی بڑی تعداد نے سینما گھر میں فلم سے لطف اٹھایا۔ ڈسٹری بیوشن کلب کی پیش کردہ فلم میں لالی وڈ کوئین صائمہ، التمش بٹ کی اداکاری کو خاص طور پر سراہا گیا ہے۔ صائمہ اور التمش بٹ کی طنز و مزاح سے بھرپور نوک جھوک اور زندہ دلی نے میاں بیوی کے رشتے کی روایتی خوبصورتی کو اجاگر کیا، ساتھ ہی ساتھ فلم کے گیتوں کو بھی پسند کیا گیا۔ فلم کی دیگر کاسٹ میں لیجنڈ آرٹسٹ جاوید شیخ، شمعون عباسی، قیصر پیا سمیت دیگر نامور فنکار شامل ہیں۔ ٹریڈ حلقوں کے مطابق "عشقِ لاہور'' کے حوصلہ افزا بزنس نے لاہور کی فلمی صنعت کو تازہ آکسیجن فراہم کی ہے، جس سے نہ صرف دیگر فلمسازوں کو ہمت اور حوصلہ ملے گا اور فلم کے شاندار بزنس کا سلسلہ آئندہ کئی ہفتوں تک کامیابی سے جاری رہے گا

خاتون کالر کی جانب سے سبسکرائبرز بڑھانے کے وظیفے مانگنے کی ویڈیو وائرل

لاہور (شوبز رپوٹر) اداکارہ و ٹی وی میزبان جویریہ سعود کے رمضان شو میں خاتون کالر کی جانب سے یوٹیوب پر سبسکرائبرز بڑھانے کا وظیفہ مانگنے کی ویڈیو وائرل ہوگئی۔ خاتون ولاگر اور یوٹیوبر کی جانب سے مولانا صاحب سے سبسکرائبرز اور فالوورز بڑھانے کا وظیفہ مانگنے کی وائرل ویڈیو پر صارفین نے دلچسپ تبصرے بھی کیے۔ کراچی سے تعلق رکھنے والی خاتون نے سوال کیا کہ وہ ولاگنگ کرتی ہیں اور یوٹیوب سے بڑی محنت سے ایک سال سے مواد شیئر کر رہی ہیں لیکن ان کے سبسکرائبرز نہیں بڑھ رہے۔ خاتون نے مولانا صاحب سے سبسکرائبرز بڑھانے کا وظیفہ مانگا، جس کی ویڈیو وائرل ہوگئی اور صارفین نے اس پر دلچسپ تبصرے بھی کیے۔ خاتون ولاگر کی جانب سے سبسکرائبرز بڑھانے کا وظیفہ مانگنے پر مولانا صاحب نے انہیں محنت سے اچھا مواد تیار کرنے کی تلقین کی اور کہا وہ محنت جاری رکھیں، انہیں کامیابی ملے گی۔ مولانا صاحب نے خاتون ولاگر کو کہا کہ وہ محنت سے مواد تیار کرنے کے ساتھ ساتھ خدا سے دعا مانگا کریں کہ ان کے کام میں برکت ڈالی جائے۔ خاتون ولاگر کی جانب سے سبسکرائبرز بڑھانے کا وظیفہ مانگنے پر صارفین نے دلچسپ تبصرے کرتے ہوئے لکھا کہ ڈیجیٹل مولانا سے ڈیجیٹل سوال کیا گیا۔ اسی طرح بعض افراد نے لکھا کہ خاتون ولاگر کے ساتھ جو مسئلہ درپیش ہے، وہ مسئلہ ان کے ساتھ بھی ہے اور اس کا وظیفہ بتایا جانا چاہیے۔ بعض افراد نے خاتون کالر کے وظیفہ مانگنے پر جویریہ سعود کے چہرے پر آنے والے تاثرات کی نشاندہی بھی کی اور لکھا کہ میزبان سوچتی ہوں گی، کون ہیں یہ لوگ، کہاں سے آتے ہیں یہ لوگ کچھ صارفین نے فضول سوالات کرنے پر رمضان نشریات پر بھی تنقید کی اور لکھا کہ رمضان شو میں ایسے سوالات اور فضول باتیں نہ کی جائیں تو بہتر ہے۔ اس سے قبل بھی جویریہ سعود کے رمضان شو میں کالرز کی جانب سے مختلف مسائل کے وظائف پوچھے جانے کی ویڈیوز وائرل ہوچکی ہیں۔

پولیو کے خاتمے کیلئے مربوط کوششوں کی ضرورت

اقصیٰ ناز ایڈووکیٹ

پولیو کا مرض پولیو وائرس کی وجہ سے لاحق ہوتا ہے۔ یہ وائرس ریڑھ کی ہڈی پر حملہ کرتا ہے، جس کے باعث انسان زندگی بھر کے لئے معذور ہو جاتا ہے۔ پاکستان میں گزشتہ 14 برسوں کے دوران تقریباً 1400 بچے پولیو وائرس سے معذور ہو چکے ہیں۔ شعبہ طب کی تاریخ بتاتی ہے کہ پولیو کئی ہزار برس پرانا مرض ہے، جو قدیم مصریوں میں پایا جاتا تھا۔ مصر میں کھدائی کے دوران دیواروں پر ایسے نقش و نگار سامنے آئے ہیں جن میں صحت مند افراد کے ساتھ ٹانگوں، ہاتھوں سے معذور اور بیساکھیوں کے سہارے کھڑے بچے بھی موجود ہیں۔ پھر اہرامِ مصر سے ملنے والی بعض ممیوں (Mummies) میں بھی ایسی علامات پائی گئیں، جو پولیو سے ملتی جلتی ہیں۔ 1789ء میں پہلی بار ایک برطانوی ڈاکٹر مائیکل انڈر ووڈ (Michael Underwood) کے مطابق پولیو کا مخصوص وائرس منہ کے ذریعے جسم میں داخل ہو کر اعصابی نظام کو کمزور کر دیتا ہے، جس کے نتیجے میں یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ 1900ء میں یورپ اور امریکہ پولیو کی زد میں آگئے تھے۔ 1907ء میں نیویارک میں پولیو سے 2500 افراد ہلاک ہوئے، جس کے بعد تحقیقات کا آغاز ہوا۔ 1908ء میں دو فاضل ڈاکٹروں کارل لینڈ اسٹینر (Karl Landsteiner) اور ارون پوپر (Erwin Popper) نے اس مرض کا باعث بننے والے وائرس کی دریافت کا اعلان کیا، مگر 1916ء میں نیویارک ہی میں پولیو اس قدر تیزی سے پھیلا تھا کہ لوگوں نے خوف کے مارے گھر بار چھوڑ کر نزدیکی پہاڑوں میں رہائش اختیار کرنی شروع کر دی تھی۔ تیز بخار کے ساتھ لوگوں کے جسمانی اعضاء مفلوج ہو رہے تھے، جب کہ کئی افراد لقمہ اجل بن گئے تھے۔ 1917ء سے لے کر 1950ء تک پولیو کے علاج کے ضمن میں کئی طریقے آزمائے گئے، جن میں ہائیڈرو الیکٹرک (Hydroelectric) اور کیج (Cage) کے علاوہ ناکارہ ہو جانے والے اعضاء، خصوصاً ٹانگوں میں حرکت پیدا کرنے والی ورزشیں اور مساج وغیرہ شامل تھے، تاہم پولیو کے علاج میں انقلاب اس وقت آیا، جب 1950ء میں ایک امریکی فزیشن اور تحقیق کار ولیم مک ڈووال ہیمن (William Mcdowell Hammon) نے پولیو کے مریضوں کے خون سے حاصل کی گئیں ضدِ اجسام (Antibodies) سے ایک سیرم (Serum) تیار کیا، جو پولیو کا پھیلاؤ روکنے میں 80 فیصد مؤثر ثابت ہوا، مگر یہ طریقِ علاج مہنگا تھا۔ بالآخر 1952ء میں پولیو کے خلاف تیار کردہ ویکسین پہلی بار آزمائی گئی اور 12 اپریل 1955ء کو اس ویکسین کی کامیابی کا اعلان باقاعدہ طور پر ریڈیو کے ذریعے کیا گیا۔ 1955ء میں امریکہ نے بھی پولیو ویکسین کی منظوری دے دی، جس کے بعد مختصر عرصے میں امریکہ میں پولیو کے کیسز 58000 ہزار سے کم ہو کر صرف 5600 رہ گئے۔ یہ ویکسین ٹیکے (انجکشن) کے ذریعے پٹھوں (مسلز) میں لگائی گئی تھی، جسے طبی اصطلاح میں آئی پی وی (Inactivated Polio Vaccine) کہتے ہیں۔ 1961ء میں ڈاکٹر البرٹ سابن (Albert Sabin) نے اورل ویکسین او پی وی (Oral Polio Vaccine) متعارف کروائی، جو قطروں کی صورت پلائی جاتی ہے۔ مذکورہ دونوں اقسام کی ویکسینز کی بدولت 1961ء میں امریکہ میں پولیو کے صرف 161 کیسز رپورٹ ہوئے، جب کہ دیگر ممالک بھی بتدریج پولیو ویکسین کے ذریعے ایک موذی مرض کو شکست دینے میں کامیاب رہے۔ 1979ء میں امریکہ میں پولیو کا آخری کیس رپورٹ ہوا۔ پولیو کے خلاف مؤثر ویکسین میسر آنے کے بعد دنیا بھر میں انسدادِ پولیو مہم زور پکڑتی چلی گئی۔ اس وقت پاکستان، افغانستان اور ایک آدھ افریقی ملک کے علاوہ پوری دنیا سے پولیو کا خاتمہ ہو چکا ہے۔ پاکستان میں پولیو سے بچاؤ کے لئے حفاظتی ٹیکوں کی ابتداء 1974ء میں ہوئی، تاہم سرکاری طور پر اس مرض کے خلاف اعلانِ جنگ 1994ء میں کیا گیا۔ گزشتہ ایک دہائی کے دوران یہ جنگ عروج پر رہی اور پولیو ویکسی نیشن کی 100 سے زیادہ ملک گیر مہمات عمل میں آئیں، لیکن نتیجہ حوصلہ افزا نہ تھا۔ مارچ 2001ء میں دو کروڑ 70 لاکھ بچوں کی ویکسی نیشن کی گئی اور قطرے بھی پلائے گئے۔ 2004ء میں 3 کروڑ بچوں کی ویکسی نیشن کے لئے آٹھ بار پولیو مہم شروع کی گئی۔ 2015ء میں ملک میں 40 لاکھ بچوں کو ویکسین کی ایک ہی حتمی ڈوز دی گئی۔ ان مہموں کے نتیجے میں 2014ء کے مقابلے میں 2015ء میں پولیو کیسز میں 70 فیصد کمی واقع ہوئی اور خیال تھا کہ 2016ء میں پاکستان "پولیو فری ملک" کہلائے گا، لیکن جب گڈاپ، کوئٹہ، پشین، قلعہ عبداللہ، پشاور کے نواحی علاقوں، مثلاً مردان، چارسدہ، نوشہرہ اور لکی مروت سے حاصل کی کردہ پانی کے نمونوں میں پولیو وائرس پایا گیا تو ہدف حاصل ہوتا نظر نہیں آیا۔ افسوس کہ مزید 5 برس کا عرصہ گزر جانے کے باوجود آج بھی ان علاقوں میں نہ پینے کا صاف پانی میسر ہے اور نہ صفائی ستھرائی کی صورت حال میں کوئی بہتری آئی ہے، جب کہ مقامی لوگوں کے ذہنوں میں ویکسین سے متعلق شکوک و شبہات بھی برقرار ہیں۔ رواں برس پولیو کے 8 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں، جو گزشتہ دو برسوں کی نسبت اگرچہ کم ہیں، لیکن یہ بھی لمحہ فکریہ ہے کہ ایک ایٹمی قوت ہونے کے باوجود پاکستان ایتھوپیا، سرالیون اور افغانستان جیسے ممالک کی صف میں کیوں کھڑا ہے۔ پاکستان گزشتہ دو عشروں سے پولیو کے خاتمے کی جدوجہد کر رہا ہے، اس کے باوجود "پولیو فری زون" میں داخل نہیں ہو سکا، جس کے پس پردہ کئی عوامل کارفرما ہیں، مثلاً حکومتی غفلت، غلط ترجیحات، غیر ملکی فنڈز اور عطیات کا لالچ، ہمارا فرسودہ سماجی ڈھانچا اور صحت کا غیر مربوط نظام وغیرہ۔ ایک سابق منتظم کے مطابق پاکستان میں شروع ہی سے پولیو کے خاتمے کی مہم کا کام غیر حقیقی اور ناقص بنیادوں پر ہوا، کیونکہ صرف پولیو کے قطرے پلانے اور ٹیکے لگوانے پر زور دیا گیا، جب کہ پولیو کا باعث بننے والے دیگر عوامل پر بالکل توجہ نہیں دی گئی۔ پولیو کا وائرس انسانی فضلے اور آلودہ پانی کے ذریعے پھیلتا ہے۔ افسوس ناک امر ہے کہ زیادہ تر دیہات میں کھلے مقامات، خاص طور پر کھیتوں، دریاؤں اور نہروں کے کنارے بہ طور بیت الخلا استعمال کیے جاتے ہیں۔ انھی جگہوں پر بچے کھیلتے کودتے بھی ہیں۔ یوں آلودہ مٹی یا پانی کے ذریعے وائرس جسم تک رسائی حاصل کر لیتا ہے۔ (2015ء کی یونی سیف کی ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 4 کروڑ افراد بیت الخلا کی سہولت سے محروم ہیں)، اسے طبی اصطلاح میں "فیکو اورل ٹرانس میشن" (Feco Oral Transmission) کہا جاتا ہے، جو پولیو کے مرض کا ایک بنیادی سبب ہے۔ پولیو سے بچے زیادہ متاثر ہوتے ہیں، جس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ پاکستان میں 5 برس سے کم عمر 40 فیصد بچے غذائیت کی کمی اور مناسب نشوونما نہ ہونے کے باعث قوتِ مدافعت سے محروم ہیں۔ پھر بعض شہروں میں صاف پانی کی عدم فراہمی بھی مختلف امراض بشمول پولیو کا سبب ہے۔ دیہات میں ایک ہی جوہڑ سے انسان اور جانور پانی پیتے اور اُسی میں نہاتے بھی ہیں۔ تب ہی پولیو سروے کرنے والی ٹیمیں اکثر انھی علاقوں کو پولیو سے متاثرہ علاقے شمار کر کے پاکستان کو پولیو زدہ قرار دیتی ہیں۔ جناح ہسپتال، لاہور میں معدے اور جگر کے امراض کے ماہر ڈاکٹر مزمل کے مطابق پولیو یونانی لفظ "پولیو مائی لٹس" (Poliomyelitis) سے نکلا ہے۔

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز



معیشت نامہ

جہلم پولیس نے گزشتہ ماہ مارچ کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی

کل مال مسروقہ برآمد62لاکھ99ہزار700روپے اور15 گینگز گرفتار کیے گئے: سٹرکٹ پولیس آفیسر طارق عزیز سندھو

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پولیس نے گزشتہ ماہ مارچ کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی کل مال مسروقہ برآمد 62لاکھ 99ہزار 700 روپے اور 15 گینگز گرفتار کیے گئے تفصیلات کے مطابق جہلم پولیس نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر طارق عزیز سندھو کی کمانڈ میں ضلع جہلم میں امن وامان برقرار رکھنے، اغواء، قتل/ اندھے قتل، چوری، ڈکیتی، راہزنی جیسے سنگین نوعیت کے مقدمات کی ٹریسنگ، ملزمان کی گرفتاری، منشیات جیسی لعنت کے مکمل خاتمے، جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کی جس کے لئے جہلم پولیس دن رات مصروف عمل ہے۔ کمیونٹی پولیسنگ، بروقت انصاف کی فراہمی، لوگوں کے جان ومال کی حفاظت اور سیکورٹی مہیا کرنے کے لیے جہلم پولیس ہمہ وقت تیار ہے، اسی طرح امن وامان کو قائم رکھنے کے لیے جہلم پولیس کی طرف سے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کا سلسلہ بھی جاری ہے، گزشتہ ماہ میں کل 124 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا جن میں سے 20 مجرمان اشتہاری اے کیٹگری اور 70 مجرمان اشتہاری بی کیٹگری جبکہ 34 عدالتی مفروران کو گرفتار کیا گیا، قتل کے 05 مقدمات درج کر کے 04 ملزمان گرفتار کئے گئے، ریپ کے 04 مقدمات درج کر کے 04 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، خلاف وضع فطری کے 03 مقدمات درج کر کے 02 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، 15 گینگ ٹریس کر کے 70 مقدمات میں 38 ملزمان کو گرفتار کر کے نقدی 62لاکھ 99ہزار 700 روپے اور 20 عدد موٹر سائیکلز، 01 عدد ٹریکٹر، 02 عدد پسٹلز اور گولیاں برآمد کر لی گئی، منشیات کے 36 مقدمات درج جبکہ 36 ملزمان گرفتار، ملزمان کے قبضہ سے چرس 11 کلو 645 گرام، ہیروئن 05 کلو، آئس 04 کلو 110 گرام اور شراب کی 163 بوتلیں برآمد، غیر قانونی اسلحہ کے 30 مقدمات درج، 30 ملزمان گرفتار، جن سے پسٹلز 23 عدد، کلاشنکوف 02 عدد، رائفل 01 عدد، گن 12 بور 03 عدد، ریوالور 01 عدد اور 91 راؤنڈز برآمد، پتنگ بازی کے 04 مقدمات درج 04 ملزمان گرفتار، جن سے 179 پتنگیں اور 08 ڈوریں برآمد، قمار بازی کے 03 مقدمات درج، 13 ملزمان گرفتار، جن سے قمار بازی کی رقم 34 ہزار 700 روپے، 02 عدد موٹر سائیکل، 07 عدد موبائل فونز، کورین کرنسی 700 اور آلات قمار بازی برآمد، گیس ری فلنگ اور غیر قانونی طور پر پیٹرول فروخت کرنے والے ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن کیا گیا، جس میں گیس ری فلنگ کے 18 مقدمات درج کر کے 18 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔

بجلی کی نرخوں میں کمی کا گھریلو اور صنعتی صارفین کو فائدہ ہوگا: چوہدری اورنگزیب گورائیہ

عوام سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل کا عمل شروع ہو چکا ہے بجٹ میں مزید خوشخبریاں ملیں گی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مسلم لیگ ن کا مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہے وزیراعظم شہباز شریف نے بجلی کے بلوں میں ریلیف دینے کیلئے ساڑھے 7 روپے فی یونٹ کمی کی جس سے گھریلو اور صنعتی صارفین کو فائدہ ہوگا اس کے ساتھ ٹیرف میں بھی کمی کر دی گئی ہے جو کہ خوش آئند ہے عوام سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل کا عمل شروع ہو چکا ہے بجٹ میں مزید خوشخبریاں ملیں گی ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری اورنگزیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ مسلم لیگ ن کی قیادت میں ہمیشہ عوام کی خدمت کی گئی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں ہمیشہ عوام کو ن لیگ کے دور میں ہی ریلیف دیا گیا ہے آنے والے دنوں میں مزید خوشخبریاں ملیں گی پنجاب حکومت کی جانب سے 10 لاکھ روپے قرضے بھی دے دیے گئے ہیں جس سے بے روزگاری کا خاتمہ ممکن ہو سکے گا عوام کو دس لاکھ روپے قرض کیلئے کارڈ ملنے شروع ہو چکے ہیں۔

وفاقی وزیر صنعت و پیداوار و نیشنل فوڈ سکیورٹی رانا تنویر حسین سے مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ نے ملاقات کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار و نیشنل فوڈ سکیورٹی رانا تنویر حسین سے مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ نے ملاقات کی ہے اور ان سے ضلع کی سیاسی و انتظامی صورتحال اور تاجر برادری کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا ہے امجد نذیر بٹ نے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کو بتی چوک شیخوپورہ کو کھولنے کے عمل میں بھرپور کردار ادا کرنے پر خراج تحسین پیش کیا اور بتایا کہ تاجر برادری نے اس اقدام پر بھرپور اظہار تشکر کیا ہے ملاقات میں وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے امجد نذیر بٹ کو یقین دہانی کروائی کہ عوام کی خدمت ان کی اولین ترجیح ہے تاجر برادری کے مسائل کو حل کرنے میں بھی کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی اور اس حوالے سے وہ اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں گے تاجر برادری ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے جنہیں ریلیف کی فراہمی کیلئے حکومت ترجیحی اقدامات اٹھا رہی ہے۔

فتنہ قادیانیت سر اٹھانے کی ناکام کوشش کر رہا ہے: چوہدری رمضان مصطفیٰ سیہول

تحریک لبیک کے ایک ایک کارکن نے اپنی زندگی عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے وقف کر رکھی ہے: گلفام مصطفیٰ سیہول

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) فتنہ قادیانیت سر اٹھانے کی ناکام کوشش کر رہا ہے اسے کسی صورت بھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے تحریک لبیک کے ایک ایک کارکن نے اپنی زندگی عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے وقف کر رکھی ہے ہماری نسلیں بھی ناموس رسالت اور ختم نبوت کا دفاع کریں گی ان خیالات کا اظہار تحریک لبیک پی پی 136 کے سابق ٹکٹ ہولڈر چوہدری رمضان مصطفیٰ سیہول اور نائب امیر پی پی 136 چوہدری گلفام مصطفیٰ سیہول ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ آئین پاکستان نے قادیانیوں پر جو پابندیاں لگائی ہیں ان پر ہر صورت عملدرآمد کروائیں گے اسلام اور پاکستان دشمنوں کیلئے کوئی ریلیف نہیں ہے ان شاء اللہ ہر سانس عقیدہ ختم نبوت پر پہرہ دیں گے اس پر کوئی مجھوتہ یا نرم گوشہ نہیں ہے ہمارا سب کچھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قربان ہے۔

گھریلو جھگڑے پر شوہر نے مبینہ فائرنگ کر کے جواں سالہ بیوی کو قتل کر دیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) گھریلو جھگڑے پر شوہر نے مبینہ فائرنگ کر کے جواں سالہ بیوی کو قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق چک مہر کے رہائشی محمد جاوید نے ایک سال قبل اپنی بیٹی مریم کی شادی کوٹلی مرالاں کے رہائشی واجد علی سے کی تھی جاوید علی کے مطابق مریم کے سسرال والے آئے روز اس سے لڑتے جھگڑتے رہتے گزشتہ روز مریم نے اپنے والد کو بذریعہ کال اطلاع کر کے بلایا کہ اس کے سسرال والے اس سے جھگڑ رہے ہیں مریم کے والد محمد جاوید کے مطابق جب وہ کوٹلی مرالاں پہنچے تو اس بات پر اس کے سسرال والے طیش میں آ گئے اور واجد علی نے میرے سامنے مریم کو گولی ماردی جس سے وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئی تھانہ موترہ پولیس نے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے یاد رہے کہ گزشتہ سال کوٹلی مرالاں میں ہی سسرالیوں نے بہو زارا کو قتل کر کے لاش کے ٹکڑے کر دیے تھے

گڈ گورننس اقدامات پر ہر صورت عمل کیا جائے: ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید

ضلعی انتظامیہ کے افسران حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز کے مطابق ان تمام اقدامات پر عمل درآمد کے سلسلہ میں تسلسل سے فیلڈ میں موجود رہیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے گورننس اقدامات ہی عوامی فلاح و بہبود اور علاقائی ترقی کے ضامن ہیں، ضلعی انتظامیہ کے افسران حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز کے مطابق ان تمام اقدامات پر عمل درآمد کے سلسلہ میں تسلسل سے فیلڈ میں موجود رہیں اور تمام امور کی موثر انداز میں نگرانی کریں، یہ باتیں انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب کے گڈ گورننس اقدامات پر عمل درآمد بارے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہیں، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر، اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ احسن ممتاز گوندل، اسسٹنٹ کمشنر یو ٹی رب دینو میتلو، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ مرغوب حسین ڈوگر، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ، ایس این اے افضال حسین بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ عوام کو تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی، عوامی شکایات کے ازالہ اور ان کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام افسران خدمت کے جذبے کے تحت کام کریں اور اس سلسلہ میں ہرگز لاپرواہی نہ برتی جائے۔

مصطفیٰ آباد: انتہائی خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، 2 ساتھی فرار

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) انتہائی خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، 2 ساتھی فرار، زخمی ڈاکو کی شناخت رفاقت عرف تیتو سکنہ کھنیکے حال مقیم کاہنہ لاہور کے نام سے ہوئی، زخمی ڈاکو درجن سے زائد سنگین وارداتوں میں پولیس کو مطلوب تھا، 3 ڈاکو شہری عبدالحفیظ سے واردات کر کے فرار ہو رہے تھے، فرار ہونیوالے 2 ملزمان کی گرفتاری کیلئے ٹیم تشکیل، تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد سید ثقلین بخاری نے ڈکیتی کی واردات کر کے فرار ہونے والے ملزمان کی گرفتاری کے لئے بروقت کاروائی کرتے ہوئے پولیس مقابلہ کے بعد درجنوں سنگین وارداتوں میں ملوث کھنیکے کے رہائشی ملزم رفاقت عرف تیتو کو گرفتار کرلیا، ساتھی ڈاکو کو زخمی کر کے فرار ہونے والے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج، تینوں ڈاکو عبدالحفیظ نامی شہری سے واردات کر کے فرار ہو رہے تھے، پولیس تھانہ مصطفیٰ آباد نے فرار ہونے والے دو ملزمان کی گرفتاری کے لئے ٹیم تشکیل دے دی فرار ہونے والے ملزمان کو جلد گرفتار کرلیا جائے گا۔

دریائے راوی سے ریت نکالنے والی مشین کو آگ لگ گئی، 1 کروڑ کا نقصان

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) دریائے راوی سے ریت نکالنے والی مشین کو آگ لگ گئی 1 کروڑ روپے مالیت کی مشین جل کر خاکستر سرحدی گاؤں جنڈیالہ کلساں کے رہائشی ٹھیکیدار نوشیر کی ایکسیویٹر مشین منڈھیالی کے قریب دریائے راوی سے ریت نکال رہی تھی مزدور کھانا کھانے گئے واپسی پر مشین کو آگ لگ چکی تھی دیکھتے ہی دیکھتے 1 کروڑ روپے مالیت کی مشین جل کر تباہ ہو گئی مدعی کے مطابق مشین کو نامعلوم ملزمان نے آگ لگائی ہے نارنگ پولیس نے ٹھیکیدار مشین مالک نوشیر کی مدعیت میں نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے جبکہ شہر اور دیگر دیہات میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں دو ہنڈا 125 سمیت تین موٹر سائیکلیں چوری ایک موٹر سائیکل ڈاکو چھین کر لے گئے رحمان پارک میں حویلی سے 3 لاکھ روپے مالیت کی گائے چوری ہو گئی چوری نارنگ پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

مصطفیٰ آباد: ڈکیتی کی بوگس کال کرنے والے ملزمان گرفتار، 12 لاکھ روپے نقدی برآمد

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) ڈکیتی کی بوگس کال کرنے والے ملزمان گرفتار، 12 لاکھ روپے نقدی برآمد، تھانہ مصطفیٰ آباد پولیس کی ایس ایچ او ثقلین بخاری کی سربراہی میں بروقت کاروائی، 2 سیلز مین اور 1 ہیلپر کو گرفتار کرلیا، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں سکھیرا کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد سید ثقلین بخاری نے بروقت کاروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی بوگس کال کرنے والے نجی کمپنی کے تین ملازمین کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 12 لاکھ روپے نقدی برآمد کر کے ملزمان کو حوالات میں بند کر دیا، نجی کمپنی کے ملازمین نے 15 پر کال کی کہ نامعلوم ملزمان ہم سے 12 لاکھ روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے ہیں، ایس ایچ او سید ثقلین بخاری کی زیر نگرانی پولیس تھانہ مصطفیٰ آباد کی ابتدائی انویسٹی گیشن میں پتہ چل گیا کہ مذکورہ افراد نے پولیس کو گمراہ کرنے کی کوشش کی ہے، جس پر دو سیلز مین اور ایک ہیلپر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 12 لاکھ روپے کی نقدی برآمد کر لی گئی، ملزمان کے خلاف بوگس کال، چوری اور دھوکہ دہی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا، ڈکیتی کا ڈرامہ فلاپ کرنے پر کمپنی مالکان کی طرف سے ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں سکھیرا، ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد سید ثقلین بخاری اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ قصور پولیس کی بروقت کاروائی قابل تحسین ہے، ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

اوور چارجنگ کرنے والی پبلک ٹرانسپورٹ وہیکلز کے خلاف

کریک ڈاؤن روزانہ کی بنیاد پر جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کی ہدایت پر اوور چارجنگ کرنے والی پبلک ٹرانسپورٹ وہیکلز کے خلاف کریک ڈاؤن روزانہ کی بنیاد پر جاری ہے۔ محکمہ شاہرات کی ٹیموں نے مختلف بس سٹینڈز اور بعض سڑکوں پر گاڑیوں میں کرایوں کی وصولی کی چیکنگ کی اور مقررہ سے زائد کرایہ وصول کرنے پر ایکشن لیا گیا۔ اس موقع پر مسافروں کو اضافی کرایہ واپس کرادیا گیا۔ سیکرٹری آر ٹی اے نے خبردار کیا کہ خلاف ورزی کرنے والی مسافر گاڑیوں کے خلاف ایکشن جاری رہے گا۔

کالاخطائی نارووال روڈ پر جنڈیالہ کلساں کے قریب ٹرک نے کار کو ٹکر ماردی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) کالاخطائی نارووال روڈ پر جنڈیالہ کلساں کے قریب ٹرک نے کار کو ٹکر ماردی بعد ازاں بے قابو ہو کر الٹ گیا موٹر سائیکل موقع پر جاں بحق ساتھی زخمی بتایا گیا ہے کہ ٹرک لاہور سے نارووال جا رہا تھا کہ سامنے سے آنے والے موٹر سائیکل سوار کو ٹرک ماردی اور بے قابو ہو کر الٹ گیا جس کے نتیجہ میں موٹر سائیکل سوار 19 سالہ زین سکنہ بھائی پھیرو موقع پر جاں بحق ہو گیا جبکہ ساتھی ولید سکنہ لاہور زخمی ہوا جس کو ابتدائی طبی امداد کے بعد دیہی مرکز صحت نارنگ منتقل کر دیا گیا ہے ٹرک ڈرائیور موقع سے فرار اطلاع پر ریسکیو حکام اور پولیس موقع پر پہنچ گئی نعش ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی ٹرک ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا ہے۔

جہلم موسم گرم ہونے سے پہاڑوں پر برف پگھلنے اور بارشوں سے آبی ذخائر کی صورتحال میں بہتری آنے لگی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم موسم گرم ہونے سے پہاڑوں پر برف پگھلنے اور بارشوں سے آبی ذخائر کی صورتحال میں بہتری آنے لگی۔ دریائے جہلم میں قابل استعمال پانی کا ذخیرہ بڑھ کر ہزاروں کیوسک فٹ پر پہنچ گیا۔ واپڈا کی جانب سے منگلا ڈیم میں پانی کی تازہ صورتحال کے مطابق منگلا ڈیم میں پانی کی سطح ڈیڈ لیول سے 35 فٹ اوپر ایک ہزار 85 فٹ پر اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 98 ہزار ایکڑ فٹ پر پہنچ گیا ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز کی عوامی ریلیف کے پیش نظر پرائیویٹ اڈہ جات کی چیکنگ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز کی عوامی ریلیف کے پیش نظر پرائیویٹ اڈہ جات کی چیکنگ اور کرایوں کی اوور چارجنگ پر سخت کاروائیوں کا عندیہ دیا انہوں نے پبلک ٹرانسپورٹ میں عید الفطر کے بعد اپنے گھروں کو واپس جانے والے مسافروں سے کرایوں بارے دریافت کیا، اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز نے ٹرانسپورٹرز کو کرایہ ناموں کے مطابق پیسے چارج کرنے کے احکامات جاری کیے، انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق کرایہ ناموں پر سو فیصد عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔

محمد خلیل ملک ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر سیالکوٹ تعینات

عمائدین شہر کیجانب سے خیر مقدم و نیک خواہشات کا اظہار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے قابل پولیس آفیسر محمد خلیل ملک کو ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر سیالکوٹ تعینات کر دیا۔ اس سے پہلے ڈی ایس پی شکرگڑھ۔ نارووال۔ سیالکوٹ۔ ڈسکہ۔ پھالیہ۔ ساہیوال۔ تلہ گنگ۔ سمیت دیگر سرکل میں تعینات رہے ہیں۔ عمائدین شہر کی جانب سے خیر مقدم کیا گیا۔ مختلف مکاتب فکر کے عمائدین شہر کا کہنا ہے کہ محمد ملک ملک کی بطور ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر سیالکوٹ پہلے بھی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا گیا ان کا پنجاب پولیس کے قابل و پروفیشنل پولیس آفیسرز میں شمار ہوتا ہے۔

الحاج جمال دین پچھلے پچاس سال سے اعتکاف کی سعادت حاصل کر رہے ہیں

ان کی عبادت، لگن اور اللہ سے قربت کی یہ طویل مسافت علاقے کے لوگوں کے لیے ایک قابلِ تقلید مثال ہے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) گزشتہ پچاس سال سے رمضان المبارک میں اعتکاف کرنے والے محترم الحاج جمال دین اپنی مثال آپ ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ننکانہ صاحب کے مشہور ومعروف ثناء خواں حافظ وقاری محمد آصف جمال قادری کے والد محترم الحاج جمال دین مرکزی جامع مسجد غوثیہ سراجیہ المعروف انڈا تالاب میں پچھلے پچاس سال سے مسلسل رمضان المبارک میں اعتکاف کرنے پر ایمان، صبر اور استقامت کی ایک زندہ مثال بن گئے ہیں۔ ان کی عبادت، لگن اور اللہ سے قربت کی یہ طویل مسافت علاقے کے لوگوں کے لیے ایک قابل تقلید مثال ہے۔ حاجی صاحب گزشتہ پچاس سالوں سے ہر رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف بیٹھنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔ یہ سلسلہ اس وقت شروع ہوا جب وہ جوانی میں تھے، اور آج بھی بڑھاپے کے باوجود اسی جوش و جذبے کے ساتھ اعتکاف میں بیٹھتے ہیں۔ مسجد کے منتظمین اور نمازیوں کے مطابق حاجی صاحب کی عبادت میں ایک خاص روحانیت اور عاجزی محسوس کی جاتی ہے۔ وہ دن رات اللہ کی یاد میں مشغول رہتے ہیں، نوافل ادا کرتے ہیں، قرآن کی تلاوت کرتے ہیں درود وسلام کی کثرت کرتے ہیں اور امت مسلمہ مرحومہ کے لیے خصوصی دعائیں کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ صحت کلی کے ساتھ عمر خضر عطا فرمائے۔ آمین۔

چیئرمین اسلم نوشاہی کی عید ملن پارٹی میں شاہین میڈیا کی شرکت

سرحدی علاقہ بجوات میں زبردست ظہرانہ میں صحافیوں کی شرکت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چیئرمین شاہین میڈیا ایسوسی ایشن پیر اسلم نوشاہی نے سیالکوٹ کے سرحدی علاقہ بجوات میں واقع فارم ہاؤس میں شاہین میڈیا کے اعزاز میں پر تکلف عید ملن ظہرانے کا انعقاد کیا جس میں عہدیداران وممبران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ عید ملن پارٹی کے بعد شاہین میڈیا ایسوسی ایشن کی خصوصی میٹنگ کے دوران تلاوت کلام پاک کے بعد اہم صحافتی امور ایجنڈے کے مطابق زیر غور آئے۔ چیئرمین شاہین میڈیا پیر اسلم نوشاہی، چیف آرگنائزر رعدیل خان وسیکرٹری جنرل شاہین میڈیا آصف خان نے گفت وشنید کے بعد ممبران کی کثرت رائے سے آئندہ کے لئے شاہین میڈیا ایسوسی ایشن کے مزید مثبت وفعال کردار اور ممبر سازی بڑھانے کیلئے لائحہ عمل کا بھی اعلان کیا۔ اس موقع پر سینئر صحافی خواجہ عامر جاوید و دیگر ساتھیوں نے نئے ممبرز کو پرنٹ اینڈ الیکٹرانک میڈیا کے مزید قومی اداروں کیساتھ منسلک کرتے ہوئے شاہین میڈیا کو تقویت دینے کیلئے بھرپور کاوشوں پر اتفاق کیا گیا۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

رشتوں کے احترام پر یقین رکھتا ہوں۔ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

میرے نزدیک خونی واحترام کے تعلق انتہائی اہم ہیں۔ کنوینئر اتحاد گروپ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کنوینئر اتحاد گروپ، محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے عید الفطر کے پر مسرت موقع پر عزیز و اقارب، رشتہ داروں اور دوست احباب سے ملاقات کو ایک خوشگوار روایت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ آج کے مصروف دور میں رشتوں کی مضبوطی کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، اور ہمیں وقت کی کمی کا بہانہ بنانے کی بجائے مل جل کر رہنا چاہیے۔ اگر ہم اپنے دلوں میں محبت، بھائی چارے اور اتحاد کے جذبات کو فروغ دیں، تو ملاقاتوں اور دوسروں کے لیے وقت نکالنا کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ ہم اپنے تمام دوستوں، عزیزوں اور رشتہ داروں کے تہہ دل سے شکرگزار ہیں جنہوں نے عید کے ان مبارک دنوں میں ہماری رہائش گاہ پر تشریف لا کر ہم سے ملاقات کی اور عید کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اپنی خوشیوں کا اظہار کیا۔

ڈھنگوال بس اسٹاپ پر مخالفین کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق: ایک زخمی

جہلم (بیورو رپورٹ) تھانہ پنڈدادنخان کے علاقہ ڈھنگوال بس اسٹاپ پر مخالفین کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق ایک زخمی۔ فائرنگ کے بعد ملزمان موقع سے فرار علاقے میں خوف۔ لاشوں اور زخمی شخص کو ریسکیو 1123 کے عملے نے تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال پنڈدادنخان منتقل کر دیا گیا فائرنگ کا واقعہ دیرینہ دشمنی کا شاخسانہ بتایا جاتا ہے معلوم ہوا ہے کہ دونوں فریقین ڈی ایس پی پنڈدادنخان میں انکوائری کے سلسلے میں جا رہے تھے کہ پیچھے سے آنے والے موٹر سائیکل سواروں نے اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی جس کے نتیجے میں اللہ بخش اور جہانزیب موقع پر دم توڑ گئے جبکہ شہزاد نامی نوجوان شدید زخمی ہو گیا ریسکیو 1122 کے عملے نے لاشوں اور زخمیوں کو تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال پنڈدادنخان منتقل کر دیا ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کر دی جائیں گی دوسری جانب پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے

ڈی پی نکانہ کی ہدایت پر ضلعی پولیس کی مارچ کے مہینے کی کارکردگی رپورٹ جاری

12 خطرناک ڈکیت گینگز کے 41 ملزمان گرفتار کر کے 39 لاکھ کی نقدی اور مال مسروقہ برآمد کیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈی پی او ننکانہ کی ہدایت پر ضلعی پولیس کی مارچ کے مہینے کی کارکردگی رپورٹ جاری۔ ننکانہ پولیس نے گذشتہ ماہ میں 12 خطرناک ڈکیت گینگز کے 41 ملزمان گرفتار کر کے 39 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی نقدی اور مال مسروقہ برآمد کیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی پولیس نے گزشتہ ماہ میں 238 مجرمان اشتہاری، 56 عدالتی مفرور اور 60 سابقہ ریکارڈ یافتگان گرفتار کیے۔ ناجائز اسلحہ قبضہ میں رکھنے، ہوائی فائرنگ اور نمائش پر 93 مقدمات درج اور ملزمان سے 72 پسٹل، 11 کلاشنکوف، 06 رائفل، 5 شارٹ گن اور 837 گولیاں و کارتوس برآمد کیے۔ منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کے خلاف 60 مقدمات درج کر کے 57 کلو سے زائد چرس، 1 کلو سے زائد ہیروئن، 1 کلو سے زائد آئس اور 1232 لیٹر شراب برآمد کی۔ 15 پر جھوٹی کال کرنیوالوں کیخلاف 4، جبکہ نیشنل ایکشن پلان کی خلاف ورزی پر 32 مقدمات درج کیے جس میں ساؤنڈ سسٹم ایکٹ، قمار بازی ایکٹ اور کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی شامل ہیں۔ خدمت مراکز پر آنے والے 7625 شہریوں کو سہولیات جبکہ 4138 افراد کو ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے۔ ڈی پی او سید ندیم عباس کا کہنا ہے کہ شہریوں کے جان، مال اور عزت کی حفاظت اولین ترجیح ہے۔ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کاروائیاں دن رات جاری ہیں۔

محکمہ داخلہ پنجاب کے احکامات کی صریحاً خلاف ورزی پر ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید کا سخت نوٹس

پولیس نے مقدمہ درج کرتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا ضلع کونسل انتظامیہ نے غیر قانونی جھولے اترواتے ہوئے سامان بھی سرکاری تحویل میں لے لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) محکمہ داخلہ پنجاب کے احکامات کی صریحاً خلاف ورزی پر ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید کا سخت نوٹس غیر قانونی بلا اجازت عرس کے موقع پر مکینیکل جھولے لگانے والے مالکان کے خلاف تھانہ گوگیرہ میں مقدمہ درج کروا دیا گیا پولیس نے مقدمہ درج کرتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا ضلع کونسل انتظامیہ نے غیر قانونی جھولے اترواتے ہوئے سامان بھی سرکاری تحویل میں لے لیا ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے بتایا کہ وزارت داخلہ کے احکامات کی روشنی میں عید سے قبل ضلع بھر میں مکینیکل جھولوں کی تنصیب پر مکمل پابندی کے حوالے سے واضع احکامات صادر کر رکھے تھے اس دوران انتظامی افسران کو اطلاع موصول ہوئی کہ اوکاڑہ کے تھانہ گوگیرہ کی حدود میں شیخو شریف کے سالانہ عرس کی تقریبات کے دوران مکینیکل جھولے کسی ٹھیکیدار نے غیر قانونی نصب کیے ہوئے ہیں ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے فوری طور پر اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز گوندل کو کارروائی کی ہدایت کی اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز نے ضلع کونسل عملہ اور پولیس نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر تمام مکینیکل جھولوں کو اترواتے ہوئے سامان سرکاری تحویل میں لے لیا گوگیرہ پولیس نے انفورسمنٹ انسپکٹر ضلع کونسل مدثر ملک کی مدعیت میں جھولوں کے مالک عامر ٹھیکیدار سمیت تین نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا کہنا تھا کہ محکمہ داخلہ کے احکامات اور ضلعی انتظامیہ رٹ کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔

مختلف مقامات سے 5 موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں

مصطفیٰ آباد/للیانی (نامہ نگار) مختلف مقامات سے 5 موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں، مین بازار میں سودا سلف خریدنے کیلئے آنے والے عادل حسین، محمد ارشد، محمد اسلم کی بس سٹاپ کے قریب کھڑی موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں، دفتوہ کے رہائشی نواز علی کی نجی ہاؤسنگ سکیم کے باہر کھڑی موٹر سائیکل چوری ہوگئی، محلہ تبارک کالونی کا رہائشی امیر معاویہ کسی کام کیلئے تھانہ کے اندر گیا، تو گیٹ پر کھڑی اس کی موٹر سائیکل غائب ہوگئی، پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

جیب تراش نے شادی میں شرکت کیلئے آنے والے شخص کی جیب کا صفایا کر دیا

مصطفیٰ آباد/للیانی (نامہ نگار) جیب تراش نے شادی میں شرکت کیلئے آنے والے شخص کی جیب کا صفایا کر دیا، بتایا گیا ہے کہ لاہور کا رہائشی منیب الیاس شادی میں شرکت کے سلسلہ میں نجی میرج ہال آیا تو جیب تراش نے رش کا فائدہ اٹھا کر اس کی جیب سے 50 ہزار روپے نکال لیے۔

نارنگ پولیس کی بھکاریوں سمیت جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں ناجائز اسلحہ اور پتنگیں برآمد کرلیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ پولیس کی بھکاریوں سمیت جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں ناجائز اسلحہ اور پتنگیں برآمد کرلیں آبدیاں میں 15 پر ڈکیتی کی جھوٹی کال کرنے والے کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی کے نواحی گاؤں آبدیاں کے رہائشی نے پولیس ریسکیو ہیلپ لائن 15 پر کال کی کہ 10 افراد نے 4 لاکھ روپے چھین لیے ہیں جو جھوٹی ثابت ہوئی جس پر نارنگ پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے جبکہ ناجائز اسلحہ پتنگیں برآمد ہونے پر درجن کے قریب نوجوانوں کو گرفتار کر کے مقدمات درج کرلیے گئے اور بھیک مانگنے پر 4 بھکاریوں کے خلاف مقدمات درج کر کے بھیک مانگی گئی رقم بھی قبضہ میں لے لی گئی ہے۔

حکومت کا بجلی قیمتوں میں کمی کا خیر مقدم کرتے ہیں: میاں خرم اکرم

وزیراعلیٰ پنجاب کی عوامی پالیسیوں کے معترف ہیں۔: ڈائیریکٹر سیال



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ کی بزنس کمیونٹی وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کیجانب سے بجلی کی قیمتوں میں صنعتی شعبہ کیساتھ عوامی سطح پر واضع ریلیف کا خیر مقدم کرتی ہے۔ اس بہتر اقدام سے صنعتی شعبہ کی کاسٹ آف پروڈکشن میں کمی کے اثرات مستقبل کے برآمدی آرڈرز میں ریلیف دے گا جس سے معیشت مزید تقویت اختیار کریگی۔ ان باتوں کا اظہار ڈائیریکٹر سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ میاں خرم اکرم آف گلیکسی گروپ نے سنیئر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت عوام دوست پالیسیوں کے نتیجے میں عام عوام کو ریلیف ملا ہے۔ جس سے مہنگائی کی چکی میں پسے عوام کی زندگیوں میں سکون آرہا ہے۔ معروف بزنس مین نے کہا کہ عوامی وزیراعلیٰ کی قابلیت وموثر شخصیت کا معترف ہوں۔

سیالکوٹ میں گوشت کے ریٹس میں من چاہا اضافہ سے شہری بلبلا اٹھے

بڑا چھوٹا گوشت مرغی مچھلی پہنچ سے باہر ہیں۔ نوفل زکریا کھانڈ

سیالکوٹ (قوت بیورو خواجہ عامر جاوید) رمضان المبارک کی آمد کیساتھ جہاں ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ و مضافات میں پھلوں سبزیوں کی قیمتوں کو پر لگ چکے ہیں وہیں ضلع سیالکوٹ کے شہری و دیہی علاقہ جات و قصبوں میں مٹن بیف چکن و مچھلی کے ریٹس میں بھی 1 سو روپے سے 2 سو روپے زائد وصول کیے جا رہے ہیں۔ ہوشربا مہنگائی کے اثرات میں پرائس کنٹرول کمیٹیوں کا اثر زائل ہو چکا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گوشت پھل سبزی سمیت اشیائے خورد ونوش ومشروبات کے بھی دوکانوں پر اصل قیمت سے سینکڑوں روپے زائد وصول کر رہے ہیں۔ بزنس مین وسماجی شخصیت نوفل زکریا کھانڈ کا کہنا ہے کہ ہماری رہائش اگوکی ماڈل ٹاؤن میں ہے یہاں یہ حالات ہیں کہ رمضان شروع ہوتے ہی پھل فروٹ ہر قسم کا گوشت و اجناس و سبزیاں بیس سے لیکر 200 روپے سے بھی زائد کر دی گئیں ہیں۔ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی آمد روانگی کا علم نہیں

اور دوکاندار من مانے ریٹس پر اشیاء خورد ونوش دھڑلے سے فروخت کر رہے ہیں۔ لسٹ پر اسرار کریں تو دوکاندار ڈھٹائی سے کہتے ہیں آپ کہیں اور سے لے لیں ہمارے ریٹس اپنے ہیں۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن ڈرگ فری پنجاب پر پاکپتن پولیس کی کاروائیاں جاری

عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگر سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن ڈرگ فری پنجاب پر پاکپتن پولیس کی کاروائیاں جاری ڈی پی او جاوید چدھڑ کی قیادت میں تھانہ سٹی عارفوالا ایس ایچ او ہاشم علی اور سب انسپکٹر محمد جاوید ڈوگر کا پولیس ٹیم کے ہمراہ منشیات فروشوں کے خلاف بڑی کاروائی سٹی عارفوالا پولیس نے بدنام زمانہ منشیات فروش کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر لی پولیس نے محلہ ضیاء نگر سے بدنام زمانہ منشیات فروش اعجاز عرف بابا قوم منہاس کو گرفتار کرلیا۔

بجلی چوروں کے خلاف گرینڈ آپریشن 120 سے زائد بجلی چوروں کے خلاف مقدمات درج

80لاکھ روپے زائد کے جرمانے بجلی چوری کی روک تھام کے لئے تمام تر وسائل استعمال کریں گے: اسسٹنٹ منیجر لیسکو سب ڈویژن ساؤتھ نارنگ عمران مبشر

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) لیسکو نارنگ کا بجلی چوروں کے خلاف گرینڈ آپریشن 120 سے زائد بجلی چوروں کے خلاف مقدمات درج 80 لاکھ روپے زائد کے جرمانے بجلی چوری کی روک تھام کے لئے تمام تر وسائل استعمال کریں گے کوئی سمجھوتہ نہیں ہو گا اسسٹنٹ منیجر لیسکو سب ڈویژن ساؤتھ نارنگ عمران مبشر کی گفتگو تفصیل کے مطابق لیسکو سب ڈویژن نارنگ ساؤتھ نارتھ نے بجلی چوروں کے خلاف نارنگ شہر اور گردونواح کے دیہات میں آپریشن کرتے ہوئے 120 سے زائد بجلی چوروں کے خلاف مقدمات درج کروا کر 80 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے کر دیے اسسٹنٹ منیجر لیسکو نارنگ ساؤتھ عمران مبشر نارتھ سلمان مجید نے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے کا کہا بجلی چور کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں ان کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں کسی کو معافی نہیں دی جا رہی ہے سخت پالیسی پر عمل پیرا ہیں مختلف دیہات میں بجلی چوری کرنے والوں کو رنگے ہاتھوں پکڑا گیا ہے ہر قسم کا دباؤ مسترد کر کے محکمانہ اور قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے بجلی چوری کی روک تھام کے لئے شہری تعاون کریں۔

مختلف علاقوں میں افغانیوں کے خلاف کریک ڈاؤن

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد پولیس نے گذشتہ رات خفیہ اداروں کی رپورٹ پر ضلع کے مختلف علاقوں میں افغانیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے پچاس سے زائد افغانیوں کو حراست میں لیکر کالیکی ٹبہ کے قریب افغانیوں کے لئے قائم کردہ کیمپ میں منتقل کر دیا جہاں سے انہیں واپس افغانستان بھیجا جائے گا۔

مرادیاں کے قریب تیز رفتار کار نہر میں جا گری

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) مرادیاں کے قریب تیز رفتار کار نہر میں جا گری جس کے نتیجہ میں کار میں سوار شخص مناظر احمد ولد نذیر احمد سکنہ نارووال پنڈی بھٹیاں کو ریسکیو کی ٹیم نے زندہ نکال لیا جبکہ سمیر ارائیں کو تا حال نہر سے نہ نکالا جا سکا ہے اور اس سلسلہ میں ریسکیو کی جانب سے آپریشن جاری ہے۔

تیز رفتار کار کے الٹنے سے جاں بحق ہونے والے تین افراد کی نعشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ٹھٹھی بہلول پور کے قریب موٹر وے پر تیز رفتار کار کے الٹنے سے جاں بحق ہونے والے تین افراد کی نعشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں جبکہ چار زخمیوں کو تا حال طبی امداد دی جا رہی ہے اور اب انکی حالت خطرے سے باہر بیان کی جاتی ہے۔ گذشتہ رات کار الٹنے کے نتیجہ میں ایک ہی خاندان کے تین افراد جاں بحق جبکہ چار افراد فرحی زوجہ عامر حسین گیارہ سالہ مورم فاطمہ خیام علی اور طارق شدید زخمی ہو گئے تھے۔

ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کی کھلی کچہریاں خوش آئند ہیں۔ عتیق بٹ

شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے ٹاؤٹ مافیا سے نجات لازمی ہے۔ ملک لئیق

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کیجانب سے تھانہ جات کی بجائے متعلقہ تھانہ کے عوامی مقامات سمیت ضلع بھر کے دور افتادہ علاقوں اور قلعہ سیالکوٹ پر عوامی کھلی کچہریوں کا انعقاد خوش آئند اور مثبت عمل ہے۔ اس سے شہریوں کی شکایات اور ان کے مسائل انکی دہلیز پر حل کیے جانے کیلئے مثبت و مستعد اقدامات پر شیر اقبال کے باسی خیر مقدم کرتے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف کاروباری و سماجی شخصیات محمد عتیق بٹ، ملک لئیق، خواجہ عامر جاوید اور محمد عمر بٹ نے اپنے مشترکہ میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کیجانب سے بجلی کی قیمتوں میں کمی سے عام شہری مستفید ہونگے دوسری جانب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی عوامی پالیسیوں کے اثرات پنجاب کے ہر خاص و عام کیلئے عملاً دکھائی دیتے ہیں۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں ایکسپائرڈ مصنوعات کی روک تھام کے لئے سرگرم ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں ایکسپائرڈ مصنوعات کی روک تھام کے لئے سرگرم ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی سربراہی میں فوڈ سیفٹی ٹیموں نے کریانہ سٹور پر چھاپہ مارا اور دوران معائنہ بھاری مقدار میں ڈسپلے سے ایکسپائرڈ چائے اور مصالحہ جات برآمد کئے گئے۔ علاوہ ازیں 20 کلو ایکسپائرڈ مصنوعات کو موقع پر تلف کر دیا گیا اور 65000 روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ مزید برآں ناکہ بندی کے دوران دودھ بردار گاڑیوں کی چیکنگ بھی کی گئی اور دودھ کی ناقص کوالٹی کی وجہ سے 36000 روپے جرمانہ اور 40 لیٹر ملاوٹی دودھ ضائع کرا دیا گیا۔ سویٹس اینڈ بیکرز میٹ شاپس کی بھی انسپکشنز معمول کے مطابق جاری ہیں اور قوانین کی خلاف ورزی پر 31000 روپے کے جرمانے عائد کئے گئے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نے کہا کہ معیاری خوراک کی فراہمی کے لئے فوڈ سیفٹی ٹیمیں مصروف عمل ہیں اور ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائیاں بلا خوف و خطر جاری رہیں گی۔

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اوکاڑہ راجہ قمر الزمان نے ڈی پی او آفس کا دورہ کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اوکاڑہ راجہ قمر الزمان نے ڈی پی او آفس کا دورہ کیا، ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت اور ایس پی انویسٹی گیشن ملک داؤد نے استقبال کیا۔ دورے کے دوران ڈی پی او راشد ہدایت نے پولیس ورکنگ اور ڈیجیٹائزیشن کے متعلق بریف کیا۔ سیشن جج اوکاڑہ نے سیف سٹی کا بھی دورہ کیا۔ ڈی پی او نے سیف سٹی کے ورکنگ اینڈ مانیٹرنگ میکانزم بارے آگاہ کیا۔ سیف سٹی اتھارٹی کے کیمروں کی مدد سے شہر کے مختلف مقامات کی سرویلنس اینڈ مانیٹرنگ کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اوکاڑہ نے پولیس میں جدت اور اصلاحات کو سراہا۔

یوگا فٹنس کلب زرعی فارم، ہاؤسنگ کالونی اور کمپنی باغ کے اراکین کا اجلاس منعقد ہوا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) یوگا فٹنس کلب زرعی فارم، ہاؤسنگ کالونی اور کمپنی باغ کے اراکین کا اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت سینئر استاد میاں اختر حسین جالندھری، پروفیسر ڈاکٹر داؤد احمد خان اور چیئرمین مرکزی انجمن تاجران الحاج ملک محمد اسلم بلوچ نے کی اجلاس میں تینوں یوگا کلبز کے اراکین نے شرکت کی اور 6 اپریل بروز اتوار ساڑھے 9 بجے کمپنی باغ سے نکالی جانے والی ورزش آگاہی واک کے انتظامات کی خاطر بھرپور کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کروائی اجلاس میں طے پایا کہ واک بتی چوک پہنچ کر اختتام پذیر ہوگی اور دوپہر 12 بجے شرکاء واک کو زرعی فارم میں پر تکلف کھلایا جائے گا جس میں شرکت کیلئے تمام شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ نمائندہ شخصیات اور شہریوں سے شرکت کیلئے رابطے کئے جائیں گے تاکہ ورزش آگاہی واک کے مقاصد حاصل ہوسکیں، شرکاء اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے میاں اختر حسین جالندھری، پروفیسر ڈاکٹر داؤد احمد خان اور الحاج ملک محمد اسلم بلوچ نے کہا کہ ورزش انسانی صحت کے تحفظ کی ضمانت ہے جو دل کو مضبوط کرتی ہے اور جملہ مختلف بیماریوں سے انسان کو چھٹکارا دلاتی ہے شہری ورزش کیلئے پارکیں آباد کریں تو ہسپتال ویران ہو جائیں گے بہتر صحت بہترین زندگی کی ضمانت ہے جس کیلئے روزانہ ورزش کرنا ضروری ہے۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ بقیہ جات 1

سے 11 کروڑ 70 لاکھ روپے ریلیف عوام کو دیا گیا۔ رمضان المبارک کے دوران سہولت بازاروں میں 2 ارب 46 کروڑ 60 لاکھ روپے کی خریداری ہوئی۔ عوام کو رمضان المبارک میں مارکیٹ ریٹ پر خریداری کی صورت میں 3 ارب 57 کروڑ 50 لاکھ روپے ادا کرنے پڑتے تھے جبکہ ڈی سی ریٹس کے مطابق خریداری پر 2 ارب 58 کروڑ 30 لاکھ روپے ادا کرنے پڑتے۔ رمضان المبارک میں سہولت فری ہوم ڈلیوری ایپ کے ذریعے 2 کروڑ 80 لاکھ روپے کی ریکارڈ خریداری ہوئی۔ 25 اضلاع میں قائم 36 ماڈل بازاروں میں فری ہوم ڈلیوری ایپ کے ذریعے تقریباً 28 ہزار آرڈر دیئے گئے۔ سہولت بازاروں میں 10 کلو آٹا بیگ 795 روپے ڈی سی ریٹ 832 روپے اور مارکیٹ میں 897 روپے، مارکیٹ میں چکن 940 روپے کلو تک، ڈی سی ریٹ 585 روپے جبکہ سہولت بازار میں 571 روپے بیچا گیا۔ سہولت بازاروں میں سیب 305 روپے جبکہ ڈی سی ریٹ کے مطابق 316 روپے اور مارکیٹ میں 487 روپے، مارکیٹ میں کیلا 389 درجن، ڈی سی ریٹ 227 روپے جبکہ سہولت بازار میں صرف 216 روپے فروخت ہوئے۔ سہولت بازار میں انڈے 269، ڈی سی ریٹ میں 276 اور مارکیٹ میں 350 روپے تک فروخت ہوئے۔ سہولت بازار میں کھجوریں 446 روپے فی کلو دستیاب تھیں جبکہ ڈی سی ریٹ پر 460 روپے اور اوپن مارکیٹ میں 734 روپے کلو فروخت کی گئیں۔ پنجاب ماڈل بازار مینجمنٹ کمپنی کے سی ای او نوید رفاقت نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو بریفنگ دی، اس موقع پر چیئرمین افضل کھوکھر بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ عوام کو اشیاء خوردونوش اور اشیاء ضروریہ کم از کم نرخ پر مہیا کرنا چاہتے ہیں۔ رمضان المبارک میں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے گزشتہ سالوں کی نسبت مہنگائی کی شرح بہت کم رہی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ عوام کی خدمت اور معاشی ریلیف ترجیحات میں اولین ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

رہی یہ ریلیف ملتا رہے گا۔ حکام کے مطابق سالانہ ری بیسنگ ابھی ممکن نہیں، اسی لیے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت ریلیف دے رہے ہیں، 3 ماہ کیلئے بجلی کے صارفین کو بلز میں ریلیف ملے گا۔ پاور ڈویژن حکام نے کہا کہ 3 ماہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں برقرار رکھنے سے 58 ارب بچیں گے، پیٹرولیم مصنوعات کا ریلیف ٹیرف کا فرق ختم کرکے دیں گے۔ پاور ڈویژن حکام نے اتھارٹی کو بتایا کہ گزشتہ دن نیپرا میں سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی سستی کی تھی، اس میں 5 آئی پی پیز کے معاہدوں سے میں 12 ارب کی بچت شامل ہے، 7 آئی پی پیز کی جانب سے ٹیرف میں کمی کی درخواست آچکی ہے، حکومتی سمیت دیگر آئی پی پیز کی درخواستیں جلد آپ کے پاس آئیں گی۔ حکام کا مزید کہنا تھا کہ گردشی قرض ختم کرنے کے لیے بینکوں سے بات جلد فائنل ہوجائے گی، آئی پی پیز کی بچت کا ریلیف سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں ہی ملے گا، ٹیرف کا فرق کم کرنے کیلئے حکومت 266 ارب کی سبسڈی دے رہی ہے۔ اب مزید سبسڈی شامل کرکے 324 ارب روپے تک ہوجائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 3

شہباز شریف کی کاوشوں سے ملک درست سمت پر گامزن ہوچکا ہے، بجلی سستی کرنے سے نہ صرف عوام کو ریلیف ملے گا بلکہ ایکسپورٹ بھی بڑھے گی۔ نواز شریف نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے دور میں ہی ہمیشہ عوام کو معاشی ریلیف ملتا ہے، مہنگائی میں مسلسل کمی (ن) لیگ کی ہی بہترین معاشی پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، ملک میں ترقی کی راہیں کھل رہی ہیں، نوجوانوں کو روزگار ملے گا۔

بقیہ بقیہ جات 4

اور عوام کے حقیقی نمائندہ تھے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کو ترقی، خودمختاری اور عوامی فلاح کے راستے پر گامزن کیا، انہوں نے قوم کو پہلا متفقہ آئین دیا، پاکستان کے ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھی۔ انہوں نے کہا کہ شہید بھٹو نے ملک کی خارجہ پالیسی کو ایک آزاد اور خودمختار تشخص دیا، ان کی قیادت میں پاکستان نے اسلامی سربراہی کانفرنس کی میزبانی کی اور مسلم امہ کے اتحاد کی راہ ہموار کی۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ شہید بھٹو نے مزدوروں، کسانوں، اور پسے ہوئے طبقے کو حقوق دیے، انہیں بااختیار بنایا۔ ان کے اقدامات کی بدولت تعلیم، صنعت، اور دفاعی شعبے میں نمایاں پیش رفت ہوئی۔ آصف زرداری نے کہا کہ ہم شہید ذوالفقار علی بھٹو کے مشن کو جاری رکھیں گے، پاکستان کی خودمختاری، جمہوریت، اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کریں گے، آج کے دن عہد کرتے ہیں کہ پاکستان کو شہید بھٹو کے وژن کے مطابق ایک ترقی یافتہ، خودمختار اور عوام دوست ملک بنائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 5

کے سکولوں کے اساتذہ کی تنخواہیں بروقت ادا کی جا سکیں۔ محکمہ خزانہ پنجاب نے اس تمام بجٹ کو آن لائن کردیا ہے تاکہ متعلقہ اداروں اور عوام کو اس بارے میں مکمل معلومات فراہم کی جاسکیں۔

بقیہ بقیہ جات 6

کو الگ ادارے کی قانونی حیثیت حاصل ہوگی جس کا مسودہ تیار کرلیا گیا۔ نواز شریف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ ایکٹ 2025ء کے مسودے کے مطابق ہسپتال کو وزیراعلیٰ پنجاب کے زیرانتظام 13 رکنی بورڈ آف گورنرز چلائے گا۔ کینسر کے مریضوں کا مفت، شیئر اور مکمل ادائیگی کے تین طریقوں سے علاج کیا جائے گا۔ ہسپتال میں چیئرمین، ڈین، ہسپتال ایڈمنسٹریٹر، ہسپتال ڈائریکٹر، ڈائریکٹر نرسنگ اور ڈائریکٹر فنانس کے عہدے ہوں گے۔ نواز شریف کینسر ہسپتال کے ملازمین کو سرکاری ملازم کا درجہ حاصل نہیں ہوگا، نواز شریف کینسر ہسپتال براہ راست عطیات بھی اکٹھے کر سکے گا۔

بقیہ بقیہ جات 7

رانا جمیل کی رہائش گاہ ماڈل ٹاؤن جا کر ان کی اہلیہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا۔ اس موقع پر مرحومہ کے درجات کی بلندی و مغفرت کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔ معاون خصوصی راشد نصر اللہ بھی نواز شریف کے ہمراہ تھے۔ سابقہ وزیراعظم تعزیت کے بعد واپس جاتی امراء روانہ ہوگئے۔ واضح رہے کہ صدر پاکستان کبڈی فیڈریشن رانا محمد جمیل کی اہلیہ جمعرات کے روز رضائے الٰہی سے انتقال کر گئی تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 8

لیا، بروقت کارروائی سے صرف چند ایکڑ جھاڑیاں اور 45 چھوٹے درخت متاثر ہوئے۔ محکمہ جنگلات کے مطابق آگ عباسیہ کینال کے قریب بنجر علاقے سے شروع ہوئی جس کی اطلاع پر محکمہ جنگلات نے فوری ایکشن لیا، پھکووال بلاک نمبر 1 کی آگ پر رات 10 بجے مکمل قابو پالیا گیا جبکہ بلاک نمبر 2 کی آگ رات بھر کی کوششوں کے بعد صبح 9 بجے بجھادی گئی۔ سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے کہا کہ فیلڈ سٹاف کی انتھک محنت کے نتیجے میں بروقت کارروائی ممکن ہوئی، آگ بجھانے میں حصہ لینے والے تمام اہلکاروں اور افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ محکمہ جنگلات کی ابتدائی رپورٹ کے مطابق جنگل میں آگ نامعلوم شخص کی لاپرواہی کے باعث لگی جس کے خلاف ایف آئی آر درج کروادی گئی ہے۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے واقعے کی مکمل تحقیقات کیلئے اعلیٰ افسران پر مشتمل کمیٹی تشکیل دے دی اور 24 گھنٹوں میں رپورٹ طلب کرلی گئی ہے، وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق جنگلات کی حفاظت حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

کو لیبر ڈیپارٹمنٹ میں رجسٹریشن کے بعد گرانٹس اور دیگر مالی فوائد ملیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صوبے بھر میں کم از کم اجرت کے فیصلے پر عملدرآمد نہ کرنے والے اداروں کے خلاف کریک ڈاؤن کا حکم بھی دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب بھر میں دکانوں، پٹرول پمپس اور فیکٹریوں میں کم از کم اجرت کی ادائیگی یقینی بنانے کی ہدایت کی اور صوبے بھر میں لیبر رجسٹریشن بڑھانے کا حکم دے دیا۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ دکانوں، ورکشاپوں اور چھوٹے انڈسٹریل یونٹ میں کام کرنے والے ورکرز کی رجسٹریشن کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے انڈسٹریل یونٹ میں لیبر کے لئے ورکنگ کنڈیشن بہتر بنانے، ورکرز کو کام کے لئے صاف ستھرا اور صحت مند ماحول کے مواقع یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لیبر کے لئے راشن کارڈ پروگرام کا جامع پلان طلب کر لیا۔

بقیہ بقیہ جات 10

ہوئی ہیں۔ عمران خان نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو بااختیار کیا ہے تاکہ وہ بروقت فیصلہ کریں اور اپنی ٹیم فائنل کریں۔ میڈیا والوں کو غلط فہمی ہوئی ہے ایسا کچھ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف نے اصولوں پر مزاحمت تو کی ہے لیکن اسٹیبلشمنٹ کا کردار ایک دم ختم نہیں کیا جا سکتا۔ ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ جے یو آئی کی سوئی ڈی آئی خان پر اٹکی ہوئی ہے۔ جے یو آئی ہمیشہ علی امین گنڈاپور کے خلاف الیکشن لڑتی ہے۔ وہاں مفاہمت تو نہیں ہو سکتی۔ پارٹی وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سے یہ تو نہیں کہہ سکتی کہ آپ وہاں سے دستبردار ہو جائیں۔ 26 ویں آئینی ترمیم اور قومی سلامتی کونسل کے اجلاس میں جے یو آئی فوراً بیٹھ جاتی ہے۔ گفتگو کے دوران رہنما پی ٹی آئی شوکت یوسفزئی نے مزید کہا کہ افغان مہاجرین کا انخلا جلد بازی میں ہوگا تو انتشار پیدا ہوگا جو لوگ افغانستان سے آئے تھے ان کی نسلیں جوان ہو چکی ہیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل یہ اطلاعات سامنے آئی تھیں کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور اور مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف کو اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات کرنے کا ٹاسک دیدیا تھا۔ علی امین گنڈاپور اور مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف نے راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں ڈھائی گھنٹے طویل ملاقات کی تھی جس میں اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ مذاکرات اور پارٹی کے اندرونی معاملات پر تفصیلی گفتگو ہوئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 11

روز میں ذمہ داروں کا تعین کرنے کا بھی حکم دے دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی طرف سے سعودی وزارت حج کی اس سال 2025 کے حج بارے پالیسی پر بروقت مقررہ شیڈول میں عمل کرکے پرائیویٹ حج کوٹہ حاصل نہ ہونے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے اس کی فوری انکوائری کا حکم دیا ہے۔ شہباز شریف نے انکوائری کے لیے تین رکنی کمیٹی قائم کی ہے جس کے چیئرمین سیکرٹری کابینہ ڈویژن ہوں گے، دیگر اراکین میں چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) اور وفاقی سیکرٹری گلگت بلتستان شامل ہیں۔ کمیٹی کو کہا گیا ہے کہ وہ انکوائری کرے کہ سعودی وزارت حج کی اس سال پرائیویٹ حج پالیسی پر وزارت مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی کیوں بروقت عمل درآمد نہیں کرسکی، پرائیویٹ حج کے کوٹے کے لیے سعودی وزارت حج سے بروقت کیوں نہیں کہا جاسکا۔ اسی طرح پرائیویٹ حج کوٹہ نہ ملنے سے ہزاروں پاکستانی اس سال حج سے محروم رہ گئے، کمیٹی تین روز میں انکوائری کرکے ذمہ داروں کا بھی تعین کرے اور اس سلسلے میں وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی اس بابت کمیٹی سے مکمل تعاون کی پابند ہوگی۔ کابینہ ڈویژن نے اس حوالے سے نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 12

اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال سیالکوٹ پہنچ گئے۔ ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر محمد وسیم بھی ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ایمرجنسی، او پی ڈی، آپریشن تھیٹرز، میڈیسن سٹور، وزیراعلیٰ شکایات سیل و دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا۔ او پی ڈی میں مریضوں کی طویل قطار پر ایم ایس سے سخت برہمی کا اظہار کیا اور صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات پر سرزنش بھی کی۔ خواجہ سلمان رفیق نے ایم ایس کو ہدایت کی کہ ہسپتال کے واضح مقامات پر ادویات کی فہرستیں اور ڈاکٹرز کے ڈیوٹی روسٹرز آویزاں کریں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سرکاری ہسپتالوں کے دورے کرکے حالات کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا نہ کرنے والا ایم ایس سیدھا گھر جائے گا۔ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کے علاج و معالجہ میں غفلت کرنے والے ایم ایس کی محکمہ صحت میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں بہتری کیلئے موقع پر ہی ہدایات جاری کی جارہی ہیں اور سرکاری ہسپتالوں میں روزانہ کی بنیاد پر دورے کرنے کا بنیادی مقصد ہی مریضوں سے براہ راست فیڈ بیک لینا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کے علاج میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ڈاکٹرز کمیونٹی کی دل سے عزت کرتا ہوں لیکن اس طرح کام نہیں چلے گا۔ ہمارے پاس عوامی خدمت کا مینڈیٹ ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں سروس ڈلیوری میں دشواری پر کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 13

شریف اللہ کو بطور صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب تعینات کردیا گیا ہے، انہوں نے دفتر صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب، لاہور میں اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کردیا ہے، دفتر صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب کے افسران واسٹاف نے صوبائی الیکشن کمشنر کا استقبال کیا اور انہیں تمام تر دفتری امور کی احسن طریقے سے انجام دہی میں بطور ٹیم اپنے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ واضح رہے کہ شریف اللہ اس سے پہلے صوبائی الیکشن کمشنر سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد میں دیگر اہم پوسٹوں پر بھی تعینات رہ چکے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 14

M-6، 9 اور پیٹرولیم سیکٹر میں سرمایہ کاری سے متعلق اہم معاہدے متوقع ہیں۔ معاہدوں کو حتمی شکل دینے کے لیے آذربائیجان کے وزیر معیشت میکائیل جبا روف 8 اپریل کو اسلام آباد پہنچیں گے، دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون کے فروغ کے لیے یہ دورہ اہم تصور کیا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

پرا کے چیئرمین وسیم مختار کی سربراہی میں ہونے والی سماعت میں بجلی ایک روپے 71 پیسے فی یونٹ سستی کرنے کی درخواست پر سماعت کر رہی ہے۔ پاور ڈویژن کے حکام کے مطابق حکومت نے یہ درخواست کابینہ سے منظوری کے بعد نیپرا میں جمع کرائی ہے، جس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ کے الیکٹرک سمیت بجلی تقسیم کار تمام کمپنیوں پر اس کمی کا یکساں اطلاق کیا جائے۔ حکام کا کہنا ہے کہ بجلی کی قیمت میں یہ ممکنہ کمی ٹیرف سبسڈی میں اضافے کے ذریعے کی جائے گی، تاکہ صارفین کو براہ راست ریلیف مل سکے، تاہم پاور ڈویژن حکام نے واضح کیا کہ یہ کمی صرف عام صارفین کے لیے ہوگی اور لائف لائن یعنی کم ترین بجلی استعمال کرتے والے کم آمدنی والے صارفین کو اس کا کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا۔ نیپرا کی سماعت میں حکومت کی درخواست پر فریقین کا مؤقف سنے جانے کے بعد بجلی کی قیمت میں 1.71 روپے فی یونٹ کی کمی سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز وزیراعظم نے بجلی کی قیمتوں میں 7 روپے 41 پیسے فی یونٹ کی کمی کا اعلان کیا تھا، جس کا اطلاق ملک بھر کے تمام صارفین کو ہوگا۔ اسی طرح صنعتوں کے لیے بجلی کی قیمت میں بڑی کمی کا اعلان کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 16

کیا ہوگا سوشل اور الیکٹرانک میڈیا پر شیئر کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی ریٹ سے متعلق تمام تفصیلات ایکس (ٹویٹر) پر شیئر کریں گے۔ گھریلو صارفین کے 6 مختلف سلیب ہیں۔ جون میں بجلی کا ریٹ کیا اور اب کتنی کمی ہوگی اس کی بھی تفصیلات شیئر کریں گے۔ کمرشل صارفین کا جون میں 71 روپے ریٹ تھا۔ جو اب 62 روپے 47 پیسے ہوگا۔ کمرشل صارفین کے ریٹ میں 12 فیصد کمی آئی ہے۔ وفاقی توانائی اویس لغاری کا کہنا تھا کہ ڈسکوز کی نجکاری ہورہی ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز وزیراعظم شہباز شریف نے قوم کو تحفہ دیتے ہوئے بجلی کی قیمتوں میں فی یونٹ 7 روپے سے زائد کمی کا اعلان کیا تھا۔ وزیراعظم نے گھریلو صارفین کیلئے 7 روپے 41 پیسے اور صنعتی صارفین کیلئے بجلی 7 روپے 59 پیسے سستی کی تھی۔ بجلی کے نرخوں میں کمی لانے کیلئے اسلام آباد میں تقریب کا انعقاد کیا گیا تھا جس میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر توانائی اویس لغاری، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر علی پرویز ملک، وزیر اطلاعات عطا تارڑ، وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، رانا تنویر حسین، حنیف عباسی، شزا فاطمہ، مصطفیٰ کمال سمیت رہنما مسلم لیگ (ن) خواجہ سعد رفیق، بزنس کمیونٹی اور پارلیمنٹ کے ممبران بھی تقریب میں شریک ہوئے تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ہم آج اللہ پاک کے شکر گزار ہیں کہ میاں نواز شریف کا وہ وعدہ پورا ہو جس کا ہم نے اپنے منشور میں کیا تھا۔ میں کھلے دل کے ساتھ اس حقیقت کا اعتراف کرتا ہوں کہ اس سارے عمل میں آرمی چیف جنرل سید محمد عاصم منیر اور ان کے رفقائے کار کا مجھے اور میری ٹیم کو بھرپور تعاون حاصل رہا اور کلیدی کردار رہا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 17

حکومت سرکاری مفت بجلی خوری کا خاتمہ کرے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ معاشی انقلاب کے لیے بجلی، تیل، گیس کی قیمتوں میں کمی لازم ہے۔ نائب امیر جماعت اسلامی نے یہ بھی کہا کہ کسانوں کو گندم کی جائز قیمت دی جائے، گندم کے کاشت کاروں کا استحصال ہو رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

کو بمباری کا نشانہ بنایا ہے۔ سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بمباری گزشتہ روز کی گئی۔ اسرائیلی فوج نے شام میں بمباری کرتے ہوئے اعلان کیا کہ یہ دمشق کے حکمرانوں کے لیے ایک وارننگ ہے۔ شام نے ایک ہی دن پہلے پڑوسی ملک ترکیہ پر الزام لگایا کہ وہ ملک کو ترکیہ میں تبدیل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

نشانہ بنایا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جنوبی لبنان میں یہ تازہ ترین اسرائیلی بمباری ہے۔ اسرائیلی فوجی بیان کے مطابق اسرائیل کی اس بمباری سے کچھ ہی پہلے اسرائیلی ایئر فورس کی طرف سے حزب اللہ کے ایک کارندے کے خلاف المالا الشاب میں کارروائی کی گئی۔ اسرائیل نے یہ بمباری ڈرون طیارے کے ذریعے کی ہے اور اس سے ایک فوجی زخمی ہوا ہے۔ ڈرون حملے کا ہدف ایک کار کو نشانہ بنانے کے لیے تھا۔ یہ واقعہ سرحدی گاؤں میں پیش آیا۔

بقیہ بقیہ جات 20

کامیاب رہا۔ اس درجہ بندی میں ویزا فری سفر، شہریوں پر ٹیکس، دوہری شہریت، ذاتی آزادی اور عالمی ساکھ جیسے پانچ اہم عوامل کو مدنظر رکھا گیا۔ آئرلینڈ 109 پوائنٹس کے ساتھ پہلے نمبر پر رہا، جس کے شہری 176 ممالک میں بغیر ویزا سفر کر سکتے ہیں۔ یونان اور سوئٹزرلینڈ 108 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہے، جبکہ پرتگال کو چوتھی پوزیشن ملی۔ دیگر مضبوط پاسپورٹس میں مالٹا، فن لینڈ، ناروے، نیوزی لینڈ، متحدہ عرب امارات اور آئس لینڈ شامل ہیں۔ پاکستان 195 ویں نمبر پر رہا اور کمزور ترین پاسپورٹس کی فہرست میں شامل ہوا۔ فہرست کے مطابق، پاکستان کا پاسپورٹ اریٹیریا کے ساتھ 195 ویں نمبر پر ہے، جبکہ عراق (196)، یمن (198) اور افغانستان (199) سب سے نیچے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ دیگر درجہ بندیوں میں سرفہرست رہنے والے جاپان اور سنگاپور اس بار نیچے رہے، جس کی وجہ ان ممالک کی دوہری شہریت اور ٹیکس پالیسیوں میں سختی بتائی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 21

بارے میں اعلان کیا ہے کہ اس نے اس امر کی تحقیقات شروع کردی ہیں تاکہ معلوم کیا جاسکے کہ طبی عملے کے ارکان اور ایمبولینس پر بمباری کیسے کی گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات اسرائیلی فوج نے جاری کیے گئے ایک بیان میں کہی۔ اسرائیلی فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ کرنل نادا وسوشانی نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہا کہ 23 مارچ کے روز اسرائیلی فائرنگ سے دہشت گردوں کو نشانہ بنایا گیا جو ایک ایمبولینس کی طرف بڑھ رہے تھے۔ اقوام متحدہ کے مقامی افسر جوناتھن وٹ ہال کے مطابق طبی عملے کے ان ارکان میں سے 8 ارکان کا تعلق فلسطینی ہلال احمر سے تھا جبکہ ایک کا تعلق اقوام متحدہ سے تھا۔

بقیہ بقیہ جات 22

پاکستان نے مصالحتی راستہ اختیار کرنے اور 29 فیصد اضافی ٹیرف عائد کرنے کے فیصلے پر نظرثانی کا مطالبہ کرنے کا عندیہ دے دیا، کیونکہ پاکستانی برآمدات پر امریکا میں پہلے سے زائد اوسط ٹیرف عائد ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیرصدارت اعلیٰ سطح اجلاس ہوا جس میں ڈبلیو ٹی او کے پاکستان میں نمائندے بھی شریک ہوئے، پاکستانی موقف کی وضاحت کیلئے امریکی تجارتی نمائندے سے ملاقات کا فیصلہ کیا گیا، واشنگٹن میں پاکستانی سفیر اور ان کے ٹریڈ منسٹر رواں ہفتے امریکی حکام سے ملاقات کی کوشش کریں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستانی حکام کو صدر ٹرمپ کی اضافی ٹیرف کے حوالے سے 60 ملکوں کی فہرست میں پاکستان کی شمولیت کی توقع نہیں تھی کیونکہ پاکستانی برآمدات پر امریکی ٹیرف پہلے ہی پاکستان کی نسبت زیادہ ہے۔ وزارت تجارت کے اعداد وشمار کے مطابق امریکی مصنوعات پر پاکستان میں ٹیرف 7.3 فیصد جبکہ پاکستانی برآمدات پر امریکا میں 9.9 فیصد ٹیرف عائد ہے، نیز پاکستان ان ملکوں کی فہرست میں 33 ویں نمبر پر ہے جن سے امریکا کو تجارتی خسارہ کا سامنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

جی ایچ کیو حملہ کیس کے ملزمان کی ضمانتوں کی منسوخی کیلئے پنجاب حکومت کی اپیلوں پر سماعت 7 اپریل کو ہوگی۔ اسی طرح عالیہ حمزہ سمیت 20 ملزمان کی ضمانت منسوخی کے لیے دائر اپیلوں پر سماعت 8 اپریل کو ہوگی۔ چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان، جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ پنجاب حکومت کی اپیلوں پر سماعت کرے گا۔ جسٹس شفیع صدیقی اور جسٹس شکیل احمد بنچ کا حصہ ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 24

جنرل ایکسائز عمر شیر چٹھہ نے سخت کارروائیوں کا حکم دے دیا ہے۔ ڈی جی ایکسائز نے کہا کہ لاہور سمیت پنجاب بھر میں 42 ارب سے زائد کا ہدف حاصل کیا۔ رواں مالی سال میں اب تک گزشتہ مالی سال کی نسبت 9 ارب زائد وصول ہو چکے ہیں، 56 ارب سے زائد کے ٹارگٹ کیلئے حصول کے لئے سخت فیصلے کئے۔ انہوں نے کہا کہ موٹر ٹیکس میں 100 فیصد کے قریب پہنچ گئے ہیں، پراپرٹی ٹیکس میں بہتری کیلئے بڑے ڈیفالٹرز کی گرفتاریوں کا حکم دیا گیا۔ ریکوری ہدف حاصل نہ کرنے والے انسپکٹرز اور ای ٹی اوز کو عہدوں سے ہٹایا جائے گا، گزشتہ ماہ 3 ارب کی ڈیفالٹرز 77 ہزار پراپرٹیز کو سربمہر کر کے ابتک 1 ارب سے زائد کی وصولی کی۔ انہوں نے کہا کہ سربمہر پراپرٹیز کو خود ڈی سیل کرنے والوں کے خلاف درجنوں مقدمات درج کرائے گئے، ڈائریکٹرز بھی وصولی کے لئے خود 2 ماہ میں فیلڈ میں موجود رہیں۔

بقیہ بقیہ جات 25

کے مقابلے میں پاکستان کی مسابقتی برتری 3 فیصد کم رہے گی۔ رپورٹ کے مطابق امریکہ کی جانب سے پاکستان پر 29 فیصد ٹیرف عائد کیا گیا ہے جبکہ بھارت کا ٹیرف 26 فیصد ہوگا اس طرح بھارت کو 3 فیصد کی مسابقتی برتری حاصل ہوگی، چین پر 34 فیصد ٹیکس عائد کیا گیا ہے اور پاکستان کو 5 فیصد مسابقتی حاصل ہوگی۔ بنگلہ دیش کے مقابلے میں پاکستان کو 8 فیصد، سری لنکا کے مقابلے میں 15 فیصد مسابقتی برتی حاصل ہوگی۔ نیپال، بھوٹان، مالدیپ اور افغانستان کو پاکستان پر 19 فیصد مسابقتی برتری حاصل ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 26

ہماری پولیٹیکل لیڈرشپ کو یہ بہت غلط ہے، اس سے ماحول ٹھیک نہیں ہوگا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایک طرف حکومت دہشت گردی کے خلاف یکجہتی کی بات کرتی ہے پھر میٹنگز میں بلاتی ہے اور پھر یہ سارا کچھ ہوتا ہے، ظاہر ہے کہ حکومت کی آشیرباد کے بغیر تو یہ ممکن نہیں ہے یا جو بھی طاقتور حلقے ہیں۔ ماہر معیشت خاقان نجیب نے کہا کہ پچھلے سال امریکا کے ساتھ ہماری ٹریڈ کا اوور آل حجم سات ارب ڈالر تھا، اس میں سے ہماری پانچ ارب ڈالر کی ایکسپورٹ تھی اور وہاں سے دو ارب ڈالر کی امپورٹ تھی، ستر فیصد ایکسپورٹ ٹیکسٹائل کی ہے، باقی لیدر گڈز، سرجیکل آلات، فوڈ اینڈ ایگریکلچر، قالین رگز کی ہے، امریکا سے ہم نے زیادہ کاٹن منگوائی، کچھ اسپیئر پارٹس اور کچھ انجینئرنگ گڈز وہاں سے آئیں، یہ ہمارا اوور آل ٹریڈ کا حجم ہے۔ بجلی کی قیمتوں میں کمی کے سوال پر انہوں نے کہا کہ ایک تو یہ ہے کہ ستر فیصد آپ کا بل اور ستر فیصد جو ہے وہ مینوفیکچر کا بل یعنی جو B3 انڈسٹریل استعمال کرتا ہے بجلی، یہ کیٹیگری ہے وہ کم ہوکر 34 روپے ہوگیا ہے، آپ کا بل 37 روپے پر آ گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

خلاف آج لانگ مارچ کا اعلان کیا تھا۔ ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی نے نوابزادہ گہرام بگٹی کی گرفتاری کے لئے تھری ایم پی او کے تحت احکامات جاری کیے۔ پولیس کی ٹیم نے بگٹی ہاؤس ڈیرہ بگٹی سے بغیر کسی مزاحمت کے نوابزادہ گہرام بگٹی کو حراست میں لے لیا۔ ایس ایس پی ڈیرہ بگٹی کے مطابق نوابزادہ گہرام بگٹی کو تیس روز کے لیے جیل منتقل کیا جائے گا۔ جمہوری وطن پارٹی کے رہنما نوابزادہ شازین بگٹی نے کہا ہے کہ نوابزادہ گہرام بگٹی کی گرفتاری کو عدالت میں چیلنج کریں گے اور اس کے بعد اپنے وکلاء کے مشورے سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گہرام بگٹی کی گرفتاری کے بعد ڈیرہ بگٹی میں قلعہ کے باہر مجمع سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ بقیہ جات 28

کا مزید کہنا تھا کہ الیکشن کے بعد پاکستان کو بے شمار مسائل کا سامنا تھا، ایک سال میں وزیراعظم شہباز شریف اور اتحادیوں کی کوشش کا محور عوام کی مشکلات کا حل تھا۔

بقیہ بقیہ جات 29

خشک مصالحہ جات عوام کی پہنچ سے دور ہوگئے۔ سبزیاں، دالیں یا مرغی پکوان بننے آسان نہ رہے، خشک مصالحہ جات ہر ہنڈیا کا لازمی جز لیکن مہنگائی نے اس بنیادی ضرورت کو بھی قوت خرید سے باہر کر دیا۔ خشک مصالحہ جات میں گرم مصالحہ مکس 2000 روپے کلو پر جا پہنچا، سرخ مرچ 540 روپے، خشک دھنیا پاؤڈر 570 روپے کلو جبکہ سبز الائچی 6 ہزار روپے میں فروخت ہونے لگی۔ اسی طرح زیرہ 1800 روپے، کالی مرچ ساڑھے 1600 روپے، دار چینی 900 روپے، بڑی الائچی 6 ہزار 400 روپے، لونگ ساڑھے 3 ہزار روپے، اجوائن 380 روپے، تیز پتہ 650 روپے اور ہلدی 890 روپے کلو تک بک رہی۔ فیصل آباد گھنٹہ گھر کے گردونواح میں موجود خریداروں کا کہنا تھا کہ ابھی یہ ہول سیل مارکیٹ ہے اور یہاں قیمتیں آسمان پر ہیں، گھر کی ضرورت کیلئے چند مصالحے خریدے ہیں اور 10 ہزار روپے بل بن گیا ہے، یہی سامان پہلے 3 سے 4 ہزار روپے میں مل جاتا تھا اب مسلسل مہنگا ہوکر 10 ہزار تک پہنچ گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

ستار نے کہا کہ گزشتہ روز وزیراعظم پاکستان نے بجلی کی قیمتوں میں مناسب کمی کا اعلان کیا، یہ کمی مختلف قسم کے صارفین کے لیے 12 سے 17 فیصد کی کمی ہے۔ فاروق ستار نے کہا کہ یہ ایک بڑی سہولت ہے جو موجودہ حکومت نے دی ہے، ایم کیو ایم نے اس مخلوط حکومت میں شامل ہوکر 2 باتوں پر فوکس کیا۔ ایم کیو ایم کے رہنما نے کہا کہ فوکس کیا کہ کس طرح ہم عوام کے لیے بجلی کے بلوں کو کم اور پانی کے مسائل کو حل کریں، ان دونوں معاملات میں ایم کیو ایم کا بڑا کردار ہے۔ فاروق ستار کا مزید کہنا ہے کہ ہم نے یہ وعدہ کیا تھا کہ عید کے بعد بجلی کی قیمتوں میں 5 سے 10 روپے کی آئے گی۔

بقیہ بقیہ جات 31

نے شناختی کارڈز و دیگر دستاویزات بنوانے والے شہریوں کو جعلسازوں سے ہوشیار رہنے کی تنبیہ کر دی۔ ترجمان نے بتایا کہ ادارے کی طرف سے عوام کو خبردار کیا گیا ہے کہ وہ انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا پر اتھارٹی سے ملتے جلتے ناموں سے بنائے گئے جعلی پیجز، ویب سائٹس اور جعلی ایڈریس سے بھیجی جانے والی ای میلز اور میسجز سے خبردار رہیں کیونکہ کچھ فراڈ عناصر جعلسازی کی مختلف سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ یہ عناصر شہریوں کو نادرا سے متعلق خدمات میں معاونت دینے کا جھانسہ دے کر ان کی شناختی معلومات اور فنگر پرنٹس حاصل کر لیتے ہیں اور ان کی پراپرٹیز اور بینک اکاؤنٹس تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ نادرا نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ شناختی دستاویزات کے لئے نادرا پاک آئی ڈی موبائل ایپ استعمال کر کے اپنا قیمتی وقت اور رقم بچائیں اور حساس معلومات کا تحفظ یقینی بنائیں۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ نادرا ایف آئی اے کے ساتھ مل کر جعلسازوں کے خلاف کارروائی کیلئے ان کا سراغ لگا رہا ہے لہٰذا شہریوں سے درخواست ہے کہ وہ ان عناصر کی اطلاع ہمارے ہیلپ لائن نمبر 1777 پر دیں۔

بقیہ بقیہ جات 32

کا دن منانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ شعبہ معلومات وثقافت پنجاب نے نوٹیفکیشن جاری کردیا، صوبہ کے تمام سرکاری اداروں کو بھی مراسلہ بھجوادیا گیا۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ اداروں کے صوبائی و ضلعی سربراہان ثقافتی لباس زیب تن کریں گے، مرد سر پر پگڑی اور خواتین چنری اوڑھیں گی۔ صوبائی اور ضلعی سطح پر پنجابی مشاعرے اور نغمیہ محافل کے انعقاد کی بھی ہدایت کی گئی ہے، سکولوں اور کالجوں کی انتظامیہ کو بھی ثقافتی دن میں بھرپور شرکت کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 33

عناصر کے خلاف چھاپوں کے لیے بھی بلٹ پروف گاڑیاں فراہم کی جارہی ہیں۔ کرائم کنٹرول ڈپارٹمنٹ (سی سی ڈی) کو بھی بلٹ پروف گاڑیاں دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسپیشل برانچ کے ملازمین کو رپورٹنگ و دیگر حساس امور کی انجام دہی کے لئے بلٹ پروف گاڑیاں دی جارہی ہیں۔ پولیس وہیکلز کی بلٹ پروفنگ سے دہشت گردوں، شرپسند عناصر اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی آئے گی۔ بلٹ پروف گاڑیوں کی مدد سے کچے کے ڈاکوؤں اور سرحدی چوکیوں پر دہشت گردوں کے خلاف نتیجہ خیز کارروائیوں میں مدد ملے گی۔

بقیہ بقیہ جات 34

معلومات کے حصول کیلئے شہری پریزنر کمپیوٹر نمبر لکھ کر 8070 پر میسج کریں۔ محکمہ داخلہ کے جوابی میسج میں قیدی کو ملنے والی گزشتہ دو معافیوں کی تفصیل اور رہائی کی تاریخ دی جائے گی۔ یہ تمام معلومات صرف ایک میسج پر دستیاب ہیں جس کے سٹینڈرڈ چارجز پانچ روپے ہیں۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ جیل قوانین کے مطابق قیدیوں کی سزا میں کمی یا معافی کی کئی صورتیں ہیں۔ سرکاری سطح پر معافی کے اعلان کے علاوہ تعلیم، تکنیکی صلاحیت کے حصول اور اچھے کردار پر سزا میں معافی دی جاتی ہے۔ سزا میں ہر معافی کو فوری طور پر قیدی کے ریکارڈ کا حصہ بنایا جانا ضروری ہے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل نے جدید سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں کہا کہ اب قیدیوں یا اہل خانہ کو سزا میں معافی کا ریکارڈ حاصل کرنے میں کوئی دشواری نہیں ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ قیدیوں کی سزا میں معافی اور رہائی کا تمام ڈیٹا شفاف انداز میں آن لائن کر دیا گیا ہے۔ ایسا جدید سسٹم تیار کیا گیا تاکہ کسی قیدی کو مقررہ سزا سے ایک لمحہ بھی اضافی قید میں نہ رکھا جائے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے بتایا کہ قیدیوں کی سزا میں معافی کا ریکارڈ بروقت اپڈیٹ کرنے کیلئے قواعد و ضوابط جاری کیے ہیں۔ محکمہ داخلہ کے ڈائریکٹوریٹ آف مانیٹرنگ کو ہدایت کی ہے کہ جیلوں میں سرپرائز وزٹ کریں اور وزیراعلیٰ پنجاب کے پریزن ریفارمز ایجنڈا پر من وعن عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی سطح پر قواعد کی خلاف ورزی کی صورت میں سخت ایکشن لیا جائے گا۔ محکمہ داخلہ پنجاب میں اس جدید سسٹم کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی جس میں سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل کے ہمراہ سپیشل سیکرٹری فضل الرحمان، ایڈیشنل سیکرٹری پریزن عاصم رضا، چیئرمین پنجاب چیریٹی کمیشن کرنل شہزاد عامر، ایڈیشنل سیکرٹری جوڈیشل عمران رانجھا، ایڈیشنل سیکرٹری فارن نیشنل سکیورٹی عظمیٰ سلیم و دیگر نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 35

اور ان کے اعلیٰ اخلاق، رحم دلی اور سیاسی تدبر کا آج مخالفین بھی اعتراف کرتے ہیں۔ مقامی چینل نے جو غلط حرکت کی وہ انتہائی قابل مذمت ہے۔ یہ شرمندگی ان کی علماء دشمنی اور علماء سے نفرت کا ثبوت ہے، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ اگر مقامی چینل نے اپنی حرکت پر معافی نہ مانگی اور آئندہ ایسی حرکت کی تو اس چینل کے سامنے جے یو آئی کے کارکن دھرنا دیں گے۔ صحافی برادری بھی اس چینل کے رویے کی مذمت کریں اور انہیں ملک میں فسادات اور نفرت پیدا کرنے سے روکیں۔

بقیہ بقیہ جات 36

کا ایک ٹکڑا تھا اور اس کے ساتھ اس کا کمسن بچہ عمار بھی موجود تھا۔ بچے کو معلوم نہیں تھا کہ اس کا باپ ایک دردناک منظر میں موت کے منہ میں چلا گیا ہے۔ یہ منظر لوگوں کو درپیش بھوک اور غربت اور درد کی کیفیت کو واضح کر رہا ہے۔ یہ سب کچھ اس شہر میں ہو رہا ہے جہاں سے حوثی ملیشیا اسی شہر کے مکینوں کے وسائل کو لوٹ رہے ہیں اور ان کے زندہ رہنے اور جینے کے حق کو غصب کر رہے ہیں۔ یمنی میڈیا ذرائع نے اطلاع دی ہے کہ البکار چار بچوں کا باپ تھا اور وہ ہزاروں شہریوں کی طرح مشکل مالی حالات میں زندگی گزار رہا تھا۔ یہ سب شہری سخت دنوں میں بھاری مصائب کا شکار ہیں۔ اچانک اور بغیر کسی انتباہ کے شہری یاسر البکار اپنے بچے کے ساتھ ہی فوت ہوگیا۔ وہ ایک چونکا دینے والے منظر میں بھوکا مر گیا۔ جس نے اب گورنریٹ کے لوگوں کو بالخصوص اور تمام یمنیوں کو بالعموم ہلا کر رکھ دیا ہے۔ عینی شاہدین نے اطلاع دی ہے کہ البکار اچانک بغیر کسی وارننگ کے انتقال کر گیا۔ وہ اپنے ننھے سے بچے کو انتہائی صدمے کی حالت میں چھوڑ کر چل بسا۔ شناختی ذرائع نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ البکار بدھ کی سہ پہر تک بھوکا رہا تھا۔ وہ روٹی اور دہی کا ایک ٹکڑا اور پانی کی ایک بوتل وصول کرنے سے پہلے ہی بھوک کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گیا۔ اس کے ساتھ ہی اس کا بچہ عمار موجود تھا جو اپنے ہاتھ میں کیک کا ٹکڑا اور جوس کا ایک ڈبہ کافی دیر سے پکڑے ہوئے تھا۔ یہ کیک اور جوس اسے ایک راہگیر نے دیا تھا۔ راہگیر نے سمجھا تھا کہ اس کا والد سو رہا ہے۔ شہری البکار کے ساتھ ہونے والے اس انجام پر سماجی حلقوں اور سوشل میڈیا سائٹس پر غم کی کیفیت چھا گئی۔ اب اور باقی گورنریٹس میں بہت سے لوگوں کی جانب سے صدمے اور المیے کا اظہار کیا گیا۔ شہریوں نے حوثی ملیشیا کو اس کے افسوسناک انجام کا ذمہ دار ٹھہرایا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم حوثی رہنماؤں کے لیے دہشت گردی کے اکھاڑہ میں تبدیل ہوگئے۔ حوثی عیش وعشرت اور آرام دہ زندگی بسر کر رہے ہیں اور ضرورت مند شہری بھوک سے مر رہے ہیں۔ سماجی کارکن ابراہیم عسقین نے پلیٹ فارم فیس بک پر ایک پوسٹ میں کہا کہ آج اب شہر میں ایک شخص فٹ پاتھ پر اپنے بچے کے ساتھ مر گیا۔ وہ بھوک سے اس وقت مر گیا جب گورنریٹ سے ڈیوٹی، ٹیکس، اوقاف، بہتری اور دیگر چیزوں کے نام پر اربوں وصول کیے جا رہے ہیں اور صعدہ میں حوثیوں کو منتقل کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ بھوک سے اس وقت مر گیا جس دوران حوثی نگران کھا کھا کر موٹاپے کا شکار تھے۔ عسقین نے ایک اور پوسٹ میں مزید کہا کہ یاسر البکار کی موت ہوگئی اور اس کی تصاویر دور دور تک لوگوں میں دیکھنے کے لیے پھیل گئیں۔ بہت سے لوگ اب گورنریٹ میں ظلم و جبر اور فالج اور دل کے دورے کے درد سے مر رہے ہیں اور ان کے بارے میں کسی کو بھی علم نہیں ہو رہا۔ یہ لوگ اس وقت فالج کا شکار ہوتے ہیں جب وہ خود کو اپنے بچوں اور خاندانوں کے لیے روزی فراہم کرنے کے قابل نہیں پاتے ہیں۔ ایکٹوسٹ محمد قائد القاضی نے بھی لکھا کہ اب گورنریٹ میں ایک شخص منہ میں دہی سے ملے ہوئے روٹی کا ٹکڑا رکھے مر گیا۔

بقیہ بقیہ جات 37

کی سطح کو چھو گیا، جو اسٹاک ایکسچینج کی نئی بلند ترین سطح ہے۔ بعدازاں پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں منافع کے حصول کے لیے فروخت کا رجحان بڑھ گیا اور کے ایس ای 100 انڈیکس ایک لاکھ 20 ہزار پوائنٹس کی سطح برقرار نہیں رکھ سکا۔ 1039 پوائنٹس تک محدود ہونے سے انڈیکس ایک لاکھ 19 ہزار 977 پوائنٹس پر پہنچ گیا۔ واضح رہے کہ ملک میں عیدالفطر کی تعطیلات کے بعد امریکی صدر کی جانب سے 180 ممالک پر جوابی ٹیرف عائد کرنے کے باوجود جمعرات کے روز پی ایس ایکس میں 100 انڈیکس نئی بلند ترین سطح کو چھو گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 38

ہوئی۔ پولیس کے مطابق متاثرہ خاندان نے جی ٹی روڈ پر بچی کی لاش رکھ کر احتجاج بھی کیا۔

بقیہ بقیہ جات 39

ملیر کاشف عباسی کے مطابق ملزم ظہور احمد ضلع ملیر میں اسٹریٹ کرائم کا ایک منظم گینگ چلا رہا تھا اور اس کے خلاف مختلف علاقوں میں متعدد وارداتیں رپورٹ ہوچکی ہیں۔ ملزم کے خلاف کورنگی، ملیر اور بن قاسم تھانوں میں 13 مقدمات درج ہیں، اس کے علاوہ ملزم کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی وائرل ہوچکی تھی جس کے بعد پولیس نے اسے گرفتار کرنے میں کامیابی حاصل کی۔ ایس ایس پی ملیر کاشف عباسی کا مزید کہنا تھا کہ دوران تفتیش ملزم نے 100 سے زائد وارداتوں میں ملوث ہونے کا اعتراف بھی کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

ڈومیسٹک، کمرشل اور صنعتی صارفین کو بڑا ریلیف ملا ہے، اس اقدام سے جہاں پیداواری سرگرمیاں عروج پکڑیں گی وہیں لاگت کم ہونے سے عوام کی قوت خرید بھی بحال ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت نے انتہائی سخت حالات کے باوجود ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا اور روپے کو استحکام دیا جس سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا، بجلی کی قیمتوں میں کمی بہت بڑا ریلیف ہے جس کے دوررس نتائج برآمد ہوں گے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ ٹیکسز کی شرح کو بھی سنگل ڈیجٹ میں لایا جائے گا جس سے کاروباری برادری کو مزید ریلیف ملے گا اور عوام بھی سکھ کا سانس لیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 41

علاج کے دوران انتقال کرگیا۔ اسپتال کے آئیسولیشن وارڈ میں اس وقت کانگو کا کوئی مریض داخل نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

کی برآمدی حجم میں 85 فی صد اضافہ ہوا، رواں مالی سال کے 8 ماہ میں چاول کا برآمدی حجم 30 لاکھ 93 ہزار ٹن رہا، گزشتہ مالی سال میں 30 لاکھ 71 ہزار ٹن چاول برآمد کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 43

عام اور بی ایل اے کی دہشت گردی کے خلاف سراپا احتجاج ہیں، دہشت گردی نامنظور کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے۔ ملتان میں بی ایل اے کی دہشت گردی کے خلاف شدید احتجاجی مظاہرہ ہوا جبکہ مہرنگ لانگو اور اختر مینگل کو کیفر کردار تک پہنچانے کا مطالبہ کیا گیا۔ شرکاء نے پلے کارڈز اٹھا کر دہشت گردی کے خلاف آواز بلند کی اور بے گناہوں کے خون کا حساب لینے کا پختہ عزم کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ظلم اور درندگی برداشت نہیں کریں گے۔ مظاہرین نے انصاف کے حصول تک جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان کیا۔

بقیہ بقیہ جات 44

سوسائٹیز پر 5 لاکھ روپے تک جرمانہ کرنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ بقیہ جات 45

نہ لگنے پر نامعلوم شہری نے ملزمان پر عقب سے فائرنگ کردی جس سے دونوں ڈاکو زخمی ہوگئے تاہم وہ رکے نہیں، ملزمان پل کراس کرکے ملیر تھانے کی حدود میں داخل ہوئے اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موٹر سائیکل سے گر گئے۔ جہاں ملیر سٹی تھانے کی پولیس نے ملزمان کو حراست میں لے کر ایدھی ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کیا، شہریوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ملزمان کو دو تھانوں کی پولیس نے مشاورت کے بعد پولیس مقابلہ ظاہر کرکے ترجمان کراچی پولیس کو واٹس ایپ میسج کرکے اپنی کارکردگی ظاہر کردی۔ بعدازاں کراچی پولیس کی جانب سے ایک واٹس ایپ میسج میڈیا کے لیے کیا گیا جس میں بتایا گیا کہ مذکورہ مقابلہ شاہ لطیف پولیس کے چوک وچابند دستے کے بارے میں بتاتے ہوئے زخمی ملزمان کی شناخت 14 سالہ بلال اور 20 سالہ ارشد خان ولد وارث خان کے نام سے کی گئی۔ یہ کوئی ایسا کوئی پہلا واقعہ نہیں اکثر پولیس عوام کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے واقعے کو پولیس مقابلہ اس لیے ظاہر کردیتے ہیں کہ ان کی کوئی شکایت کرنے والا موجود نہیں ہوتا اور نہ ہی کوئی اس چیز کا دعویدار ہوتا ہے کہ ڈاکوؤں کو اس نے مارا ہے، عموماً حقیقی پولیس مقابلوں میں ڈاکوؤں سے زیادہ پولیس کا نقصان ہوتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

سے 45 سالہ نامعلوم شخص مردہ حالت میں ملا، چوکی صوبے آصل میں 65 سالہ ملنگ بابا مردہ حالت میں ملا۔ پولیس کی ضروری کارروائی کے بعد میتوں کو ایدھی ایمبولینسز کے ذریعے مردہ خانے منتقل کردیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 47

دوسرے کی مخالفت میں بیان بازی سے گریز کرنا چاہیے، بانی پی ٹی آئی نے جسے جو ذمہ داری سونپی ہے وہ اسے ایمانداری کے ساتھ سرانجام دے، موجودہ حالات میں ایک دوسرے کی غلطیوں اور کوتاہیوں کو نظر انداز کیا جائے تاکہ ہمارے مخالفین اس سے فائدہ نہ اٹھاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مخالفین کو بھی فکر لاحق ہے کہ ان کی بھرپور سازشوں اور بانی پی ٹی آئی کے جیل کی سلاخوں کے پیچھے ہونے کے باوجود پی ٹی آئی تتر بتر کیوں نہیں ہوئی، مضبوط اتحاد کا مظاہرہ کریں گے تو سازشی عناصر ایسے ہی منہ کی کھائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 48

نکل رہا ہوں، امتحانی مافیا کو نہیں چھوڑیں گے، جو امیدوار نقل کرتا پکڑا گیا 5 سال تک امتحان کیلئے نااہل قرار پائے گا، جو عملہ پکڑا گیا، کڑی سزا کے ساتھ ساتھ اسے کہیں منہ دکھانے کے قابل نہیں چھوڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بوٹی مافیا سے متعلق اطلاع دینے والے افراد کے نام صیغہ راز میں رکھے جائیں گے، امتحانات کو شفاف بنانے کا بیڑہ اٹھا لیا ہے، شفافیت ہرصورت یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 49

عدد موٹر سائیکل سمیت کل نقدی 29 لاکھ 63 ہزار برآمد کرلی گئی۔ ملزمان ڈکیتی کی متعدد وارداتوں کے مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھے۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

گھر خاکستر ہوا عید کے موقع پر اردگرد گھروں میں لوگ موجود تھے جنھوں نے آگ بجھانے کی کوشش کی مگر مکان بچ نہ سکا البتہ اہلخانہ اور ساتھ میں دیگر مکانات کو بچانے میں کامیاب ہوئے مکان مالک سردار محمد لیاقت خان کا کہنا تھا مکان میں اہم کاغذات زیور ودیگر گھر میں رکھا تمام کا تمام سامان کوئلہ بن گیا واقع کی اطلاع پر انچارج پولیس چوکی ملوٹ اور ایس ایچ او تھانہ ارجہ جائے وقوعہ پر پہنچے رپورٹ مرتب کرکے حکام بالا کو ارسال کی افسوسناک واقع پر عوام علاقہ چناٹ مندری بھٹی شریف سوکڑ پس جھولہ ہیں بنگلہ غنی آباد ملوٹ کری بنگراں نے کہا کہ سردار محمد لیاقت خان اگرچہ جیپ ڈرائیور ہیں لیکن وہ انتہائی دیانتدار ہمدرد سفید پوش بمشکل اس گاڑی سے اپنے بال بچوں کی پرورش کا ذریعہ ہیں ان کا مکان مکمل طور تباہ ہوگیا لہٰذا حکومت وقت رفاہی ادارے مخیر حضرات ان کی مالی امداد کریں تاکہ جلد ان کا گھر تعمیر ہوسکے۔ دریں اثنا ملوٹ کے گاؤں چلندراٹ بن میں 4 اپریل بروز جمعہ صبح کے وقت راجہ محمد ارشاد خان نامی شخص کا ناوروالا مکان بجلی کے شارٹ سرکٹ کے باعث خاکستر ہوا ذرائع کے مطابق بالائی چھت میں آگ لگی لیکن گھر والے چونکہ مکان کے نچلے حصے میں رہائش پذیر تھے جنھیں بہت دیر بعد آگ لگنے کا علم ہوا تب تک آگ نے آگ حصہ جلا ڈالا آگ کے شعلے دیکھتے عوام اکٹھے ہوئے جان ہتھیلی پر رکھ کر آگ پر قابو پانے کی کوشش کی مگر آگ نے سب کچھ راکھ کر دیا ذرائع نے بتایا گھر میں سارا سامان زیورات اور کمیٹی کے رکھے گئے تقریباً دو لاکھ نقد آگ کی نذر ہوئے عوامی حلقوں نے اظہار افسوس کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ حکومت اور صاحب حیثیت لوگوں سے التماس کی کہ وہ متاثرہ افراد کی دل کھول کر امداد کریں تاکہ متاثرہ خاندان اپنے گھر بسا سکیں۔

بقیہ بقیہ جات 51

ساتھ مل کر بھٹہ مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے کام کرنے کے عزم کا اظہار۔ ملاقات میں تبادلہ خیال کیا گیا کہ جدید طریقہ کار کے استعمال سے نہ صرف اینٹوں کی پیداوار بڑھائی جا سکے گی بلکہ آلودگی میں بھی کمی آئے گی۔ صوبائی وزیر لیبر فیصل ایوب کھوکھر کا اس موقع پر کہنا تھا کہ پنجاب حکومت بھٹہ مزدوروں کی صحت کے حوالے سے اہم اقدامات کر رہی ہے۔ حکومت پنجاب مزدوروں کی صحت اور انہیں محفوظ اور صحت مند ماحول فراہم کرنے کیلئے کام کر رہی ہے۔ جدید مشینری کے استعمال سے صنعتوں کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔ جس سے نہ صرف اقتصادی ترقی ہوگی بلکہ مزدوروں کی زندگی کے معیار میں بھی بہتری آئے گی۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ نئی لیبر کالونیاں، گرانٹس کا بر وقت اجراء جدید میڈیکل سہولیات پر دن رات کام کر رہے ہیں۔ آئی ایل او اور لیبر قوانین پر عمل درآمد کے لئے سنجیدگی سے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ پہلی پائلٹ مشین فیصل آباد میں نصب کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 52

پر احتجاج کرے گی۔ اس سلسلے میں پی ایم اے پنجاب اور مرکز کا اجلاس طلب کرلیا گیا ہے جس میں پنجاب میں مبینہ نجکاری اور محکمہ صحت کے اداروں کو من پسند افراد کو نوازنے کے اقدامات کی بھرپور مخالفت کی جائے گی اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 53

آفیسر جنہیں وزارت ریلوے کی جانب سے 3 اپریل کو ڈائریکٹر جنرل ویجیلنس بھی تعینات کرنے کے احکامات بھی جاری کردیے گئے تھے نے گریڈ 21 کے آفیسر اے جی ایم مکینیکل راحت مرزا کے دفتر میں داخل ہوکر ان کے ساتھ بدتمیزی کی دست وگریبان ہونے کی کوشش کی جس پر اے جی ایم مکینکل نے معاملہ سے تحریری طور پر سی ای او ریلویز عامر بلوچ اور چیئرمین وسیکرٹری ریلویز کو آگاہ کرتے ہوئے مذکورہ افسر کے خلاف کارروائی کرنے اور ایف آئی آر درج کرنے کا مطالبہ کیا تھا جبکہ سینئر افسر سے بدسلوکی کے خلاف ریلوے مکینیکل اور سول ڈیپارٹمنٹ کے تمام انجینئرز افسران متحد ہوگئے تھے اور انہوں نے اس معاملہ پر شعبہ کمرشل سمیت دیگر شعبوں کی حمایت بھی حاصل کرلی تھی اور 40 سے زائد سول ومکینیکل وکمرشل ٹرانسپورٹیشن افسران نے گزشتہ روز سی ای او سے ملاقات کرکے طارق لطیف کے خلاف قانونی کارروائی تک کام بند کرنے اور وزیر ریلوے حنیف عباسی کے سامنے احتجاج ریکارڈ کرانے کا اعلان کردیا تھا جس پر وزارت ریلوے نے فوری ایکشن لیتے ہوئے واقع کی تحقیقات کے لئے انسپکٹر جنرل ریلوے پولیس رائے محمد طاہر کو واقع کی تحقیقات کرکے رپورٹ تین میں سیکرٹری وچیئرمین ریلوے کو پیش کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی جی ریلوے کی جانب سے آج واقع کی تحقیقات کئے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

ڈاکٹرز کے ڈیوٹی روسٹرز آویزاں کریں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سرکاری ہسپتالوں کے دورے کرکے حالات کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا نہ کرنے والا ایم ایس سیدھا گھر جائے گا۔ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کے علاج و معالجہ میں غفلت کرنے والے ایم ایس کی محکمہ صحت میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں بہتری کیلئے موقع پر ہی ہدایات جاری کی جارہی ہیں اور سرکاری ہسپتالوں میں روزانہ کی بنیاد پر دورے کرنے کا بنیادی مقصد ہی مریضوں سے براہ راست فیڈ بیک لینا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کے علاج میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ڈاکٹرز کمیونٹی کی دل سے عزت کرتا ہوں لیکن اس طرح کام نہیں چلے گا۔ ہمارے پاس عوامی خدمت کا مینڈیٹ ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں سروس ڈلیوری میں دشواری پر کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 55

پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کردیا۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرکے قانونی کارروائی شروع کردی۔

بقیہ بقیہ جات 56

وزارت داخلہ نے افغان باشندوں کو واپس بھجوانے کیلئے صوبائی حکومتوں کو ٹاسک دیدیا۔ پنجاب سپیشل برانچ کی افغان باشندوں کی میپنگ رپورٹ کابینہ کو ارسال کردی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 57

کے لیے پرعزم ہیں۔ سخت کریک ڈاؤن کے نتیجے میں اب تک 151 ارب 85 کروڑ روپے سے زائد وصول کرلیے گئے۔ گزشتہ ہفتے ملک بھر سے بجلی چوروں سے 80 کروڑ سے زائد رقم وصول کیے گئے جبکہ 138 بجلی چور گرفتار کرلیے گئے۔ متعلق

بقیہ بقیہ جات 58

سیکرٹری انیب اختر انصاری، نائب صدر میاں محمد زاہد، فنانس سیکرٹری محمد حسن یوسف اور جوائنٹ سیکرٹری احمد رضا نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ ٹیکسیشن کے نظام میں جس پیمانے اور جس رفتار سے اصلاحات کی ضرورت ہے اس کے مطابق پیشرفت نہیں کی جارہی اور یہی وجہ ہے کہ ہر طرح کا حربہ استعمال کرنے کے باوجود ٹیکس محصولات میں شارٹ فال آرہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کے سٹرکچر میں بے پناہ خامیاں ہیں جس کے لئے اس کی جامع سٹڈی رپورٹ کی تیاری کے بعد از سر نو تعمیر کرنا ہوگی بصورت دیگر اسی طرح کے نتائج آئیں گے جواب آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کے افسران اور عملے کی مانیٹرنگ کا کوئی نظام نہیں جس کی وجہ سے خوف وہراس کی فضا بنی ہوئی ہے۔ غلط اسیسمنٹ اور نوٹسز پر فوری اپیل کا کوئی پلیٹ فارم میسر نہیں جہاں سے ریلیف مل سکے۔

بقیہ بقیہ جات 59

ٹرین سروس کی بحالی نہ ہونے سے بذریعہ ٹرین سفر کرنے والوں کو پریشانی کا سامنا ہے۔ دوسری جانب ریلوے حکام نے 31 مارچ سے روزانہ کی بنیاد پر بولان میل چلائے جانے کا اعلان کیا تھا۔ یہ اعلان ڈی ایس ریلوے کوئٹہ عمران حیات نے 29 مارچ کو کیا تھا۔ اس اعلان کے 5 روز بعد بھی کوئٹہ ریلوے اسٹیشن سے بولان میل کی روانگی نہیں ہوئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 60

پنجاب شبیر احمد خان، چیئرمین نیشنل سیڈ اتھارٹی ڈاکٹر آصف علی، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد رجوانہ، ڈائریکٹر جنرل زراعت پنجاب چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، عبدالقیوم، ڈاکٹر عامر رسول، ڈاکٹر ساجد الرحمٰن، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی، صدر کسان اتحاد خالد محمود کھوکھر، کاٹن ایکسپرٹ ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ سمیت محکمہ زراعت وانہار کے افسران شریک ہوئے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے مزید کہا کہ کپاس کی بحالی کیلئے جاری خصوصی مہم کو ہر سطح پر سراہا جارہا ہے۔ پہلے مرحلے میں کپاس کی کاشت کے مقررکردہ ہدف کا 80 فیصد سے زائد حاصل کرلیا ہے جبکہ اسی جوش وجذبہ سے مہم جاری رہی تو آئندہ 2،3 روز میں مقررکردہ ہدف کے قریب پہنچ جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ رواں سیزن پنجاب میں 35 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر کپاس کاشت جائے گی۔ کپاس کی کاشت اور پیداوار کے ہدف کے حصول کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب نے خصوصی مراعاتی پیکج کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کپاس کی کاشت کا دوسرا مرحلہ 30 اپریل تک جاری رہے گا۔ محکمہ زراعت اور کاشتکار کپاس کی کاشت کے ہدف کے حصول کیلئے پرعزم ہے۔ مارکیٹوں میں معیاری زرعی مداخل کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے مانیٹرنگ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کپاس کی کاشت کے علاقوں میں ترجیحی بنیادوں پر نہری پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

دفعہ 365 ت پ مقدمہ درج کر لیا اور مغوی و ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 62

کرنے میں پیش پیش رہے ہیں۔ خاص طور پر ہر سال ڈسٹرکٹ بار کے الیکشن کے موقع پر بعض وکلاء کی طرف سے ہونے والی ہوائی فائرنگ ایک مستقل روایت بن چکی ہے جسے ختم کرنے کی ضرورت ہے۔ اس سے جہاں وکلاء کی قدر و منزلت میں اضافہ ہوگا وہیں کالے کوٹ کی دھونس، پروٹوکول کلچر اور اسلحے کی نمائش کے گھٹیا رجحان کا خاتمہ کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ اس سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے اب ڈسٹرکٹ بار کے نام پر چلنے والے غیر قانونی پارکنگ سٹینڈز بھی بند ہونے چاہییں تاکہ ڈسٹرکٹ بار پر کسی غیر قانونی اقدام کی پشت پناہی کا الزام نہ لگ سکے۔

بقیہ بقیہ جات 63

رخصت بھی ہوگیا۔ یہ مہینہ ایک مسلمان کو ایمانی اور عملی طور پر عروج اور بلندی عطا کرتا ہے ان میں وہ یقین اور ایمان پیدا کرتا ہے جو مسلمانوں کا عظیم سرمایہ ہے اور جو اسلام میں مطلوب اور مقصود ہے۔ عملی طور پر بھی ان میں وہ جذبہ پیدا کیا جاتا ہے کہ اگر رمضان کے بعد بھی اسی رفتار سے سفر جاری رکھا جائے تو آخرت کی منزل آسان ہو جائیگی۔ ہمیشہ کی زندگی میں وہ راحت نصیب ہوگی جس کا آج تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ بقیہ جات 64

بتایا کہ فرنٹیئر ڈیلسولز لمیٹڈ کو جعلی اور غیر معیاری ادویات پر بلیک لسٹ کیا گیا، بلیک لسٹڈ کمپنی کو ادویات کی فراہمی دینا انسانی جانوں سے کھیلنے کے مترادف ہے، جعلی ادویات کی روک تھام کیلئے ٹیسٹنگ لیبارٹریوں سے رپورٹس جمع کرائی گئی ہیں، بلیک لسٹ کمپنی کو سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی دینا بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ عدالت نے دلائل سننے کے بعد محکمہ صحت کے کروڑوں روپے مالیت کے ٹینڈر کو غیر شفاف، امتیازی اور کالعدم قرار دیتے ہوئے حکم نامہ جاری کیا کہ ٹینڈر شرائط سے اہم شق جان بوجھ کر حذف کی گئی جو کہ مخصوص کمپنی کو فائدہ پہنچانے کی منظم کوشش ہے۔ عدالت نے متعلقہ کمپنی کو دیئے گئے ٹینڈر کو فوری منسوخ کرنے کی ہدایت کی اور ادویات کی خریداری کا عمل ازسرنو قانون کے مطابق شروع کرنے کا حکم دیا۔ حکم نامہ میں مزید کہا گیا کہ عوامی فنڈز سے خریداری میں شفافیت اور منصفانہ مقابلہ یقینی بنائے، عدالت نے بلیک لسٹ کمپنی کو نوازنا انسانی زندگیوں سے کھیلنے کے مترادف قرار دیا۔

بقیہ بقیہ جات 65

کرنے کی سفارش کی گئی۔ کمشنرز کی تقرریاں پنجاب چیریٹیز ایکٹ 2018 کی شق نمبر 3 کے تحت کی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 66

چکوال کا عتیق الرحمن اور 7 سالہ فہیم فاطمہ جاں بحق جبکہ 4 افراد 45 سالہ فرناز امیر، 50 سالہ محمد طارق، 16 سالہ خیام علی، 16 سالہ امان علی شدید زخمی ہوگئے جن کو ریسکیو کر کے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پنڈی بھٹیاں منتقل کردیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 67

پر سلامتی کونسل کے مستقل ارکان پر بھی زور دیا کہ وہ اس حوالے سے اپنا کردار ادا کریں اور شام اور خطے میں اسرائیل کی ان مسلسل خلاف ورزیوں کے خلاف سنجیدگی اور عزم کے ساتھ کھڑے ہوں اور اسرائیل کے خلاف بین الاقوامی احتسابی میکانزم کو فعال کریں۔

بقیہ بقیہ جات 68

ہے یا مستقل بنیادوں پر کی گئی ہے۔ دو ذرائع کا کہنا تھا کہ ٹرمپ حکام کو فارغ کرنے کے وقت بتایا گیا ہے کہ ان کی فراغت کا باعث ان کا پس منظر بنا ہے۔ جن امریکی حکام کو فارغ کیا گیا ہے۔ ان میں نیشنل سکیورٹی کونسل کے سینئر حکام ڈیوڈ فیتھ، برایان والش بھی شامل ہیں۔ تاہم نیشنل سکیورٹی کونسل کے حکام نے ان برطرفیوں پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 69

مند زندگی گزارنے کی سنہری اصولوں بارے آگاہی دی جائے گی جبکہ اخبارات خصوصی مضامین شائع کریں گے۔ دنیا بھر میں صحت کا عالمی دن سب سے پہلے 1950ء میں منایا گیا 1948ء میں عالمی ادارہ صحت (WHO) کے ذیلی ادارے ہیلتھ اسمبلی نے ہر سال 7 اپریل کو صحت کا عالمی دن منانے کی منظوری دی جس کے بعد دنیا بھر میں 7 اپریل کو ''ورلڈ ہیلتھ ڈے'' منایا جاتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 70

بازیاب کرایا جا سکا جبکہ 194 اب تک لاپتہ ہیں۔ اعداد وشمار کے مطابق تین ماہ کے دوران 138 بچوں کو اغواء کیا گیا جن میں سے 14 اب تک نہیں مل سکے۔ خواتین کے ساتھ زیادتی کے 151 اور بچوں کے ساتھ زیادتی کے 47 مقدمات درج ہوئے۔ خواتین کے ساتھ زیادتی کے مقدمات میں سے 110 ملزمان گرفتار ہوئے جبکہ 41 فرار ہیں۔ بچوں کے زیادتی کے 44 ملزمان پکڑے گئے لیکن 3 اب بھی فرار ہیں۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد کیا جارہا ہے اور زیادہ تر مقدمات کو حل کرلیا گیا ہے۔ ماہرین سماجیات کا کہنا ہے کہ اتنے کم عرصے میں ہونے والے سنگین جرائم نے شہریوں میں خوف و اضطراب پھیلا دیا ہے۔ عوام کی طرف سے سوال اٹھائے جا رہے ہیں اور حکام سے مزید سخت حفاظتی اقدامات اور مجرموں کے خلاف فوری انصاف کا مطالبہ کیا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 71

عکاسی کرتا ہے۔ 2025 کے پہلے دو ماہ میں 22,740 میٹرک ٹن تل چین کو برآمد کیے گئے، پاکستانی تل کی برآمدات میں اس نمایاں اضافے سے زرعی شعبے کو فروغ اور معیشت کو استحکام ملے گا۔ بڑھتی ہوئی برآمدات زرعی پیداوار میں بہتری، جدید کاشتکاری طریقوں اور تجارتی آسانیوں کا نتیجہ ہیں، تجارت میں بہتری سے غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر مستحکم، معیشت کو مزید فروغ ملنے کی توقع ہے۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے زرعی مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی پاکستان کے اقتصادی استحکام میں معاون ثابت ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 72

سلمان کی جانب سے 70 ملین ریال کا عطیہ سے کیا گیا تھا۔ مملکت کی اعلیٰ قیادت کی جانب سے عطیہ مہم کے پانچویں ایڈیشن کو شروع کرتے ہی تمام شہروں سے لوگوں نے احسان پلیٹ فارم کے اکاؤنٹ میں عطیات ارسال کرنے کا آغاز کیا، رمضان المبارک کے دوران فطرانہ وصول کرنے کے لیے بھی الاحسان پلیٹ فارم پر سہولت فراہم کی گئی تھی جس کے ذریعے امسال 2.2 ملین ریال فطرانے کی مد میں جمع ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 73

شامل تھا، نومبر 2024 میں بھارتی مگ 29 لڑاکا طیارہ اترپردیش کے قریب تباہ ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 74

نے اس صورت حال کے بارے میں کہا کہ جنگ حدوں کو عبور کرچکی ہے۔ حکام نے کہا کہ یہ طبی عملے کے کارکنوں کی یہ حالت انتہائی صدمے کا باعث ہے۔ ان طبی کارکنوں نے اپنی ہلاکت کے وقت یونیفارم پہنے ہونے ہونے کے ساتھ ساتھ ہاتھوں پر دستانے بھی پہنے ہوئے تھے۔ میں ہی اجتماعی قبر میں ڈالا گیا ہے۔ انہیں اسرائیلی فوج نے اس وقت قتل کیا جب وہ فلسطینیوں کی جان بچانے کی کوشش میں مصروف تھے۔ اقوام متحدہ کے مقامی افسر جوناتھن وٹ ہال طبی عملے کے ان ارکان میں سے 8 ارکان کا تعلق فلسطینی ہلال احمر سے تھا جبکہ ایک کا تعلق اقوام متحدہ سے تھا۔

بقیہ بقیہ جات 75

اچانک دورہ کیا، او پی ڈی میں مریضوں سے ملاقات کی اور طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈائریکٹر او پی ڈی کو کارکردگی بہتر بنانے کا آخری موقع دیا گیا۔ وزیراعلیٰ کمپلینٹ سیل پر ایک اہل کار کو موبائل فون استعمال کرنے پر ہٹا دیا گیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ جنرل ہسپتال میں مریضوں کی آسانی کیلئے ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ میں 4 مزید الٹراساؤنڈ مشینیں فراہم کردی گئی ہیں اور مریضوں کی آسانی کیلئے کیو مینجمنٹ سسٹم فعال کردیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ پنز میں مریضوں کی قطاروں کے رش میں کمی کیلئے بھی کیو مینجمنٹ سسٹم کا نظام فعال کررہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 76

وفد آئندہ مالی سال کے بجٹ بشمول ٹیکس ریونیو اقدامات، اخراجات پر کنٹرول اور دیگر ترقیاتی اخراجات کے بجٹ کے حوالے سے پاکستانی حکام کے ساتھ مذاکرات کرے گا۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ آئندہ مالی سال کا وفاقی بجٹ جون کے پہلے ہفتے میں پیش کیا جائے گا اور اس سے قبل بجٹ کو حتمی شکل دینے کیلئے آئی ایم ایف کی ٹیم پاکستان حکام سے مل کر تجاویز تیار کرے گی۔

بعدالت جناب مسز مہوش حیات فلک
صاحبہ نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ
تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع پرانا بھلوال متوفی محمد حفیظ ولد محمد شفیع وارثان محمد شفیع والد، انوری والدہ پہلے فوت شدہ۔

زندہ شاہدہ بانو بیوہ، عامر زیب، محمد جہانزیب، اورنگزیب، شاہ زیب علی پسران زیب النساء دختر متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو وہ اپنا اعتراض اندر سات یوم داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وارثت تصدیق کردیا جائے گا۔ دستخط مجاز ومہر عدالت جاری ہوا۔

صوبائی وزیر محنت وانسانی وسائل ملک فیصل ایوب کھوکھر سے امریکن وفد کی ملاقات

ملاقات میں تبادلہ خیال کیا گیا کہ جدید طریقہ کار کے استعمال سے نہ صرف اینٹوں کی پیداوار بڑھائی جا سکے گی بلکہ آلودگی میں بھی کمی آئے گی

حکومت پنجاب مزدوروں کی صحت اور انہیں محفوظ اور صحت مند ماحول فراہم کرنے کیلئے کام کر رہی ہے، صوبائی وزیر لیبر فیصل ایوب کھوکھر

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر محنت وانسانی وسائل ملک فیصل ایوب کھوکھر سے امریکن وفد کی ملاقات۔ سی ای او، فیملیز سیٹ فری، مائیکل برکلے نے وفد کے ہمراہ صوبائی وزیر سے ملاقات کی۔ وفد میں ہنڈرے ڈی جونگ، مینجنگ ڈائریکٹر کراؤن سلوشنز، اسٹیفنی انفنسن کری ایٹو ڈائریکٹر کراؤن سلوشنز شامل تھے جبکہ ممبر صوبائی اسمبلی اور سابق صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق اعجاز عالم آگسٹین بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات میں امریکن کراؤن سلوشنز کمپنی کا پاکستان کی اینٹوں کے بھٹہ کی صنعت میں سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار۔ ملاقات میں ہاتھ سے بنی اینٹوں کو مشین سے بنی اینٹوں میں تبدیل کرنے کی تجویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بھٹہ میں کام کرنے مزدوروں کے بچوں کو سکلڈ ڈویلپمنٹ اور اعلیٰ ایجوکیشن کے مواقع فراہم کرنے پر بھی بات چیت کی گئی۔ وفد کا لیبر ڈیپارٹمنٹ کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

لاہور: صوبائی وزیر محنت وانسانی وسائل ملک فیصل ایوب کھوکھر سے امریکن وفد کی ملاقات کے موقع گروپ فوٹو

پی ایم اے لاہور کا ہنگامی اجلاس صدر پروفیسر ڈاکٹر شاہد ملک کی زیر صدارت منعقد ہوا

اجلاس میں متفقہ طور پر جناح ہسپتال، بنیادی مراکز صحت اور دیہی مراکز صحت کو آؤٹ سورس کرنے کے فیصلے پر شدید تنقید

مجلس عاملہ نے پرائیویٹائزیشن کے نام پر ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس کی مستقل ملازمت سے کھلواڑ کو یکسر مسترد کر دیا

لاہور (خبر نگار) پی ایم اے لاہور کا ہنگامی اجلاس صدر پروفیسر ڈاکٹر شاہد ملک کی زیر صدارت پی ایم اے ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پروفیسر ڈاکٹر اشرف نظامی، ڈاکٹر ارم شہزادی، ڈاکٹر واجد علی، ڈاکٹر بشریٰ حق، ڈاکٹر اظہار چوہدری، ڈاکٹر کامران سعید، ڈاکٹر تنویر انور، پروفیسر ڈاکٹر جاوید چوہدری، ڈاکٹر نادر خان، ڈاکٹر احمد نعیم اختر، ڈاکٹر مریم فاطمہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں متفقہ طور پر جناح ہسپتال، بنیادی مراکز صحت اور دیہی مراکز صحت کو آؤٹ سورس کرنے کے فیصلے پر شدید تنقید کرتے ہوئے قرار دیا گیا کہ ان اداروں کو پرائیویٹ کرنے سے پہلے ان کی ری ویمپنگ کرنے کے نام پر اربوں روپے کی کرپشن کی گئی۔ مجلس عاملہ نے پرائیویٹائزیشن کے نام پر ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس کی مستقل ملازمت سے کھلواڑ کو یکسر مسترد کر دیا اور واضح کیا پی ایم اے اس فیصلے کے خلاف ہر فورم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 521)

تحصیل دھیرکوٹ یونین کونسل ملوٹ بجلی کا شارٹ سرکٹ دو مکانات خاکستر

عید والے دن گاؤں چناٹ کے رہائشی سردار محمد لیاقت خان کا گھر جل کر خاکستر ہو گیا

چاند رات میں راجہ محمد ارشاد خان نامی شخص کا ٹاور والا مکان شارٹ سرکٹ کے باعث خاکستر ہو گیا

باغ (این این ائی) تحصیل دھیرکوٹ یونین کونسل ملوٹ بجلی کا شارٹ سرکٹ دو مکانات خاکستر، لاکھوں کا نقصان۔ تفصیلات کے مطابق ضلع باغ کی تحصیل دھیرکوٹ یونین کونسل ملوٹ حلقہ غربی باغ ملوٹ پولیس چوکی حدود میں یکے بعد دیگرے دو مکان جل کر راکھ۔ عیدالفطر کے دن دس بجے گاؤں چناٹ کے رہائشی سردار محمد لیاقت خان جو ٹرانسپورٹ کے ساتھ منسلک ہیں اہلخانہ اور مہمانوں کے ساتھ خوشیاں منا رہے تھے کہ گھر کے اوپر حصے میں بجلی کے شارٹ سرکٹ کی وجہ سے اچانک آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے پانچ کمروں والے مکان کو آگ کی لپیٹ میں لے لیا اور منٹوں میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

پنجاب میں افغان باشندوں کی تعداد 99 ہزار 857

پولیس، ایف آئی اے، نادرا ٹیموں نے انخلاء کے پلان پر عملدرآمد شروع کر دیا

لاہور (این این آئی) وزارت داخلہ نے افغان باشندوں کو واپس بھجوانے کیلئے صوبائی حکومتوں کو ٹاسک دیدیا۔ پنجاب سپیشل برانچ کی افغان باشندوں کی میپنگ رپورٹ کابینہ کو ارسال کر دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب میں افغان باشندوں کی تعداد 99 ہزار 857 ہے جبکہ افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کی تعداد 35 ہزار 235 ہے۔ لاہور میں افغان باشندوں کی تعداد 8 ہزار 282 ہے، پولیس، ایف آئی اے اور نادرا ٹیموں نے افغان شہریوں کے انخلاء کے پلان پر عملدرآمد شروع کر دیا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں صحت کا عالمی دن

''ورلڈ ہیلتھ ڈے'' 7 اپریل کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں صحت کا عالمی دن ''ورلڈ ہیلتھ ڈے'' 7 اپریل کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد دنیا بھر کے لوگوں کو صحت کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہے۔ اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں وزارت صحت، محکمہ صحت پنجاب، پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن، دیگر طبی تنظیموں اور این جی اوز کے زیر اہتمام تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں صحت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

فیصل آباد، دیرینہ دشمنی کی بناء پر مخالفین کی فائرنگ سے ایک شخص قتل

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں دیرینہ دشمنی کی بناء پر مخالفین نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا۔ تھانہ صدر کے علاقہ میں مخالفین نے فائرنگ کر کے شیر محمد نامی شخص کو قتل کر دیا۔ مقتول اڈہ 76 گ ب پر کھڑا تھا کہ ملزمان جواد، الیاس اور اعجاز نے اس پر فائرنگ کر دی۔

صوبائی وزیر صحت اچانک علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال سیالکوٹ پہنچ گئے

او پی ڈی میں مریضوں کی طویل قطار پر ایم ایس سے سخت برہمی کا اظہار، صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات پر سرزنش بھی کی

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اچانک علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال سیالکوٹ پہنچ گئے۔ ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل محکمہ سپشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر محمد وسیم بھی ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ایمرجنسی، او پی ڈی، آپریشن تھیٹرز، میڈیسن سٹور، وزیر اعلیٰ شکایات سیل و دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا۔ او پی ڈی میں مریضوں کی طویل قطار پر ایم ایس سے سخت برہمی کا اظہار کیا اور صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات پر سرزنش بھی کی۔ خواجہ سلمان رفیق نے ایم ایس کو ہدایت کی کہ ہسپتال کے واضح مقامات پر ادویات کی فہرستیں اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال سیالکوٹ میں مریضوں کی عیادت کر رہے ہیں

پنجاب میں قیدیوں کی رہائی کا تمام ڈیٹا آن لائن کر دیا گیا

قیدیوں کے اہل خانہ صرف ایک ایس ایم ایس کے ذریعے رہائی کی تاریخ اور سزا میں معافی بارے جان سکیں گے: سیکرٹری داخلہ پنجاب

جدید سسٹم تیار کیا تا کہ کسی قیدی کو مقررہ سزا سے ایک لمحہ بھی اضافی قید میں نہ رکھا جائے، سیکرٹری داخلہ نور الامین مینگل

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے پریزن ریفارمز ایجنڈا کے تحت قیدیوں کی فلاح کیلئے انقلابی اقدام سامنے آیا ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے قیدیوں کی سزا میں معافی اور بقیہ سزا کا تمام ریکارڈ آن لائن کر دیا۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل نے محکمہ داخلہ میں منعقدہ تقریب میں جدید سسٹم کا افتتاح کر دیا۔ پنجاب بھر میں موجود قیدیوں کے اہل خانہ اب صرف ایک SMS کے ذریعے قیدی کی رہائی کی تاریخ بارے جان سکتے ہیں۔ ان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں ریکارڈ ساز تیزی؛ انڈیکس نئی بلند ترین سطح کو چھو گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں آج ریکارڈ ساز تیزی دیکھی گئی، اس دوران انڈیکس نئی بلند ترین سطح کو چھو گیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق کاروباری ہفتے کے آخری دن بازار حصص میں کاروبار میں زبردست تیزی کا رجحان دیکھا جا رہا ہے۔ مارکیٹ کا آغاز جمعہ کے روز 1847.15 پوائنٹس کے اضافے سے 120785.26 پوائنٹس سے ہوا۔ بعد ازاں پی ایس ایکس میں کے ایس ای 100 انڈیکس 1344.41 پوائنٹس کا اضافہ ہونے سے 120282.52 پوائنٹس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

لاہور: پولیس اہلکار بادشاہی مسجد کے باہر الرٹ کھڑا ہے

کراچی، شاہ لطیف ٹاؤن مبینہ پولیس مقابلے میں اسٹریٹ کرائم کا اہم ملزم زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے شاہ لطیف ٹاؤن پولیس نے سیکٹر 31 سے مبینہ مقابلے کے دوران اسٹریٹ کرائم کا اہم ملزم ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ ملزم کی شناخت ظہور احمد کے نام سے ہوئی ہے، جسے زخمی حالت میں جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق، گرفتار ملزم سے اسلحہ، چھینے گئے موبائل فون، نقدی اور ایک موٹر سائیکل بھی برآمد کی گئی۔ ایس ایس پی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

لاہور، ماں کے علاج کیلئے اسپتال آنیوالا بچہ کرنٹ لگنے سے جاں بحق

بچے کے والد نے مقدمے کے اندراج کے لیے تھانہ شاہدرہ میں درخواست دائر کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور کے ٹیچنگ اسپتال میں والد کے ساتھ والدہ کا علاج کرانے کے لیے آنے والا بچہ کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہو گیا۔ بچے کے والد نے مقدمے کے اندراج کے لیے تھانہ شاہدرہ میں درخواست دائر کر دی ہے۔ شہری کے مطابق اسپتال کے گراؤنڈ میں بیٹے کو کرنٹ لگا جس کے بعد ایمرجنسی میں ڈاکٹرز نے توجہ نہیں دی جس سے بچے کی موت واقع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

آل پاکستان انجمن تاجران کا بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا خیر مقدم

سالانہ 600 ارب کی بجلی چوری پر بھی قابو، ٹیکسز کی شرح بھی کم کی جائے' مرکزی صدر اشرف بھٹی

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے وزیر اعظم کی جانب سے بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ سخت اقدامات کے ذریعے سالانہ 600 ارب روپے کی بجلی چوری پر بھی قابو پایا جائے، امید ہے حکومت مرحلہ وار ٹیکسز کی شرح میں بھی کمی کرے گی۔ اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

رواں مالی سال چاول کی برآمدات میں غیر معمولی اضافہ

مکوآنہ (این این آئی) رواں مالی سال کے 8 ماہ میں چاول کی برآمدات گزشتہ مالی سال کی برآمدات سے تجاوز کر گئیں۔ رواں مالی سال کے 8 ماہ میں چاول کی برآمدات میں 54 فی صد اضافہ ہوا، رواں مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں چاول کی برآمدات 2 ارب 51 کروڑ ڈالر رہیں، گزشتہ مالی سال پاکستان نے 2 ارب 10 کروڑ ڈالر کا چاول برآمد کیا تھا۔ رواں مالی سال کے 8 ماہ میں چاول (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

بلوچستان میں رواں سال کا کانگو کا پہلا کیس رپورٹ

18 سالہ متاثرہ مریض کا تعلق پشین سے تھا، تشویش ناک حالت میں اسے اسپتال لایا گیا تھا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں رواں سال کا کانگو وائرس کا پہلا کیس رپورٹ ہوا ہے۔ کوئٹہ کے فاطمہ جناح اسپتال کی انتظامیہ کے مطابق رواں سال کے دوران اب تک کانگو وائرس کا ایک کیس رجسٹرڈ ہوا ہے۔ کانگو وائرس سے 18 سالہ متاثرہ مریض کا تعلق بلوچستان کے ضلع پشین سے تھا اور مارچ کے آخری ہفتے کے دوران تشویش ناک حالت میں اسے اسپتال لایا گیا تھا تاہم وہ 3 روز کے بعد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

لیہ: ڈپٹی کمشنر امیرہ بیدار گندم کے کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی کیلئے پلاٹس کی کٹائی کی قرعہ اندازی کر رہی ہیں

گریڈ 19 کے ریلوے کمرشل آفیسر طارق لطیف کی گریڈ 21 کے آفیسر اے جی ایم مکینکل راحت مرزا سے بدتمیزی

لاہور (خبر نگار) وزارت ریلوے نے ڈیپوٹیشن سے واپس آئے گریڈ 19 کے ریلوے کمرشل آفیسر طارق لطیف کی جانب سے مبینہ طور پر گریڈ 21 کے ایڈیشنل جنرل منیجر (اے جی ایم) مکینکل راحت مرزا کے دفتر ریلوے ہیڈ کوارٹر لاہور میں گھس کر ان سے دست و گریبان ہونے اور گالم گلوچ کرنے کے معاملہ کا سخت نوٹس لیتے ہوئے واقع کی تحقیقات آئی جی ریلوے پولیس رائے طاہر کے سپرد کرتے ہوئے انہیں تین دن میں غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے رپورٹ وزارت ریلوے کو بھجوانے کی ہدایت کر دی ہے، واضح ہو کہ عید سے قبل 29 مارچ کو ڈیپوٹیشن سے واپس آنے والی گریڈ 19 کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

30 سالہ خاتون نے گھریلو حالات سے دلبرداشتہ ہو کر خودکشی کر لی

مختلف علاقوں سے تین نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد، مردہ خانے منتقل کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) شہر میں خودکشی سمیت مختلف واقعات میں 4 افراد جاں بحق ہو گئے۔ غازی آباد کے علاقہ تاجپورہ میں 30 سالہ خاتون نے گلے میں پھندہ لے کر خودکشی کی، 30 سالہ خاتون ناصرہ نے گھریلو حالات سے دلبرداشتہ ہو کر گلے میں پھندہ ڈال کر زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ نواب ٹاؤن کے علاقہ سے 45 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ،فیکٹری ایریا غازی روڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

لاہور: خطیب بادشاہی مسجد مولانا عبدالخبیر آزاد عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

انسداد بجلی چوری مہم، بجلی چوروں سے 151 ارب سے زائد وصول

ملک بھر سے مجموعی طور پر ایک لاکھ 16 ہزار بجلی چوروں کو گرفتار کر لیا گیا

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں معیشت کی بحالی کیلئے انسداد بجلی چوری مہم کامیابی کے ساتھ جاری ہے اور مہم کے دوران بجلی چوروں سے اب تک 151 ارب روپے سے زائد وصول کیے گئے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق اب تک مجموعی طور پر ایک لاکھ 16 ہزار سے زائد بجلی چوروں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کے نتیجے میں اب تک 151 ارب 85 کروڑ روپے سے زائد وصول کر لیے گئے۔ گزشتہ ہفتے ملک بھر سے بجلی چوروں سے 80 کروڑ سے زائد رقم وصول کیے گئے جبکہ 138 بجلی چور گرفتار کر لیے گئے۔ متعلقہ ادارے ملک بھر سے بجلی چوروں کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں جاری رکھنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

پنجاب چیریٹیز کمیشن کیلئے نئے کمشنرز کی تعیناتی کی منظوری

ڈاکٹر اسامہ صدیقی کی بطور کمشنر دوبارہ تعیناتی کی تجویز دی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب چیریٹیز کمیشن کیلئے نئے کمشنرز کی تعیناتی کی منظوری دیدی گئی۔ اسد اللہ خان کو دوبارہ 2 سالہ مدت کے لئے کمشنر پنجاب چیریٹیز کمیشن تعینات کرنے کی منظوری دیدی گئی۔ ڈاکٹر اسامہ صدیقی کی بطور کمشنر دوبارہ تعیناتی کی تجویز دی گئی، ڈاکٹر اسامہ صدیقی کی پہلی مدت 20 دسمبر 2024ء کو مکمل ہوئی۔ سیکرٹری داخلہ کو محمد غوری قریشی کے متبادل کمشنر تعینات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

مولانا فضل الرحمٰن کی کردار کشی کرنے والے اپنا گریبان جھانکیں' جے یو آئی

مولانا فضل الرحمٰن کروڑوں دلوں کی دھڑکن ہیں، قبلہ درست نہ کیا گیا تو سخت ردعمل دینگے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن کی کردار کشی کرنے والے اپنا گریبان جھانکیں۔ جے یو آئی نے ملک میں نہ تو کبھی فسادات اور انتشاری سیاست کی اور نہ ہی کبھی کسی کی پگڑی اچھالی۔ مولانا فضل الرحمٰن کروڑوں دلوں کی دھڑکن ہیں، قبلہ درست نہ کیا گیا تو سخت ردعمل دیں گے۔ مولانا فضل الرحمٰن پاکستانی سیاست میں ایک بڑی حقیقت ہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

یمنی شہری کی اپنے بچے کے سامنے بھوک سے مرنے کی ویڈیو نے ہلا کر رکھ دیا

چار بچوں کا باپ اس شہر میں مشکل مالی حالات میں رہ رہا تھا جہاں سے حوثی گروپ سالانہ اربوں کماتا ہے، رپورٹ

صنعا (این این آئی) ایک یمنی شہری کی اپنے بچے کے سامنے بھوک سے مرنے کی ایک المناک ویڈیو نے لوگوں کو رنجیدہ کر دیا۔ ویڈیو میں دکھایا گیا کہ بھوک سے نڈھال یمنی شہری نے اپنی آخری سانس شہراب کے ایک فٹ پاتھ پر لی۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ دردناک واقعہ ایک ایسے ایسے شہر میں پیش آیا ہے جہاں سے حوثی گروپ سالانہ اربوں ریال کماتا ہے۔ یمنی کارکنوں نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹس پر یاسر احمد البکار نام کے شہری کی تصاویر پھیلا دی گئیں۔ البکار کی روح اس وقت پرواز کر گئی جب وہ شہراب کے شمال مغرب میں واقع المعاین کے علاقے میں فٹ پاتھ پر تھا۔ اس کے سامنے روٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

فیصل آباد: چیئرمین اخوت فاؤنڈیشن امجد ثاقب ماڈل بازار میں جلنے والی دکانوں کے مالکان کو امدادی چیک دے رہے ہیں

پنجاب میں عوام کا بی ایل اے کی لسانی بنیادوں پر دہشتگردی کیخلاف احتجاج

مظاہرین کا مہرنگ لانگو اور اختر مینگل کو کیفر کردار تک پہنچانے کا مطالبہ

ملتان، بہاولپور، گجرانوالہ (این این آئی) پنجاب کے مختلف اضلاع میں عوام نے بی ایل اے کی لسانی بنیادوں پر دہشت گردی کے خلاف احتجاج کیا۔ بلوچستان میں بی ایل اے کی حالیہ دہشت گردی اور مہرنگ لانگو سمیت اختر مینگل کی مجرمانہ خاموشی پر بہاولپور کی عوام سڑکوں پر نکل آئی۔ گجرانوالہ میں عوام مہرنگ لانگو اور اختر مینگل کی منافقت کے خلاف کھل کر بول پڑے، نفرت پھیلانے اور پاکستان کے اتحاد کو کمزور کرنے کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کر دیا۔ ہارون آباد میں عوام بلوچستان میں دہشت گرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف سراپا احتجاج اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کیجیے۔ صوبائیت کے نعروں کو ختم کیا جائے کیونکہ سب سے پہلے پاکستان ہے۔ بہاولنگر کے عوام نہتے مزدوروں کے قتل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

لاہور' پانی ضائع ہونے پر ہاؤسنگ سوسائٹیوں کیخلاف کارروائی کا حکم

ہائی کورٹ نے پانی ضائع کرنے والی ہاؤسنگ سوسائٹیز پر 5 لاکھ روپے تک جرمانہ کرنے کا حکم دے دیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے پانی ضائع ہونے پر ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے خلاف کارروائی کا حکم دے دیا۔ اسموگ کے تدارک کے لیے موثر اقدامات نہ کرنے کے خلاف درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ دوران سماعت جسٹس شاہد کریم نے کہا کہ پانی ضائع کرنے والی سوسائٹیز کے دفاتر سیل اور مقدمات درج کیے جائیں۔ لاہور ہائی کورٹ نے پانی ضائع کرنے والی ہاؤسنگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

شہریوں کی فائرنگ سے زخمی ڈاکوؤں کا کریڈٹ پولیس اپنے نام کرنے پر تل گئی

ڈاکوؤں کو قائد آباد میں تعاقب کر کے پکڑنے کی کوشش کی تھی ہاتھ نہ آنے پر فائرنگ کر کے زخمی کر دیا تھا

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں شہریوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے 2 ڈاکوؤں کو پولیس نے حراست میں لینے کے چند گھنٹوں بعد پولیس مقابلہ ظاہر کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق شاہ لطیف تھانے کی حدود قائد آباد سویڈش کالج کے قریب جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب موٹر سائیکل سوار 2 ڈاکو شہریوں سے لوٹ مار کر کے فرار ہو رہے تھے کہ عوام نے ملزمان کا تعاقب کیا۔ ملزمان کے ہاتھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

لیہ: سینئر ہیڈ مسٹریس شاہینہ فرید ملغانی کا گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ٹی ڈی اے کالونی کے رزلٹ ڈے کے موقع پر طالبات کیساتھ گروپ فوٹو

پی ٹی آئی کو بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کرنا ہوگا، مسرت چیمہ

سوچے سمجھے منصوبے کے تحت پی ٹی آئی میں پھوٹ ڈلوانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں' پی ٹی آئی کی ہر سطح کی قیادت کو چوکنا رہنا ہوگا

بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کرنا ہوگا، بانی پی ٹی آئی نے جسے جو ذمہ داری سونپی ہے وہ اسے ایمانداری کے ساتھ سرانجام دے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ حکمران سوچے سمجھے منصوبے کے تحت پی ٹی آئی میں پھوٹ ڈلوانے کے لئے کوشاں ہیں اس لئے پی ٹی آئی کی ہر سطح کی قیادت کو چوکنا رہنا ہوگا اور اپنی آنکھیں اور کان کھلے رکھنا ہوں گے، پی ٹی آئی کو آج بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کرنا ہوگا تبھی سازشی عناصر کی چالیں ناکام ہوں گی۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پی ٹی آئی رہنماؤں کو ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

لاہور: شہری بوہڑ والا چوک میں لنڈا بازار سے جوتے خرید رہے ہیں

سرگودھا، دریائے چناب پل کے قریب تیز رفتار کار الٹ جانے سے 2 افراد جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے قریب قومی شاہراہ موٹروے ایم 2 پر دریائے چناب پل کے قریب تیز رفتار کار الٹ جانے سے اس میں سوار دو افراد جاں بحق اور چار افراد شدید زخمی ہو گئے جن کو ریسکیو کر کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق قومی شاہراہ موٹروے ایم 2 پر چکوال سے لاہور جانے والی کار جی ایل آئی سرگودھا کے علاقہ دریائے چناب پل کے قریب تیز رفتاری کے باعث بے قابو ہو کر الٹ گئی جس کے نتیجہ میں 2 افراد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

ڈسٹرکٹ بار فیصل آباد نے احاطہ کچہری اور سیشن کورٹس میں اسلحے کی نمائش اور پرائیویٹ سیکیورٹی گارڈز کے داخلے پر پابندی عائد

مکوآنہ (این این آئی) ڈسٹرکٹ بار فیصل آباد نے احاطہ کچہری اور سیشن کورٹس میں اسلحے کی نمائش اور پرائیویٹ سیکیورٹی گارڈز کے داخلے پر پابندی عائد کر کے طویل عرصے بعد کوئی عقل و دانش پر مبنی فیصلہ کیا ہے جس پر ڈسٹرکٹ بار کے صدر رائے سیف الرحمٰن بھٹی خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ اس سے قبل چند تو دو تیتے اور غیر پروفیشنل وکیل ڈسٹرکٹ بار کے صدر بن کر خود اس کلچر کو پرموٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

مسلمانوں کو ہمدردی کا جذبہ رمضان کے بعد بھی جاری رکھنا چاہیے' جے یو آئی (س)

رمضان گزر جانے کے بعد بھی غربا پر ترس، پریشان حال لوگوں سے حسن سلوک کی کوشش کی جانی چاہیے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) پنجاب کے امیر پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، مرکزی سالار و امیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین، ناظم اعلیٰ لاہور مولانا طیب عثمان الحسینی، سیکرٹری اطلاعات لاہور قاری رحمت اللہ لاشاری، پیر اکبر ساقی، مولانا عرفان شاکر، مولانا عبد الجبار، مولانا عبیداللہ بھکروی، مولانا صلاح الدین ایوبی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مسلمانوں کو ہمدردی کا جذبہ رمضان کے بعد بھی جاری رکھنا چاہئے، رمضان المبارک محتاجوں مسکینوں اور غریبوں کے ساتھ ہمدردی کے اظہار کرنے کا عملی مہینہ ہیں، رمضان گزر جانے کے بعد بھی غربا پر ترس، پریشان حال لوگوں سے حسن سلوک کی کوشش کی جانی چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک اپنی تمام تر رحمتوں اور برکتوں کے ساتھ آیا اور بڑی تیزی سے ہمارے درمیان سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

ڈیرہ غازی خان: کمشنر اشفاق احمد چوہدری ای خدمت مرکز کے متعلق اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

ٹیکس محصولات کا ہدف زمینی حقائق کو پیش نظر رکھ کر مقرر کرے' لاہور ٹیکس بار

ایف بی آر کے سٹرکچر میں بے پناہ خامیاں ہیں' صدر شہباز صدیق، جنرل سیکرٹری انیب انصاری

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ حکومت کو آئندہ مالی سال کے لئے ٹیکس محصولات کا ہدف زمینی حقائق کو پیش نظر رکھ کر مقرر کرنا ہوگا، آئی ایم ایف کی شرائط کی وجہ سے حکومت اور معیشت دباؤ کا شکار رہے گی۔ لاہور ٹیکس بار کے صدر شہباز صدیق، جنرل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

رواں سیزن پنجاب میں 35 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر کپاس کاشت جائے گی، سیکرٹری زراعت پنجاب

مکوآنہ (این این آئی) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ کپاس کی کاشت کا پہلا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے۔ ملکی تاریخ میں پہلی بار کپاس کی اگیتی کاشت کی مہم چلائی گئی جس کے حوصلہ افزا نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کپاس کی کاشت بارے جاری مہم کے سلسلہ میں محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

کوئٹہ سے کراچی کیلئے بولان میل کی روانگی آج بھی نہیں ہوئی

کوئٹہ تا کراچی ٹرین سروس کی بحالی نہ ہونے سے بذریعہ ٹرین سفر کرنے والوں کو پریشانی کا سامنا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سے کراچی کے لیے بولان میل کی روانگی آج بھی نہیں ہو سکی۔ ریلوے حکام کے مطابق کوئٹہ سے کراچی کے لیے بولان میل کی روانگی تا حال نہیں ہوئی ہے۔ کوئٹہ سے کراچی جانے والی بولان میل 11 مارچ سے ٹرین حملے کے بعد سے معطل ہے۔ کوئٹہ تا کراچی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

لاہور: الخدمت فاؤنڈیشن کے تحت رضا کاروں کو ہنگامی حالات سے نمٹنے کی تربیت دی جا رہی ہے

کینٹ بورڈ کراچی کے 42 سالہ ملازم کو سرگودھا سے اغوا کر لیا گیا

سرگودھا (این این آئی) کینٹ بورڈ کراچی کے 42 سالہ ملازم کو سرگودھا سے اغوا کر لیا گیا جس کا پولیس نے مقدمہ مغوی اور ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ ننگ کے محلہ بجلی گھر کا 42 سالہ مدثر حسین کینٹ بورڈ کراچی میں ملازم اور عید کرنے گھر آیا تھا کہ اسے نامعلوم افراد نے اغوا کر لیا جس کے بھائی مبشر حسین کی مدعیت میں تھانہ ترکھانوالہ پولیس نے زیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

KPK محکمہ صحت کا کروڑوں روپے مالیت کا ٹینڈر کالعدم قرار

بلیک لسٹ کمپنی کو نوازنا انسانی زندگیوں سے کھیلنے کے مترادف' پشاور ہائی کورٹ نے ٹینڈر کو مخصوص کمپنی کو فائدہ پہنچانے کی منظم کوشش قرار دیا

پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس ارشد علی اور جسٹس خورشید اقبال نے خیبر پختونخوا میں ادویات خریداری ٹینڈر کیس پر حکم نامہ جاری کر دیا

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا محکمہ صحت کا کروڑوں روپے مالیت کا ٹینڈر کالعدم قرار دیتے ہوئے حکم نامہ جاری کر دیا جبکہ حکمنامے کے مطابق عدالت نے ٹینڈر کو مخصوص کمپنی کو فائدہ پہنچانے کی منظم کوشش قرار دیا۔ پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس ارشد علی اور جسٹس خورشید اقبال نے خیبر پختونخوا میں ادویات خریداری ٹینڈر کیس پر حکم نامہ جاری کر دیا۔ کیس کی سماعت کے دوران وکیل درخواست گزار شمائل احمد بٹ نے عدالت کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

لاہور: قلی ریلوے اسٹیشن کے باہر مسافروں کا سامان اٹھا رہے ہیں

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ابا سین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور